# ریاضی

4

چوتھی جماعت کے لیے




سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جامشورو

طبع کنندہ

www.perfect24u.com

جملہ حقوق بحق سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جامشورو سندھ محفوظ ہیں۔

تیار کردہ: سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جامشورو

منظور کردہ: بیورو آف کیوریکیولم اینڈ ایکسٹینشن ونگ سندھ، جامشورو
ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈپارٹمنٹ
صوبہ سندھ کے اردو میڈیم اسکولوں کے لئے واحد درسی کتاب کے طور پر
نوٹیفیکیشن نمبر SO.(G-I) E&L/Curriculum-2014 بتاریخ 27-3-2014 کو شائع کی گئی۔

نظر ثانی شدہ: پراونشل رویو کمیٹی آف ٹیکسٹ بک، بیورو آف کیوریکیولم اینڈ ایکسٹینشن ونگ سندھ، جامشورو

نگرانِ اعلیٰ: **پرویز احمد بلوچ** (چیئرمین سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جامشورو، سندھ)

مصنفین:
- ارجن لعل ایس۔ سدھریا
- محمد سائم حنیف
- پروفیسر اعجاز علی صبحپوٹو
- اسماء بھٹی
- عطیہ تبسم بھٹو
- سعدیہ سائم

پراونشل ریویو کمیٹی:
- محمد صغیر شیخ
- شفیق احمد میمن
- آفتاب علی
- ماجدہ سومرو
- ہارون لغاری
- نذیر احمد میمن
- سید آفاق احمد
- عطیہ تبسم بھٹو
- محمد یوسف جمالی
- نذیر احمد شیخ

مدیر:
- ارجن لعل ایس۔ سدھریا
- عطیہ تبسم بھٹو

مترجم:
- محمد صغیر شیخ

کوآرڈینیٹر:
- نذیر احمد شیخ
- میر سرفراز خلیل ساند

کمپوزنگ و لے آوٹ ڈیزائننگ:
- بختیار احمد بھٹو - حیدر آباد

طباعت:

www.perfect24u.com

# فہرست


| یونٹ | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 1 | اعداد اور الجبری عوامل | 1 |
| 2 | اجزائے ضربی اور عاد | 25 |
| 3 | کسور | 45 |
| 4 | اعشاریہ اور کسور | 69 |
| 5 | پیمائش | 88 |
| 6 | جیومیٹری | 113 |
| 7 | معلومات داری | 144 |
| 8 | فرہنگ اصطلاحات | 155 |
| 9 | جوابات | 158 |


www.perfect24u.com

# پیش لفظ

سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ ایک ایسا تعلیمی ادارہ ہے جس کا فریضہ درسی کتب کی تیاری و اشاعت ہے۔اس کا اولین مقصد ایسی درسی کتب کی تیاری وفراہمی ہے جو نسل نو کو شعور آگہی اور ایسی صلاحیت بخشیں جن کے ذریعے وہ اسلام کے آفاقی نظریات، بھائی چارے، اسلام کے کارناموں اور اپنے ثقافتی ورثہ و روایات کی پاسداری کرتے ہوئے دورِ جدید کے نت نئے سائنسی، تکنیکی اور معاشرتی تقاضوں کا مقابلہ کر کے کامیاب زندگی گزار سکیں۔

اس اعلیٰ مقصد کی تکمیل کی غرض سے اہلِ علم، ماہرین مضامین، مدرسین کرام اور مخلص احباب کی ایک ٹیم ہر چار سمت سے حاصل ہونے والی تجاویز کی روشنی میں درسی کتب کے معیار، جائزے اور ان کی اصلاح کے لیے ہمارے ساتھ فہم مصروفِ عمل ہے۔

ہمارے ماہرین اور اشاعتی عملے کے لیے اپنے مطلوبہ مقاصد کا حصول اسی صورت میں ممکن ہے کہ ان کتب سے اساتذہ کرام اور طلبہ و طالبات کما حقہ استفادہ کریں۔علاوہ ازیں ان کی تجاویز و آراء ان کتب کے معیار کو مزید بہتر بنانے میں ہمارے مُمِدّ و مُعاون ثابت ہوں گی۔

چیئرمین

سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جامشورو، سندھ

www.perfect24u.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یونٹ 1

# اعداد اور الجبری عوامل

## 1.1 اعداد

گذشتہ جماعت میں آپ چیزوں کو گننا اور سو ہزار تک اعداد کو مقامی قیمت کے تحت لکھنا سیکھ چکے ہیں۔ آیئے اُسے دہراتے ہیں۔

**مثال 1:** عدد "پانچ سو بتیس ہزار اور دو سو اکاون" کو ہندسی علامات میں اس طرح لکھتے ہیں:

| سوہزار | دس ہزار | ہزار | سینکڑا | دہائی | اکائی |
|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 3 | 2 | 2 | 5 | 1 |

اسے بال فریم میں اس طرح ظاہر کریں گے:




پس:

$500,000 + 30,000 + 2,000 + 200 + 50 + 1 = \boxed{532251}$

### مشق 1.1

**1** ذیل کے اعداد کو ہندسوں میں لکھیں۔

(i) چار ہزار چھ سو بیانوے　　(ii) انہتر ہزار اور چار سو سات

(iii) چار سو چھپن ہزار نو سو چھبیس　　(iv) ستر سو ہزار

(v) نو سو دو ہزار بیالیس　　(vi) سات سو انیتس ہزار چھ

**2** ذیل کے اعداد کو عبارت میں لکھیں۔

(i) 2,561　　(ii) 34,561　　(iii) 56,081

(iv) 92,000　　(v) 245,612　　(vi) 349,650

www.perfect24u.com

## ایک ہزار ملین تک ہندسوں کی مقامی قیمت کی پہچان۔

### ملین میں مقامی قیمت کا چارٹ۔

ہم جانتے ہیں کہ سات ہندسوں پر مشتمل سب سے چھوٹا عدد ایک ملین 1,000,000 ہے۔

1,000,000 کے لئے مقامی قیمت کا چارٹ

| ملین | سو ہزار | دس ہزا | ہزار | سینکڑا | دہائی | اکائی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |

### دس ملین کی مقامی قیمت کا چارٹ لکھنا۔

سات ہندسوں پر مشتمل سب سے بڑا عدد 9,999,999 ہے۔

"نو ملین نو سو ننانوے ہزار اور نو سو ننانوے"

جب ہم 9,999,999 میں 1 جمع کرتے ہیں تو یہ 10,000,000 ہو جاتا ہے۔ لہٰذا 9,999,999 کے بعد عدد 10،000،000 آتا ہے۔ اسے ہم "دس ملین" پڑھتے ہیں۔

لہٰذا $9,999,999 + 1 = 10,000,000$

10,000,000 کے لئے مقامی قیمت کا چارٹ ہے۔

| دس ملین | ملین | سو ہزار | دس ہزا | ہزار | سینکڑا | دہائی | اکائی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |

### ایک سو ملین کے لئے مقامی قیمت کا چارٹ

آٹھ ہندسوں پر مشتمل بڑے سے بڑا عدد 99,999,999 ہے۔

اسے ہم "ننانوے ملین، نو سو ننانوے ہزار، نو سو ننانوے" پڑھیں گے۔

جب ہم 99,999,999 میں 1 جمع کرتے ہیں تو یہ 100,000,000 ہو جاتا ہے۔ لہٰذا 99,999,999 کے بعد عدد 100,000,000 آتا ہے۔ ہم اسے ایک سو ملین پڑھتے ہیں۔ لہٰذا: $99,999,999 + 1 = 100,000,000$

www.perfect24u.com

100,000,000 کی مقامی قیمت کا چارٹ

| سو ملین | دس ملین | ملین | سو ہزار | دس ہزار | ہزار | سینکڑا | دہائی | اکائی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |

بال فریم پر اس عدد کو ایسے ظاہر کر سکتے ہیں:




**مثال 1:** عدد 46,789 5 2 میں رنگین ہندسہ کی مقامی قیمت کیا ہے؟

ہندسوں کو ان کی مقامی قیمت کے مقام پر لکھتے ہیں۔

| ملین | سو ہزار | دس ہزار | ہزار | سینکڑا | دہائی | اکائی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | 5 | 4 | 6 | 7 | 8 | 9 |

5 سو ہزار کے مقام پر ہے اس لئے 5 کی مقامی قیمت ہے: 5x100,000

**مثال 2:** عدد 37،209،854 میں ہر ہندسہ کی مقامی قیمت لکھیں۔

| دس ملین | ملین | سو ہزار | دس ہزار | ہزار | سینکڑا | دہائی | اکائی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 3 | 7 | 2 | 0 | 9 | 8 | 5 | 4 |

3 کی مقامی قیمت 3 دس ملین ہے۔ **$3\times10,000,000 = 30,000,000$**

7 کی مقامی قیمت 7 ملین ہے۔ **$7\times1,000,000 = 7,000,000$**

2 کی مقامی قیمت 2 سو ہزار ہے۔ **$2\times100,000 = 200,000$**

0 کی مقامی قیمت دس ہزار ہے۔ **$0\times10,000 = 00000$**

9 کی مقامی قیمت 9 ہزار ہے۔ **$9\times1,000 = 9,000$**

8 کی مقامی قیمت 8 سو ہے۔ **$8\times100 = 800$**

5 کی مقامی قیمت 5 دہائی ہے۔ **$5\times10 = 50$**

4 کی مقامی قیمت 4 اکائی ہے۔ **$4\times1 = 4$**

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد مقامی قیمت تختہ سیاہ کی مدد سے بال فریم پر مثالیں لے کر واضح کرے۔

www.perfect24u.com

## مشق 1.2

**1** ذیل کے اعداد میں رنگین ہندسوں کی مقامی قیمت کیا ہے؟

(i) 1 2,345,678 (ii) 5 8,923,107
(iii) 1 00,000,000 (iv) 23, 9 64,579
(v) 2 5 ,960, 2 38 (vi) 9 ,62 1 ,382
(vii) 8, 9 9 8 ,776 (viii) 7 6 ,905,851

**2** ذیل میں دیے گئے اعداد کے ہر ہندسہ کی مقامی قیمت لکھیں۔

(i) 9,234,513 (ii) 50,120,306
(iii) 3,567,899 (iv) 36,564, 396

### ایک ہزار ملین تک اعداد پڑھنا اور لکھنا

بین الاقوامی عددی نظام میں اعداد کو گروہ میں لکھتے ہیں۔ ہر گروہ تین ہندسوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

گروہوں اور مقامی قیمت کا چارٹ

| اکائیاں | | | ہزار | | | ملین | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکائی | دہائی | سینکڑا | ہزار | دس ہزار | سو ہزار | ملین | دس ملین | سو ملین |

نوٹ: کسی بھی عدد کو پڑھتے ہوئے اکائی کے گروہ کے علاوہ اس گروہ کے تمام ہندسوں کو ملا کر پڑھتے ہیں۔ ہندسوں کے ہر گروہ کو ',' سے الگ کرتے ہیں۔

عدد 24,567,189 کو پڑھنا اور لکھنا۔

| اکائیاں | ہزار | ملین |
|---|---|---|
| 189 | 567 | 24 |

189 567 24

لفظوں میں



**مثال 1:** ذیل کے اعداد کو پڑھیں اور پھر انہیں عبارت میں لکھیں:

(i) 3,671,289 (ii) 45,612,378 (iii) 10,202,000

**حل:**

| | |
|---|---|
| تین ملین، چھ سو اکہتر ہزار اور دو سو نواسی | (i) 3,671,289 |
| پینتالیس ملین، چھ سو بارہ ہزار اور تین سو اٹھہتر | (ii) 45,612,378 |
| ایک سو دو ملین اور دو ہزار | (iii) 102,002,000 |

**مثال 2:** ایک ملین سے ایک ملین پندرہ تک اعداد لکھیں۔

**حل:**

1,000,001, 1,000,002, 1,000,003, 1,000,004, 1,000,005,
1,000,006, 1,000,007, 1,000,008, 1,000,009, 1,000,010,
1,000,011, 1000,012 , 1,000,013, 1,000,014, 1,000,015.

### ایک سو ملین تک کے اعداد کی شناخت کرنا

نو ہندسوں پر مشتمل اعداد سو ملین کو ظاہر کرتے ہیں۔ مثلاً:
700,000,000، 850,000,000 اور 710,999,999 کو بالترتیب سات سو ملین، آٹھ سو پچاس ملین اور سات سو دس ملین، نو سو ننانوے ہزار اور نو سو ننانوے پڑھیں گے۔

100,000,000 کو ایک سو ملین پڑھتے ہیں۔ یہ 9 ہندسوں پر مشتمل سب سے چھوٹا عدد ہے۔

**مثال 1:** 53,816,432 کو تشریح کر کے لکھیں۔

**50,000,000 + 3,000,000 + 800,000 + 10,000 + 6000 + 400 + 30 + 2**

یا 5 دس ملین + 3 ملین + 8 سو ہزار + 1 دس ہزار + 6 ہزار + 4 سو +
3 دہائیاں + 2 اکائیاں

ہم اسے ترپن ملین، آٹھ سو سولہ ہزار اور چار سو بتیس پڑھتے ہیں۔

www.perfect24u.com

**مثال 2:**

ذیل کے اعداد میں سے ملین، دس ملین اور ہزار ملین کو ظاہر کرنے والے اعداد الگ کریں۔

21,045,678, 100,000,000, 4,234,566, 2,005,127, 55,566,677

**حل:**

| ملین | دس ملین | ہزار ملین |
|---|---|---|
| 4,234,566 | 21,045,678 | 100,000,000 |
| 2,005,127 | 55,566,677 | — |

## مشق 1.3

**1** ذیل کے اعداد پڑھیں اور عبارت میں لکھیں۔

(i) 241,935 (ii) 4,312,687 (iii) 5,000,000
(iv) 25,134,564 (v) 100,000,000 (vi) 9,264,387
(vii) 50,001,000 (viii) 4,109,200 (ix) 99,990,090

**2** ذیل کے اعداد ہندسوں میں لکھیں۔

(i) دو ملین، نوے ہزار اور اڑسٹھ
(ii) تیس ملین، چھ سو ہزار اور پینتالیس
(iii) ایک سو ملین
(iv) بیس ملین اور بیس
(v) نوے ملین اور سڑسٹھ ہزار

**3** دو ملین تا دو ملین بیس تک کے اعداد کو ہندسوں میں لکھیں۔

**4** خالی جگہوں میں اگلے اعداد لکھیں۔

(i) 2,450,761, 2,451 761, 2,452,761, ____, ____, ____,
(ii) 7,000,300, 7,000,400, 7,000,500, ____, ____, ____,
(iii) 67,213,415, 67,223,415, 67,233,415, ____, ____, ____,

**5** ذیل میں سے ملین، دس ملین اور ہزار ملین ظاہر کرنے والے اعداد الگ کر کے لکھیں۔

2,456,178, 22,233,341, 1,000,000, 10,000,000,
100,000,000, 2,561,000 اور 20,001,010

www.perfect24u.com

## 8 - ہندسی اعداد کا موازنہ کرنا اور ترتیب میں لکھنا

ہم اعداد کا مقابلہ کرنے کے اصول سے واقف ہیں۔ اسے دہراتے ہیں۔

> **قانون 1:** جب ہم دو اعداد کا موازنہ کریں گے تو جس عدد کے ہندسوں کی تعداد کم ہو گی، وہ ہمیشہ چھوٹا ہو گا اور جس عدد کے ہندسوں کی تعداد زیادہ ہو گی وہ ہمیشہ بڑا ہو گا

**مثال** ذیل کے اعداد کا موازنہ کریں۔

(i) 92,315,612 اور 3,456,712 (ii) 9,999,999 اور 60،123،000

**حل:**

(i) 3,456,712 < 92,315,612 کیونکہ 3,456,712 کے ہندسوں کی تعداد کم ہے۔

(ii) 60,123,000 > 9,999,999 کیونکہ 61,132,000 کے ہندسوں کی تعداد زیادہ ہے۔

> **قانون 2:** اگر دو اعداد کی ہر مقامی قیمت پر ایک جیسے ہندسے ہوں تو وہ اعداد باہم برابر ہوں گے۔

**مثال** اعداد 2,456,127 اور 2,456,127 کا موازنہ کریں۔

**حل:** 2,456,127 = 2,456,127

- دونوں اعداد ایک جتنے ہندسوں پر مشتمل ہیں۔
- ہر عدد کے ہندسوں کو ان کی مقامی قیمت کے مطابق لکھیں۔
- دونوں اعداد کی مقامی قیمت پر ایک ہی جیسے ہندسے موجود ہیں۔

لہٰذا: **2,456,127 = 2,456,127**

> **قانون 3:** اگر دو اعداد کے ہندسوں کی تعداد برابر ہو تو ہم سب سے بڑی مقامی قیمت والے ہندسوں کا موازنہ کرتے ہیں۔

**مثال** اعداد 24,513,105 اور 24,367,999 کا موازنہ کریں۔

**حل:** دونوں اعداد 8 ہندسی ہیں۔

اوپر دی گئی مثال کے مطابق طریقہ:

- ہم پہلے بڑی مقامی قیمت والے ہندسوں کا موازنہ کرتے ہیں۔

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد اعداد کے موازنہ کی مشق روزانہ کے اصول کے استعمال کے ساتھ کرانے کے لئے اور بھی مثالیں دیں۔

www.perfect24u.com

- یہاں دونوں اعداد کے ملین تک ہندسے 24 ہیں جو کہ باہم برابر ہیں۔
- ہم اگلے سو ہزار کے ہندسوں کا موازنہ کرتے ہیں۔
- یہاں 3 > 5 (سو ہزار کا ہندسہ)

لہٰذا $24,513,105 > 24,367,999$

### اعداد کو ترتیب میں لکھنا۔

**مثال** 5,767,237، 90,000,000، 341,267، 5,671,231 کو نزولی و صعودی ترتیب میں لکھیں۔

**حل:** اعداد کو باہم موازنہ کرنے کے اصول کے تحت

نزولی ترتیب

341,267، 5,671,231، 5,767,237، 90,000,000

صعودی ترتیب

90,000,000، 5,767,237، 5,671,231، 341,267

## مشق 1.4

**1** ذیل کے اعداد کا موازنہ '>'، '<' اور '=' علامات استعمال کر کے کریں۔

(i) 345,912 اور 52,001,000
(ii) 24,345,611 اور 2,456,123
(iii) 8,567,001 اور 7,123,400
(iv) 92,315,617 اور 92,333,444
(v) 24,000,005 اور 24,000,008

**2** ذیل کے اعداد کو ترتیب نزولی و صعودی میں لکھیں۔

(i) 3,174,215, 3,741,512, 3,076,005
(ii) 95,123,415, 95,312,415, 95,113,417
(iii) 59,178,215, 59,296,712, 52,111,222, 58,110,176
(iv) 14,111,920, 14,160,000, 13,200,415, 13,100,219

www.perfect24u.com

## 1.2 جمع کا عمل

### 6 ہندسی اعداد کو جمع کریں

ہم تیسری جماعت میں 4 ہندسی اعداد کو جمع کرنا سیکھ چکے ہیں۔

**مثال 1:** 8420 اور 3910 کو جمع کریں۔

حل:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ①8 | 4 | 2 | 0 |
| + | 3 | 9 | 1 | 0 |
| 1 | 2 | 3 | 3 | 0 |

مجموعہ: 12330

لہٰذا $8,420 + 3,910 = 12,330$

**مثال 2:** 45093 اور 3421 کو جمع کریں۔

حل:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4 | 5 | ①0 | 9 | 3 |
| + 3 | 4 | 2 | 1 | |
| 4 | 8 | 5 | 1 | 4 |

مجموعہ: 48514

لہٰذا $45,093 + 3,421 = 48,514$

آئیں جمع کے عمل کے اصولوں کو 6 ہندسی اعداد کو جمع کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

**مثال 1:** 85,765 اور 37071 کو جمع کریں۔

حل:

| | دس ہزار | ہزار | سینکڑا | دہائی | اکائی |
|---|---|---|---|---|---|
| | ①8 | 5 | ①7 | 6 | 5 |
| + | 3 | 7 | 0 | 7 | 1 |
| | 12 | 2 | 8 | 3 | 6 |

مرحلہ 1: اکائیوں کی جمع

$5 + 1 = 6$

مرحلہ 2: دہائیوں کی جمع

$6 + 7 = 13$

3 کو دہائی کے مقام پر لکھیں اور 1 کو سینکڑا والے اعداد میں جمع کریں۔

مرحلہ 3: سینکڑوں کی جمع

$1+7+0=8$ 8 کو سینکڑا کے نیچے لکھیں۔

مرحلہ 4: ہزاروں کی جمع

$5+7=12$

2 کو ہزار کی مقامی قیمت کے نیچے اور 1 کو دس ہزار والے اعداد کے ساتھ جمع کریں۔

مرحلہ 5: دس ہزار کی جمع

$1+8+3=12$، 12 کو دس ہزار والی قیمت کے نیچے لکھیں ۔

لہٰذا: $85765+37,071=122836$

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد 4 ہندسی اعداد کی جمع پختہ کرانے کے لئے ایسے اعداد جن کی مقامی قیمت پر مختلف ہندسے ہوں کی مثالیں لے۔

www.perfect24u.com

مثال 2: 348,754 اور 343,445 کو جمع کریں۔

حل:

$$\begin{array}{r} \overset{1\,1}{} \\ 348754 \\ +\ 343445 \\ \hline 692199 \\ \hline \end{array}$$

لہٰذا: 348,754 + 343,445 = 692,199

## مشق 1.5

**1.** ذیل کو حل کریں۔

(i)
$$\begin{array}{r} 25,431 \\ +\ 41,245 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

(ii)
$$\begin{array}{r} 92,345 \\ +\ 50,178 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

(iii)
$$\begin{array}{r} 107,236 \\ +\ 298,017 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

(iv)
$$\begin{array}{r} 349,629 \\ +\ 201,548 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

(v)
$$\begin{array}{r} 964,328 \\ +\ 428,961 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

(vi)
$$\begin{array}{r} 999,555 \\ +\ 312,016 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

**2.** ذیل کے اعداد کو جمع کریں۔

(i) 24,317 اور 90,235

(ii) 67,999 اور 249,982

(iii) 392,612 اور 722,334

(iv) 591,023 اور 942,589

(v) 217,640 اور 921,079

(vi) 555,566 اور 778,896

(vii) 500,983 اور 645,008

(viii) 910,052 اور 881,223

## چھ ہندسی اعداد کی جمع پر مشتمل روزمرہ زندگی کے مسائل کو حل کرنا

ہم چھ ہندسی اعداد کو اپنی عملی زندگی میں جمع کرتے ہیں۔

**مثال** ایک شہر میں 321,876 لڑکیاں اور 313,589 لڑکے ہیں۔ اس شہر میں بچوں کی کل تعداد بتائیں۔

**حل:**

| | | |
|---|---|---|
| لڑکیوں کی تعداد | = | 321,876 |
| لڑکوں کی تعداد | = | 313,589 |
| شہر میں بچوں کی کل تعداد | = | 635,465 |

$$\begin{array}{r} \overset{1}{3}2\overset{1}{1},\overset{1}{8}\overset{1}{7}6 \\ +\ 313,589 \\ \hline 635,465 \end{array}$$

مجموعہ

### مشق 1.6

1- حکومت سندھ نے سڑکوں کی تعمیر پر بالترتیب 581,034 اور 347,083 روپے خرچ کیے۔ سڑکوں کی تعمیر پر کل کتنی رقم خرچ ہوئی؟

2- ایک امتحان میں 27,514 طلبہ اور 20,328 طالبات حاضر ہوئے۔ بتایئے کل کتنے طالب علم حاضر ہوئے؟

3- بسمہ نے کمپیوٹر خریدنے پر 857,600 روپے اور علیشا نے 641,200 روپے خرچ کیے۔ انہوں نے کل کتنی رقم خرچ کی؟

4- دو میچوں کی ایک سیریز میں پاکستان اور انڈیا کے درمیان کرکٹ میچ دیکھنے کے لئے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں 55,384 شائقین اور قذافی اسٹیڈیم لاہور میں 43,298 شائقین آئے۔ بتائیں کل کتنے لوگ یہ سیریز دیکھنے آئے؟

5- ایک کمپنی ایک سال میں 865,271 سائیکلیں اور دوسری کمپنی 725,059 سائیکلیں بناتی ہے۔ دونوں کمپنیوں نے سال بھر میں کتنی سائیکلیں بنائیں؟

6- پاکستان ریلوے نے ایک ہفتہ میں 347,180 کلوگرام آم اور دوسرے ہفتہ میں 449,130 کلوگرام آموں کو ایک شہر سے دوسرے شہر پہنچایا۔ بتایئے کل کتنے کلوگرام آم پہنچائے گئے؟

www.perfect24u.com

## 1.3 تفریق

### چھ ہندسی اعداد کی تفریق

ہم تیسری جماعت میں چار ہندسی اعداد کی تفریق کرنا سیکھ چکے ہیں۔

**مثال 1:** 2481 میں سے 1374 کو تفریق کریں

حل:

```
    7 11
  2 4 8 1
– 1 3 7 4
---------
  1 1 0 7
```

فرق: 1107

لہٰذا: 2,481 – 1,374 = 1107

**مثال 2:** حل کریں 51432 – 40028

حل:

```
        2 12
  5 1 4 3 2
– 4 0 0 2 8
-----------
  1 1 4 0 4
```

فرق: 11404

51,432 – 40,028 = 11404

**مثال 3:** 85,145 میں سے 45,912 تفریق کریں۔

حل:

| دس ہزار | ہزار | سینکڑا | دہائی | اکائی |
|---|---|---|---|---|
| ⑦ | ⑭ | ⑪ | | |
| ~~8~~ | ~~5~~ | ~~1~~ | 4 | 5 |
| – 4 | 5 | 9 | 1 | 2 |
| 3 | 9 | 2 | 3 | 3 |

**مرحلہ 1:** اکائیاں تفریق کریں۔
3 اکائیاں = 5 - 2

**مرحلہ 2:** دہائیاں تفریق کریں
3 دہائیاں = 4 – 1

**مرحلہ 3:** سیکڑے تفریق کریں
9 – 1 ممکن نہیں۔ اگلے ہندسہ سے ایک ادھار لے کر 1 سو کو 11 سو بنائیں۔
اور پھر تفریق کا عمل کریں: 2 = 9 – 11

**مرحلہ 4:** ہزاروں کی تفریق
ایک ہزار ادھار دینے پر یہاں 4 ہزار بچے لیکن
5 – 4 ممکن نہیں۔ اگلے ہندسہ 8 سے ایک ادھار لے کر
4 ہزار کو 14 ہزار بنائیں۔ تفریق کا عمل 9 = 5 – 14

**مرحلہ 5:** دس ہزار کی تفریق
ایک دس ہزار ادھار دینے پر 8 دس ہزار
میں سے 7 دس ہزار بچے اس لئے 3 = 4 – 7

لہٰذا: 85,145 – 45,912 = 39,233

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد تفریق کے عمل کو دیئے گئے مراحل کی مدد سے پختہ کرنے کے لئے اور مثالیں لے۔

www.perfect24u.com

**مثال 4:** 557,942 میں سے 438,905 تفریق کریں۔

**حل:**

$$\begin{array}{r} 557942 \\ -\,438905 \\ \hline 119,037 \end{array}$$

557,942 – 438,905 = 119,037

## مشق 1.7

**1** ذیل کو حل کریں۔

(i) 32,164 – 20,053

(ii) 583,729 – 21,678

(iii) 627,948 – 16,328

(iv) 793,854 – 185,035

(v) 790,000 – 628,453

(vi) 894,093 – 847,141

**2** ذیل کو تفریق کریں۔

(i) 98,765 میں سے 43,210

(ii) 273,194 میں سے 39,072

(iii) 100,000 میں سے 99,999

(iv) 700,000 میں سے 537,864

(v) 874,189 میں سے 685,439

(vi) 894,354 میں سے 751,342

(vii) 871,600 میں سے 781,500

(viii) 994,354 میں سے 894,354

(ix) 991,000 میں سے 990,001

(x) 765,129 میں سے 184,019

(xi) 891,400 میں سے 853,492

(xii) 943,002 میں سے 493,994

www.perfect24u.com

## 6- ہندسی اعداد کی تفریق پر مشتمل روزمرہ زندگی کے مسائل حل کرنا

ہم اپنی روزمرہ زندگی میں 6 - ہندسی اعداد کی تفریق استعمال کرتے ہیں۔
ذیل کی مثالوں پر غور کریں۔

**مثال** ایک فارم میں 847,385 مرغیاں ہیں۔ان میں سے 31,2793 مرغیاں فروخت ہوئیں۔
فارم میں بچی ہوئی مرغیوں کی تعداد بتائیں۔

**حل:**

| | | |
|---|---|---|
| مرغیوں کی کل تعداد | = | 847,385 |
| فروخت ہوئی | = | 312,793 |
| باقی بچی ہوئی مرغیوں کی تعداد | = | 534,592 |

فرق
$$\begin{array}{r} 847,385 \\ -\ 312,793 \\ \hline 534,592 \end{array}$$

### مشق 1.8

1 حکومت سندھ نے دو اسکولوں کی مرمت پر کل 985,000 روپے خرچ کیے۔اگر ایک اسکول کی مرمت پر 539,450 روپے خرچ ہوئے تو دوسرے پر خرچ ہونے والی رقم معلوم کریں۔

2 ایک چوتھی جماعت کے سالانہ امتحان میں 57،986 طالب علم بیٹھے، جس میں سے 43,985 کامیاب ہوئے۔ ناکام ہونے والے طالب علموں کی تعداد بتائیں۔

3 اسلم اور عاطف نے فارم بنانے کے لئے 658,700 روپے خرچ کیے۔ اسلم کا حصہ 385،780 روپے ہو تو عاطف کا حصہ معلوم کریں۔

4 ایک کاٹن کمپنی کا دو ماہ کا منافع 320,000 روپے ہے۔ اگر ایک ماہ کا منافع 139,998 روپے ہو تو دوسرے ماہ کا منافع معلوم کریں۔

5 عید کے پہلے دن ایک چڑیا گھر میں 3,955 لوگ اور دوسرے دن 3,843 لوگ سیر کرنے آئے۔بتایئے پہلے دن کتنے زیادہ لوگ آئے؟

6 ایک مرغیوں کے فارم میں 89,534 مرغیاں ہیں جس میں سے 43,294 مرغیاں برڈ فلو سے مر گئیں۔بتایئے باقی کتنی بچیں؟

www.perfect24u.com

## 1.4 ضرب کرنے کا عمل

### 5 - ہندسوں تک اعداد کی 3 - ہندسی اعداد تک ضرب

ہم تیسری جماعت میں 2 - ہندسی اعداد کی ضرب 1 - ہندسی عدد سے کرنا سیکھ چکے ہیں۔ بار بار جمع کرنے کے عمل کو ضرب کہتے ہیں۔

**مثال:** 24 کو 3 سے ضرب کریں۔

**حل:**

```
  2 4
  x 3
 ----
  7 2
```

حاصل ضرب = 72

لہٰذا $24 \times 3 = 72$

آئیں یہ عمل نیچے دی گئی مثالوں سے سمجھیں۔

**مثال 1:** 34,251 کو 32 سے ضرب کریں۔

**حل:**

```
      ①   ①
      3 4 2 5 1
          x 3 2
    -----------
      ① ①
      6 8 5 0 2
  1 0 2 7 5 3 x
  -------------
  1 0 9 6 0 3 2
  -------------
```

مرحلہ 1: 2 سے ضرب کریں اور ہندسوں کو مقامی قیمت کے تحت لکھیں

مرحلہ 2: اکائی کے نیچے × کی علامت لگائیں تاکہ دہائیوں کی قیمت ظاہر ہو

مرحلہ 3: جمع کرنے سے

لہٰذا $34251 \times 32 = 1096032$

**مثال 2:** 40,329 کو 123 سے ضرب کریں۔

**حل:**

```
            ①
            ②
    4 0 3 2 9
      x 1 2 3
  -----------
    ① ② ①
    1 2 0 9 8 7
      8 0 6 5 8 x
  + 4 0 3 2 9 x x
  ---------------
    4 9 6 0 4 6 7
  ---------------
```

لہٰذا $40,329 \times 123 = 496,0467$

**مثال 3:** 23,415 کو 382 سے ضرب کریں۔

**حل:**

```
  ① ①     ④
  ② ③ ① ①
  2 3 4 1 5
      x 3 8 2
  -----------
  ① ① ①
    4 6 8 3 0
  1 8 7 3 2 0 x
+ 7 0 2 4 5 x x
---------------
  8 9 4 4 5 3 0
---------------
```

لہٰذا $2,3415 \times 382 = 8,944,530$

www.perfect24u.com

## مشق 1.9

**1** ذیل کو حل کریں۔

(i) 1,632 x 23

(ii) 2341 x 70

(iii) 6,314 x 52

(iv) 2109 x 84

(v) 51,389 x 562

(vi) 43851 x 725

(vii) 65,123 x 316

(viii) 74156 x 163

**2** ضرب کریں۔

(i) 11,689 کو 100 سے

(ii) 21,499 کو 120 سے

(iii) 25,701 کو 553 سے

(iv) 32,145 کو 152 سے

(v) 41,078 کو 203 سے

(vi) 12,345 کو 123 سے

(vii) 54,321 کو 321 سے

(viii) 89,713 کو 401 سے

### ضرب پر مشتمل روزمرہ زندگی کے مسائل حل کرنا

ہم اپنی روزمرہ زندگی میں اعداد کی ضرب کا استعمال کرتے ہیں۔
ذیل کی مثالوں پر غور کریں۔

**مثال:** ایک فیکٹری ایک شفٹ میں 28453 ٹافیاں تیار کرتی ہے۔ ایسی 132 شفٹوں میں کتنی ٹافیاں تیار ہوں گی؟

**حل:** ایک شفٹ میں تیار ہونے والی ٹافیاں
شفٹ کی تعداد

```
        2 8 5 4 3
        x 1 3 2
      -----------
        5 7 0 8 6
      8 5 6 2 9 x
  + 2 8 5 4 3 x x
  ---------------
    3 7 6 7 6 7 6
  ---------------
```

لہٰذا کل تیار ہونے والی ٹافیوں کی تعداد 3,767,676 ہے۔

www.perfect24u.com

## مشق 1.10

1. ایک ٹرک میں مشروب کی 5,324 بوتلیں لدی ہوئی ہیں۔ ایسے 132 ٹرک میں کتنی بوتلیں آئیں گی؟
2. ایک اسکول میں 630 طالب علم ہیں۔ ہر طالب علم 1,200 روپے ماہانہ فیس ادا کرتا ہے۔ اسکول میں ہر ماہ کتنی فیس جمع ہوتی ہے؟
3. ایک موٹر سائیکل کی قیمت 35,800 روپے ہے۔ ایسی 325 موٹر سائیکلوں کی قیمت معلوم کریں۔
4. ایک پولٹری فارم سے ایک دن میں 43,290 انڈے حاصل ہوتے ہیں۔ 400 دنوں میں کتنے انڈے حاصل ہوں گے؟
5. ایک گاؤں میں ایک ہفتہ میں 45,038 لٹر پانی استعمال ہوتا ہے۔ 890 ہفتوں میں کتنا پانی استعمال ہوگا؟
6. ایک خاندان اپنی خوراک خریدنے کے لئے 15,980 روپے ماہانہ خرچ کرتا ہے۔ ایسے 580 خاندان ہر ماہ کتنا خرچ کریں گے؟

## 1.5 تقسیم

### 4 ہندسی تعداد کی 2- ہندسی اعداد سے تقسیم

ہم تیسری جماعت میں 2 ہندسی اعداد کی 1 ہندسی اعداد سے تقسیم سیکھ چکے ہیں۔ تقسیم بار بار تفریق کا عمل ہے۔

ہم دو ہندسی اعداد کو ایک ہندسی عدد سے تقسیم کرنا سیکھ چکے ہیں۔

**مثال 1:** 56 کو 8 سے تقسیم کریں۔

```
        7      → خارج قسمت
    ┌────
 8 ) 56        → مقسوم
    - 56
    ────
       0       → باقی
```

8 ← مقسوم علیہ (تقسیم کنندہ)

لہٰذا: 56 ÷ 8 = 7

**مثال 2:** 561 کو 11 سے تقسیم کریں۔

```
         51
    ┌──────
 11 ) 561
    -  55
    ──────
        11
    -   11
    ──────
         0
```

لہٰذا: 561 ÷ 11 = 51

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد تقسیم کی بار بار تفریق والے عمل کے طور پر تصوّر کی وضاحت کرے۔

www.perfect24u.com

**مثال 3:** 975 کو 15 سے تقسیم کریں۔

**حل:**

```
      6 5
15) 9 7 5
   -9 0
     7 5
   - 7 5
     0 0
```

لہٰذا:

975 ÷ 15 = 65

**وضاحت**

- ہم بڑی مقامی قیمت والے ہندسے سے تقسیم کا عمل شروع کرتے ہیں۔
- یہاں 9 مقسوم علیہ 15 سے چھوٹا ہے، اس لئے اس میں اگلا ہندسہ شامل کرلیں گے۔
- اب ہمارے پاس 97 ہو گیا۔
- ہم 97 کو 15 سے تقسیم کرنے کے لئے 15 کا عاد گنیں گے جو کہ 97 سے زیادہ نہ ہو۔ 15×6=90 کیونکہ 90 کم ہے 97 سے۔ اگر ہم 15×7=105 لیں تو یہ 97 سے زیادہ ہوگا۔ لہٰذا ہم 97 سے 90 تفریق کریں گے اور خارج قسمت پر 6 کا ہندسہ لکھیں گے۔
- حاصل تفریق میں اگلا ہندسہ ملائیں، ہمیں 75 ملا۔ عمل دہراتے رہیں تاوقت یہ کہ عمل پورا ہو۔

## مشق 1.11

**1** ذیل کے سوال حل کریں۔

| | |
|---|---|
| (i) 12 ÷ 6,744 | (ii) 15 ÷ 3,795 |
| (iii) 13 ÷ 7,293 | (iv) 12 ÷ 9,384 |
| (v) 18 ÷ 2,214 | (vi) 22 ÷ 9,944 |

**2** ذیل کے اعداد کو تقسیم کریں اور خارج قسمت لکھیں۔

| | |
|---|---|
| (i) 4,368 کو 28 سے | (ii) 88,990 کو 35 سے |
| (iii) 5,056 کو 32 سے | (iv) 6,300 کو 25 سے |
| (v) 3,920 کو 16 سے | (vi) 6,642 کو 18 سے |

**3** 5,075 کو 35 سے تقسیم کرنے پر خارج قسمت اور باقی معلوم کریں۔

**4** خارج قسمت اور باقی معلوم کریں اگر 5,696 کو 16 سے تقسیم کیا جائے۔

**5** 31,035 کو 12 سے تقسیم کرنے پر خارج قسمت اور باقی معلوم کریں۔

**6** 9,267 کو 15 سے تقسیم کرنے پر خارج قسمت اور باقی معلوم کریں۔

www.perfect24u.com

## اعداد کی تقسیم پر مشتمل روزمرہ زندگی کے مسائل حل کرنا

ہم روزمرہ زندگی میں تقسیم کے عمل کو استعمال کرتے ہیں۔ ذیل کی مثالوں پر غور کریں۔

**مثال** ٹافیوں کے ایک جیسے 12 ڈبوں میں 6,816 ٹافیاں ہیں۔ ایک ڈبے میں کتنی ٹافیاں ہیں؟

**حل:** کل ٹافیاں = 6,816

ڈبوں کی تعداد = 12

لہٰذا ہر ڈبے میں 568 ٹافیاں ہیں۔

**تقسیم کا عمل**

```
      568
12 ) 6816
   - 60
   -----
      81
    - 72
   -----
       96
     - 96
   -----
       00
```

### مشق 1.12

1. ایک کپڑے کا تھان 6,272 میٹر لمبا ہے۔ اگر ایک جوڑے کے لئے 7 میٹر کپڑا درکار ہے تو اس میں سے کتنے جوڑے بنیں گے؟
2. 12 کاریگروں کی مہینے کی کل تنخواہ 7,032 روپے ہے۔ اگر سب برابر تنخواہ لیتے ہیں تو ایک کاریگر کی مہینے کی تنخواہ معلوم کریں۔
3. آصف نے 13 قمیضوں کی خریداری پر 2,925 روپے خرچ کیے۔ اگر ہر قمیض کی قیمت یکساں ہو تو ایک قمیض کی قیمت معلوم کریں۔
4. آٹے کے 16 تھیلوں کا وزن 4,496 کلو گرام ہے۔ ہر ایک تھیلے کا وزن معلوم کریں۔
5. کرکٹ کے 25 بلے 3,075 روپے کے ہیں۔ ایک بلے کی قیمت کیا ہو گی؟
6. اگر ایک کریٹ میں 36 بوتلیں آتی ہیں تو 5,616 بوتلوں کے لئے کتنے کریٹ درکار ہوں گے؟

www.perfect24u.com

## 1.6 جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کا عمل کرنا

اگر +/− اور ÷/x ساتھ شامل نہ ہو تو ہم بائیں سے دائیں والے عمل کو حل کریں گے۔

اگر +/− اور ÷/x ساتھ شامل ہو تو ہم پہلے تقسیم ضرب اور اس کے بعد جمع اور تفریق حل کریں گے۔

### جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کے ملے ہوئے عوامل

**مثال 1:** حل کریں: $86 - 34 + 62$

**حل:** چونکہ اس سوال میں جمع اور تفریق دونوں شامل ہیں اس لئے ہمیں ہر عمل کو الگ الگ کرنا ہوگا۔

**حل 1:**

$86 - 34 + 62$

$= 86 + 62 - 34$ ترتیب بدلنے پر

$= 148 - 34$ $\quad \boxed{86 + 62 = 148}$

$= 114$

**حل 2:**

$86 - 34 + 62$

$= \boxed{86 - 34} + 62$

$\boxed{86 - 34 = 52}$

$= \boxed{52 + 62} = 114$

**مثال 2:** حل کریں: $4 + 6 \div 2 \times 3$

**صحیح طریقہ:**

$= 4 + \boxed{6 \div 2} \times 3$ (تقسیم کا عمل پہلے کریں)

$= 4 + \boxed{3 \times 3}$ (پھر ضرب کا عمل کرنے پر)

$= 4 + 9 = 13$

**غلط طریقہ:**

$= \boxed{4 + 6} \div 2 \times 3$

$= \boxed{10 \div 2} \times 3$

$= 5 \times 3 = 15$

**مثال 3:** حل کریں: $3 \times 4 + 2$

**حل:** چونکہ ضرب اور جمع دونوں شامل ہیں، اس لئے ہمیں پہلے ضرب اور پھر جمع کا عمل کرنا ہوگا۔

$3 \times 4 + 2 = \boxed{3 \times 4} + 2$

$= 12 + 2$

$= 14$

www.perfect24u.com

**مثال 4:** حل کریں: 34 + 9 ÷ 81

**حل:** چونکہ جمع اور تقسیم دونوں شامل ہیں، اس لئے ہمیں پہلے تقسیم اور پھر جمع کا عمل کرنا ہوگا۔

$$81 \div 9 + 34 = \boxed{81 \div 9} + 34$$
$$= 9 + 34$$
$$= 43$$

## مشق 1.13

ذیل کو حل کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | 46 − 23 + 17 | (2) | 99 − 77 + 33 |
| (3) | 98 − 46 + 24 | (4) | 48 − 21 + 31 |
| (5) | 324 − 152 + 182 | (6) | 582 − 325 + 154 |
| (7) | 682 + 329 − 159 | (8) | 489 ÷ 5 + 393 |
| (9) | 253 ÷ 11 x 5 | (10) | 540 ÷ 15 x 8 |
| (11) | 992 ÷ 16 x 4 | (12) | 7 x 375 ÷ 15 |
| (13) | 12 x 114 ÷ 19 + 10 | (14) | 23 + 800 ÷ 20 x 2 |
| (15) | 32 x 400 ÷ 16 + 23 | (16) | 451 x 690 ÷ 30 − 15 |

## اعداد کی جمع، تفریق، ضرب و تقسیم پر مشتمل روزمرہ زندگی کے مسائل حل کرنا (بشمول پاکستانی کرنسی)

### جمع، تفریق، ضرب و تقسیم

**مثال 1:** سارہ نے ایک کار خریدنے کے لئے 486,935 روپے اور زیورات خریدنے کے لئے 439,870 روپے خرچ کیے۔ اس نے کل کتنی رقم خرچ کی؟

**حل:**

| | | |
|---|---|---|
| کار خریدنے کے لئے | = | 4 8 6 9 3 5 روپے |
| زیورات خریدنے کے لئے | = | + 4 3 9 8 7 0 روپے |
| کل رقم خرچ ہوئی | = | 9 2 6 8 0 5 روپے |

(حاصل: 1 1 1 1)

www.perfect24u.com

**مثال 2:** ایک اسٹیڈیم میں فٹ بال میچ دیکھنے کے لئے 767,513 شائقین تھے۔ وقفہ کے بعد 468,302 شائقین بچے۔ اسٹیڈیم سے جانے والے شائقین کی تعداد معلوم کریں۔

**حل:**

شائقین آئے = 767513

شائقین جو بچے = 468302 −

جانے والے شائقین = 299211

$$\begin{array}{r} 767513 \\ -\,468302 \\ \hline 299211 \end{array}$$

**مثال 3:** ایک کمپنی نے گرمیوں میں 856,940 پنکھے بیچے اور ہر پنکھے پر 341 روپے منافع کمایا۔ کل کتنا منافع ہوا؟

**حل:**

پنکھوں کی تعداد = 856940

ہر پنکھے پر منافع = 341 x

$$\begin{array}{r} 856940 \\ \times\,341 \\ \hline 856940 \\ 3427760\text{x} \\ +\,25708 20\text{xx} \\ \hline 292216540 \end{array}$$

لٰہذا کمپنی کو کل 292,216,540 روپے منافع ہوا۔

**مثال 4:** ایک دوکاندار 16 ہفتوں میں 3,104 کاپیاں فروخت کرتا ہے۔ ہر ہفتے ایک جتنی تعداد کی کاپیاں فروخت کرتا ہے۔ ایک ہفتہ میں فروخت ہونے والی کاپیوں کی کل تعداد معلوم کریں۔

**حل:**

کاپیوں کی تعداد = 3,104

ہفتوں کی تعداد = 16

$$\begin{array}{r} 194 \\ 16\overline{)3104} \\ -16 \\ \hline 150 \\ -144 \\ \hline 64 \\ -64 \\ \hline 00 \end{array}$$

لٰہذا ایک ہفتے میں 194 کاپیاں فروخت ہوئیں۔

www.perfect24u.com

## مشق 1.14

1. ایک کار کی قیمت 748,630 روپے ہے۔ دوسری کار کی قیمت 630,010 روپے ہے تو ان دونوں کاروں کی کل قیمت معلوم کریں۔

2. شگفتہ کے بینک اکاؤنٹ میں 389,000 روپے ہیں۔ اس نے گھر کی مرمت پر 183,499 روپے خرچ کیے۔ بتایئے باقی اس کے پاس کتنی رقم بچی؟

3. ایک پولٹری فارم ایک ماہ میں 143,860 مرغیاں بیچتا ہے اور دوسرے ماہ میں 354,180 مرغیاں بیچتا ہے۔ ان دونوں کی فروخت کا فرق معلوم کریں۔

4. ایک ٹی وی کی قیمت 95,400 روپے ہے۔ ایسے 150 ٹی وی کی کل قیمت معلوم کریں۔

5. ایک فارم میں کھجور کے 56,321 درخت ہیں۔ ایسے 835 فارموں میں کھجور کے کل کتنے درخت ہوں گے؟

6. ایک اسکول نے ایک پکنک پارٹی پر 4,375 روپے خرچ کیے۔ پکنک پر صرف 35 طالب علم گئے۔ ہر طالب علم کو کتنے پیسے دینے ہوں گے؟

7. نجیب نے 235 خاندانوں میں 3,290 کھانے کے پیکٹ تقسیم کیے۔ بتایئے ہر خاندان کو کتنے پیکٹ ملے؟

www.perfect24u.com

## جائزہ مشق 1

**1.** صحیح جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

(i) 2,485,612 میں 8 کی مقامی قیمت ______ ہے۔

(الف) 800 (ب) 8,000 (ج) 80,000 (د) 80,0000

(ii) سات ہندسی عدد کس کو ظاہر کرتا ہے؟

(الف) ہزار (ب) ملین (ج) دس ملین (د) سو ملین

(iii) $20 + 8 \div 4 =$ ______

(الف) 4 (ب) 7 (ج) 8 (د) 22

**2.** ذیل کے اعداد کو عبارت میں لکھیں:

(i) 2,412,316 (ii) 36,123,101 (iii) 600,216

**3.** ذیل کے اعداد کو ہندسوں میں لکھیں:

(i) بیس ملین (ii) ایک سو ملین

**4.** جمع کریں:

(i) 416،712 اور 712,145 (ii) 900,102 اور 812,156

**5.** تفریق کریں:

(i) 967,829 میں سے 218,822 (ii) 200,603 میں سے 100,512

(iii) 723,444 میں سے 555,666

**6.** ذیل کے عمل کریں:

(i) $61,243 \times 261$ (ii) $21,588 \times 120$

(iii) $3810 \div 15$ (iv) $5088 \div 32$

(v) $565 \div 15 \times 2$

**7.** راحیل کی سالانہ بچت 89,560 روپے ہے۔ انہوں نے اس میں سے 35,000 روپے کا ایک ٹی وی خریدا۔ بتائیں اس کے پاس کتنی رقم بچی؟

www.perfect24u.com

# اجزائے ضربی اور عاد

## 2.1 تقسیم پذیری

### 2، 3، 5 اور 10 کے تقسیم پذیری کے اصول کی شناخت

تقسیم پذیری کے اصول کسی بھی عدد کی کسی عدد سے مکمل تقسیم بغیر تقسیم کے عمل کے فوراً بتا سکتے ہیں۔



**سرگرمی**

2، 4، 5، 7، 9، 12، 18، 24، 32 اور 48 کے تقسیم کنندہ یا جزوضربی معلوم کریں۔

| اعداد | تقسیم کنندہ یا جزوضربی |
|---|---|
| 2 | 1, 2 |
| 4 | 1, 2, 4 |
| 7 | |
| 12 | |
| 18 | |
| 32 | |
| 48 | |

ہر عدد 1 سے تقسیم ہوتا ہے۔

آیئے ان اعداد کو جانچتے ہیں۔

**مثال 1:** ذیل کے کون سے اعداد 2 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتے ہیں؟

(i) 1,456 (ii) 92,357

**حل:** 1,456 میں اکائی کے مقام پر 6 کا ہندسہ ہے، جو کہ جفت ہے۔

اس لئے 1456، 2 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتا ہے۔

**تصدیق**

```
     728
2 ) 1456
   -14
     5
    -4
     16
    -16
     00
```

92,357 میں اکائی کے مقام پر 7 کا ہندسہ ہے جو کہ طاق ہے۔

اس لئے 92357، 2 سے پورا پورا تقسیم نہیں ہو سکتا۔

**تصدیق**

```
     46268
2 ) 92357
   -8
    12
   -12
     5
    -4
     13
    -12
      17
     -16
       1
```

نوٹ: باقی 0 نہیں بچتا، اس لئے 92,357 کو 2 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔

اگر کسی عدد کے اکائی کے ہندسہ پر 0، 2، 4، 6 اور 8 ہو تو وہ عدد 2 سے پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

www.perfect24u.com

**مثال 2:** ذیل کا کون سا عدد 3 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتا ہے؟

(i) 1452 (ii) 62,345

**حل:** (i) 1452

عدد 1452 کے ہندسوں کے مجموعہ

1 + 4 + 5 + 2 = 12

12، 3 سے پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

اس لئے 1452 بھی 3 سے پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

تصدیق

3) 1 4 5 2 (484
-1 2
2 5
-2 4
1 2
-1 2
0 0

(ii) 62,245

عدد 62,345 کے ہندسوں کا مجموعہ

6 + 2 + 3 + 4 + 5 = 20

20 کو 3 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جا سکتا

اس لئے 62,245 کو 3 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جا سکتا ہے۔

نوٹ: باقی 0 نہیں ہے اس لئے 62,245 کو 3 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔

تصدیق

3) 6 2 2 4 5 (20748
-6
2 3
-2 1
1 4
-1 2
2 5
-2 4
1

اگر کسی عدد کے ہندسوں کا مجموعہ 3 سے پورا پورا تقسیم ہو جائے تو وہ عدد 3 سے پھر پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

**مثال 3:** ذیل کا کون سا عدد 5 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتا ہے؟

(i) 14,673 (ii) 31,360

**حل:** 14,673 کو 5 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اکائی کا ہندسہ 0 اور 5 نہیں ہے۔

تصدیق

2 9 3 4
5) 1 4 6 7 3
-1 0
4 6
-4 5
1 7
-1 5
2 3
-2 0
3

نوٹ: باقی 0 نہیں ہے اس لئے عدد 14673 کو 5 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔

31,360 کو 5 سے پورا پورا تقسیم کر سکتے ہیں کیونکہ اکائی کے مقام والا ہندسہ 5 ہے۔

تصدیق

5) 3 1 3 6 0 (6272
-3 0
1 3
-1 0
3 6
-3 5
1 0
-1 0
0

اگر کسی عدد کے اکائی والا ہندسہ 0 اور 5 ہو تو وہ عدد 5 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتا ہے۔

www.perfect24u.com

**مثال 4:** ذیل میں سے کون سا عدد 10 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتا ہے؟

(i) 24,563

**حل:** 24,563 کو 10 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ اکائی والا ہندسہ 0 نہیں ہے۔

تصدیق

```
     2456
10 ) 24563
    -20
     45
    -40
     56
    -50
     63
    -60
      3
```

**نوٹ:** باقی 0 نہیں ہے اس لئے 24,563 کو 10 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔

(ii) 16,230

16,230 کو 10 سے پورا پورا تقسیم کیا جاسکتا ہے کیونکہ اکائی والا ہندسہ 0 ہے۔

تصدیق

```
     1623
10 ) 16230
    -10
     62
    -60
     23
    -20
     30
    -30
     00
```

اگر کسی عدد کا اکائی والا ہندسہ **0** ہو تو وہ **10** سے پورا پورا تقسیم ہو سکتا ہے۔

## 5- ہندسوں پر مشتمل اعداد کو 2، 3، 5 اور 10 سے پورا پورا تقسیم ہونے والے اصولوں کا استعمال

**سرگرمی** 15381 کی 2، 3، 5 اور 10 سے تقسیم پذیری کا جائزہ لیں۔

(1) عدد 15,381 میں اکائی والا ہندسہ 0، 2، 4، 6 اور 8 نہیں ہے، اس لئے عدد 15,381 کو 2 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔

(2) عدد 15,381 کے ہندسوں کا مجموعہ 18 1 + 8 + 3 + 5 + 1 ہے جو کہ 3 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتا ہے۔ لہٰذا عدد 15,381 کو 3 سے پورا پورا تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

(3) عدد 15,381 میں اکائی والے ہندسے 0 اور 5 نہیں ہیں، اس لئے عدد 15,381 کو 5 سے پورا پورا تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔

(4) عدد 15,381 میں اکائی والا ہندسہ 0 نہیں ہے، اس لئے یہ عدد 10 سے پورا پورا تقسیم نہیں ہو سکتا۔

www.perfect24u.com

## مشق 2.1

1. ذیل کے کون سے اعداد 2 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتے ہیں؟

(i) 120 (ii) 1,001 (iii) 1,434 (iv) 2,221 (v) 13,574

2. ذیل کے اعداد کا 3 سے تقسیم پذیری کا جائزہ لیں۔

(i) 135 (ii) 1,471 (iii) 2,100 (iv) 3,331 (v) 31,242

3. ذیل کے کون سے اعداد 5 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتے ہیں؟

(I) 1,235 (ii) 5,552 (iii) 6,035 (iv) 10,001 (v) 53,550

4. ذیل کے اعداد کا 10 سے تقسیم پذیری کا جائزہ لیں۔

(i) 1,350 (ii) 2,225 (iii) 30,500 (iv) 13,575 (v) 20,050

5. ذیل میں جو اعداد 5 اور 10 دونوں سے پورا پورا تقسیم ہو سکتے ہیں، ان کی نشاندہی کریں۔

(i) 12,000 (ii) 2,145 (iii) 4,040 (iv) 12,345 (v) 7,270

6. ذیل کے اعداد کے لئے 2، 3، 5 اور 10 کے لئے تقسیم پذیری کا جائزہ لیں۔

| عدد | 2 سے تقسیم | 3 سے تقسیم | 5 سے تقسیم | 10 سے تقسیم |
|---|---|---|---|---|
| 405 | | | | |
| 3,354 | | | | |
| 2,340 | | | | |
| 41,220 | | | | |
| 34,329 | | | | |

www.perfect24u.com

## 2.2 مفرد و مرکب اعداد

### مفرد و مرکب اعداد کی وضاحت

تقریباً 2 ہزار سال قبل ایک مشہور یونانی ریاضی دان نے مفرد اعداد میں دلچسپی لی۔ اس نے اعداد کو 10 کی تعداد والے کالم میں ترتیب دیا۔ اس نے جو مراحل کیے، ان پر آپ اسی ترتیب میں 1 تا 100 کے درمیان مفرد اعداد معلوم کر سکتے ہیں۔



### سرگرمی

- '1' ایک خاص قسم کا عدد ہے اسے ایسے ہی رہنے دیں۔
- 2 سے ابتدا کریں، اسے دائرہ لگا دیں اور اس کے بعد دوسرے عدد کو کاٹیں۔
- اب 3 تک جائیں اور اسے بھی دائرہ لگا دیں اور اس کے بعد ہر تیسرے عدد کو کاٹیں۔
- اس ترتیب سے اگلا عدد جو کہ کٹا نہیں ہوگا، وہ 5 ہے۔ اسے دائرہ میں کریں اور ہر پانچویں عدد کو کاٹیں۔
- 5 کے بعد وہ کون سا عدد ہے جو کہ کٹا نہیں ہوا ہے اور دائرہ میں بھی نہیں آتا؟ اسے دائرہ لگا دیں۔

یہ عمل جاری رکھیں تاکہ سب اعداد دائرہ میں کر دیئے جائیں یا کاٹ دیئے جائیں سوائے '1' کے۔

اعداد کا چارٹ اس طرح نظر آئے گا:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 31 | 32 | 33 | 34 | 35 | 36 | 37 | 38 | 39 | 40 |
| 41 | 42 | 43 | 44 | 45 | 46 | 47 | 48 | 49 | 50 |
| 51 | 52 | 53 | 54 | 55 | 56 | 57 | 58 | 59 | 60 |
| 61 | 62 | 63 | 64 | 65 | 66 | 67 | 68 | 69 | 70 |
| 71 | 72 | 73 | 74 | 75 | 76 | 77 | 78 | 79 | 80 |
| 81 | 82 | 83 | 84 | 85 | 86 | 87 | 88 | 89 | 90 |
| 91 | 92 | 93 | 94 | 95 | 96 | 97 | 98 | 99 | 100 |

**ہدایات برائے اساتذہ:** مرکب اور مفرد اعداد کا تصور سمجھانے کے بعد استاد طالب علموں سے زبانی سوالات کرے۔

www.perfect24u.com

**اس سرگرمی سے معلوم ہوا کہ**

جو اعداد ... ,7 ,5 ,3 ,2 دائرہ میں آئے ہیں، وہ مفرد اعداد ہیں۔

وہ اعداد ... ,12 ,9 ,8 ,6 ,4 جو کہ کاٹے گئے ہیں، وہ **مرکب اعداد** ہیں۔

'1' نہ تو "مفرد عدد" ہے اور نہ ہی **"مرکب عدد"** ہے۔ یہ ایک خاص قدرتی عدد ہے۔

### (الف) مفرد اعداد

کوئی عدد اگر '1' اور خود سے پورا پورا تقسیم ہو جائے تو وہ مفرد عدد کہلاتا ہے۔جس طرح کہ 2، 3، 5، 7 اور 41 کو کوئی بھی عدد سوائے '1' اور خود کے پورا پورا تقسیم نہیں کر سکتا۔

صرف ایک عدد ایسا ہے جو کہ جفت ہے باقی سب مفرد اعداد طاق ہیں۔ وہ کون سا عدد ہے؟

### (ب) مرکب اعداد:

ایسے اعداد (1 کے سوا) جن کو تقسیم کرنے والے اعداد دو یا دو سے زیادہ ہوں، مرکب اعداد کہلاتے ہیں۔

مرکب اعداد کو دو اعداد کے حاصل ضرب کے طور پر لکھا جا سکتا ہے، مثلاً: 10=2×5

**مثال کے طور پر:**

عدد 4 کو 1، 2 اور 4 سے پورا پورا تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

عدد 18 کو 1، 2، 3، 6، 9 اور 18 سے پورا پورا تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

لہٰذا: 4 اور 18 مرکب اعداد ہیں۔ تصدیق کریں۔

**مفرد اور مرکب اعداد کا موازنہ**

| عدد | تقسیم کرنے والے اعداد | نتیجہ |
|---|---|---|
| 37 | 1 اور 37 | صرف دو تقسیم کنندہ: ایک مفرد عدد |
| 42 | 1، 2، 3، 6، 7، 14، 21 اور 42 | پورا پورا تقسیم کرنے والے اعداد کی تعداد دو سے زیادہ ہے اس لئے مرکب عدد |
| 19 | 1 اور 19 | صرف دو تقسیم کنندہ: ایک مفرد عدد |
| 77 | 1، 7، 11 اور 77 | چار تقسیم کرنے والے عدد لہٰذا ایک مرکب عدد |

- مفرد عدد صرف دو عدد سے پورا پورا تقسیم ہوتا ہے۔
- مرکب عدد دو سے زیادہ اعداد سے پورا پورا تقسیم ہوتا ہے۔

www.perfect24u.com

## مشق 2.2

**.1** ذیل میں سے مفرد اعداد کی نشاندہی کریں۔

(i) **22** (ii) **41** (iii) **63** (iv) **51** (v) **81**

(vi) **119** (vii) **223** (viii) **1** (ix) **101** (x) **222**

**.2** ذیل میں سے مرکب اعداد کی نشاندہی کریں۔

(i) **34** (ii) **71** (iii) **163** (iv) **351** (v) **81**

(vi) **19** (vii) **23** (viii) **100** (ix) **18** (x) **135**

**.3** ذیل میں سے مفرد اور مرکب اعداد الگ کریں۔

41, 42, 43, 44, 45, 46, 47, 48, 49, 50,

51, 52, 53, 54, 55, 56, 57, 58, 59, 60.

**.4** 1 اور 20 کے درمیان تمام مفرد عدد لکھیں۔

**.5** 10 اور 30 کے درمیان تمام مرکب اعداد لکھیں۔

**.6** 20 اور 40 کے درمیان تمام مفرد اور مرکب اعداد لکھیں۔

## 2.3 اجزائے ضربی و عاد

50 تک اعداد کے اجزائے ضربی لکھیں۔

### .1 اجزائے ضربی

ایک عدد کا جزو ضربی ایک عدد سے پورا پورا تقسیم کرتا ہے اور باقی '0' بچتا ہے۔

**مثال 1:** 6 کے جزو ضربی 1، 2، 3 اور 6 ہیں۔

12 کے جزو ضربی 1، 2، 3، 4، 6 اور 12 ہیں۔




ہدایات برائے اساتذہ: استاد کمرۂ جماعت میں اجزائے ضربی اور عاد کی اور سرگرمیاں کرائے۔

www.perfect24u.com

**مثال 2:**

9، 10، 15، 18، 42 اور 50 کے تمام جزوضربی لکھیں۔




9 کے جزوضربی 1، 3 اور 9 ہیں۔

15 کے جزوضربی 1، 3، 5 اور 15 ہیں۔

10 کے جزوضربی 1، 2، 5 اور 10 ہیں۔

18 کے جزوضربی 1، 2، 3، 6، 9 اور 18 ہیں۔

42 کے جزوضربی 1، 2، 3، 6، 7، 14، 21 اور 42 ہیں۔

50 کے جزوضربی 1، 2، 5، 10، 25 اور 50 ہیں۔

**.2 عاد:**




اس بسکٹ کی قیمت 2 روپیہ ہے۔ ہر بسکٹ کے لئے ہمیں 2 روپیہ اور ادا کرنا ہوں گے۔ اس طرح بسکٹوں کی قیمت 2 روپیہ، 4 روپیہ، 6 روپیہ اور 8 روپیہ ہوگی۔ لہٰذا 2، 4، 6 اور 8 عدد 2 کے چند عاد ہیں۔

**مثال:** ایک 

کی قیمت

2 x 1 = 2



دو  کی قیمت

2 x 2 = 4



تین  کی قیمت

2 x 3 = 6



لہٰذا 2، 4، 6، 8،... 2 کے عاد ہیں۔

www.perfect24u.com

ضرب کا عمل جو ہم پچھلی جماعت میں سیکھ کر آئے ہیں وہ ہمیں کسی بھی عدد کے معلوم کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ 2، 3، 4 اور 5 کے چند عاد ذیل میں دیے گئے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 x 1 = 2 | 3 x 1 = 3 | 4 x 1 = 4 | 5 x 1 = 5 |
| 2 x 2 = 4 | 3 x 2 = 6 | 4 x 2 = 8 | 5 x 2 = 10 |
| 2 x 3 = 6 | 3 x 3 = 9 | 4 x 3 = 12 | 5 x 3 = 15 |
| 2 x 4 = 8 | 3 x 4 = 12 | 4 x 4 = 16 | 5 x 4 = 20 |

قوانین




## 1۔ ہندسی عدد کے پہلے 12 عاد لکھنا

**مثال 1:** 8 اور 6 کے پہلے 12 عاد لکھیں۔

حل:

8 کے پہلے 12 عاد

8، 16، 24، 32، 40، 48، 56، 64، 72، 80، 88 اور 96

6 کے پہلے 12 عاد

6، 12، 18، 24، 30، 36، 42، 48، 54، 60، 66 اور 72

### اجزائے ضربی اور عاد میں فرق

6 کے عاد 6، 12، 18، ... ہیں۔ یہ لامحدود ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | x | 6 | = | 6 |
| 2 | x | 3 | = | 6 |
| 3 | x | 2 | = | 6 |
| 6 | x | 1 | = | 6 |

6 کے جزو ضربی 1، 2، 3 اور 6 ہیں۔ ان کی تعداد کو شمار کیا جاسکتا ہے۔

عاد اور اجزائے ضربی معلوم کرنے کے لئے ضرب اور تقسیم کا عمل کیا جاتا ہے۔

www.perfect24u.com

## مشق 2.3

1. 4، 7 اور 9 کے پہلے 12 عاد معلوم کریں۔
2. 16، 26 اور 45 کے تمام جزوضربی لکھیں۔
3. ذیل میں سے 7 کے تمام عاد کو دائرہ دیں۔

   14 , 24 , 28 , 35 , 45 , 56 , 62 , 84 , 69
4. 20 اور 90 کے درمیان 8 کے تمام عاد لکھیں۔
5. 10 اور 30 کے درمیان 50 کے تمام جزوضربی لکھیں۔

## 2.4 مفرد تجزیاں

### مفرد تجزی کے ذریعے اجزائے ضربی معلوم کرنا

کسی عدد کے مفرد اجزائے ضربی کے حاصل ضرب کے لکھنے کے طریقہ کو مفرد تجزی معلوم کرنا کہتے ہیں۔

مفرد تجزی معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں:

1- تجزی کا درخت 2- بذریعہ تقسیم

### 1. تجزی کا درخت:

**مثال 1:** 18 کی مفرد تجزیاں معلوم کریں۔




'1' اور '18' کے علاوہ کوئی بھی دو جزوضربی منتخب کریں۔

9 مرکب عدد ہے اس لئے ہم $9 = 3 \times 3$ لکھ سکتے ہیں۔

2 اور 3 دونوں مفرد عدد ہیں۔ جی ہاں، عمل روک دیں

لہٰذا ہم لکھ سکتے ہیں: $18 = 2 \times 3 \times 3$

2 اور 3 مفرد تجزیاں ہیں۔

ہم 3 اور 6 کو 18 کی اجزائے ضربی لے سکتے ہیں۔




ہم لکھ سکتے ہیں: $3 \times 2 \times 3 = 18$

www.perfect24u.com

**مثال 2:** 24 کی مفرد تجزیاں معلوم کریں۔

ہم 3 اور 8 یا 2 اور 12 کو 24 کے اجزائے ضربی لے سکتے ہیں۔

چونکہ 4 اور 6 دونوں مرکب عدد ہیں، اس لئے انہیں دیگر اجزائے ضربی میں تحویل کریں۔




24 کی مفرد تجزیاں 2، 2، 2 اور 3 ہیں۔

## 2. بذریعہ تقسیم

**مثال 1:**

| | |
|---|---|
| 2 | 18 |
| 3 | 9 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

چونکہ $2 \times 9 = 18$

چونکہ $3 \times 3 = 9$

چونکہ $3 \times 1 = 3$

لہٰذا $18 = 2 \times 3 \times 3$

**مثال 2:**

| | |
|---|---|
| 2 | 24 |
| 2 | 12 |
| 2 | 6 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

چونکہ $2 \times 12 = 24$

چونکہ $2 \times 6 = 12$

چونکہ $2 \times 3 = 6$

چونکہ $3 \times 1 = 3$

لہٰذا $24 = 2 \times 2 \times 2 \times 3$

## مشق 2.4

1. ذیل کے اعداد کی تمام اجزائے ضربی لکھیں اور مفرد اجزائے ضربی کی نشاندہی کریں۔

(i) 12 (ii) 20 (iii) 25 (iv) 44 (v) 64 (vi) 28

2. تجزی کے درخت کو استعمال کرتے ہوئے ذیل کے اجزائے ضربی معلوم کریں۔

(i) 36 (ii) 54 (iii) 27 (iv) 45 (v) 32 (vi) 82

3. ذیل کے اعداد کے اجزائے ضربی بذریعہ تقسیم معلوم کریں۔

(i) 63 (ii) 45 (iii) 72 (iv) 54 (v) 38 (vi) 90

www.perfect24u.com

## 2.5 عادِاعظم مشترک

دو یا دو سے زیادہ 2 ہندسی اعداد کے مشترک جزو ضربی معلوم کریں۔

آئیں پہلے کسی بھی دو اعداد کے سب اجزائے ضربی لکھ لیتے ہیں۔

**مثال 1:** 18 کے اجزائے ضربی **1**، **2**، **3**، **6**، 9 اور 18 ہیں۔

24 کے اجزائے ضربی **1**، **2**، **3**، 4، **6**، 8، 12 اور 24 ہیں۔

18 اور 24 کے مشترک اجزائے ضربی 1، 2، 3 اور 6 ہیں۔

ان میں سے 6 سب سے بڑا ہے لہٰذا **6** عادِاعظم مشترک ہے۔

2 - ہندسی اعداد کا عادِاعظم مشترک معلوم کرنا

(i) وین اشکال (ii) مفرد تجزی

2 - ہندسی اعداد کا عادِاعظم معلوم کرنے کے لئے ذیل کی مثال پر غور کریں:

**مثال 1:** 28 اور 42 کا عادِاعظم مشترک مفرد تجزی اور وین اشکال سے معلوم کریں۔

**.1 وین اشکال**

آئیں ہم وین اشکال کے ذریعہ 28 اور 42 کی مفرد تجزیاں معلوم کریں۔




**.2 مفرد تجزی**

28 اور 42 کی مفرد تجزیاں بذریعہ تقسیم معلوم کریں۔

| | |
|---|---|
| 2 | 28 |
| 2 | 14 |
| 7 | 7 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 42 |
| 3 | 21 |
| 7 | 7 |
| | 1 |

28 = 2 x 2 x 7
42 = 2 x 3 x 7

← مشترک اجزائے ضربی کو دائرہ میں بند

HCF = 2 x 7 = 14 ← مشترک اجزائے ضربی کا حاصل ضرب

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد دوسرے اعداد کی مثالوں سے عادِاعظم کا تصور واضح کرے۔

www.perfect24u.com

**مثال 3:** وین اشکال اور مفرد تجزی کو استعمال کر کے 12، 18 اور 24 کا عادِ اعظم مشترک معلوم کریں۔




آئیں وین اشکال کی مدد سے 12، 18 اور 24 کے اجزاء معلوم کریں۔

لہٰذا عادِ اعظم مشترک: $= 2 \times 3 = 6$

**مفرد تجزی کے طریقے سے:**

آئیں مفرد تجزی کی مدد سے 12، 18 اور 24 کے مفرد اجزاء معلوم کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| 2 | 12 |
| 2 | 6 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 18 |
| 3 | 9 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 24 |
| 2 | 12 |
| 2 | 6 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

$12 = 2 \times 2 \times 3$

$18 = 2 \times 3 \times 3$

$24 = 2 \times 2 \times 2 \times 3$

$2 \times 3 = 6$ عادِ اعظم مشترک

**مثال 4:** وین اشکال اور مفرد تجزی کے طریقے سے 12، 18 اور 54 کا عادِ اعظم مشترک معلوم کریں۔

آؤ 12، 18 اور 54 کا مفرد اجزا معلوم کریں۔




$12 = 2 \times 2 \times 3$

$18 = 2 \times 3 \times 3$

$54 = 2 \times 3 \times 3 \times 3$

عادِ اعظم مشترک $= 2 \times 3 = 6$

**وین اشکال کی مدد سے**

آؤ وین اشکال کی مدد سے 12، 18 اور 54 کا وین اشکال کی مدد سے عادِ اعظم مشرک کا معلوم کرتے ہیں




عادِ اعظم مشترک $= 2 \times 3 = 6$

www.perfect24u.com

**مثال 2:** 27 اور 45 کا عاد اعظم مشترک بذریعہ مفرد تجزی اور وین اشکال معلوم کریں۔

**مفرد تجزی کا طریقہ**

27 اور 45 کی مفرد تجزیاں اجزائے ضربی کے درخت کی مدد سے معلوم کریں۔




27 = 3 x 3 x 3
45 = 3 x 3 x 5

عاد اعظم مشترک 3 x 3 = 9

**وین اشکال کا طریقہ:**

وین اشکال کی مدد سے مفرد تجزیاں معلوم کریں۔




عاد اعظم مشترک 3 x 3 = 9

## مشق 2.5

**.1** ذیل کے اعداد کے اجزائے ضربی معلوم کریں اور عام اجزائے ضربی کو دائرہ میں لکھیں۔

(i) 12 اور 18 (ii) 10 اور 15 (iii) 22 اور 44
(iv) 8 اور 32 (v) 36 اور 30

**.2** ذیل کے اعداد کا عاد اعظم مشترک مفرد تجزی کے ذریعہ معلوم کریں۔

(i) 36 اور 42 (ii) 28 اور 42 (iii) 45 اور 75
(iv) 25 اور 75 (v) 18 اور 72 (vi) 32 اور 64
(vii) 60 اور 90 (viii) 54 اور 63 (ix) 44 اور 99

**.3** ذیل کے اعداد کا عاد اعظم مشترک وین اشکال کی مدد سے معلوم کریں۔

(i) 24 اور 36 (ii) 63 اور 54 (iii) 40 اور 44
(iv) 48 اور 84 (v) 22 اور 24 (vi) 21,14 اور 49

www.perfect24u.com

## عاداعظم مشترک پر مشتمل روزمرہ زندگی کے مسائل حل کرنا

**مثال 1:** 48 سینٹی میٹر اور 64 سینٹی میٹر لمبائی کی دو تاروں کو ایک جیسی لمبائی والے ٹکڑوں میں کاٹنا ہے۔ بتایئے زیادہ سے زیادہ کتنی لمبائی کے ٹکڑے کاٹے جائیں؟

**حل:** ہمیں زیادہ سے زیادہ لمبائی معلوم کرنی ہے جس میں ان تاروں کو تقسیم کیا جاسکتا ہے۔
ہمیں 48 اور 64 کا عاداعظم مشترک نکالنا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 2 | 64 |
| 2 | 32 |
| 2 | 16 |
| 2 | 8 |
| 2 | 4 |
| 2 | 2 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 48 |
| 2 | 24 |
| 2 | 12 |
| 2 | 6 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

$48 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 3$

$64 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2$

عاداعظم $2 \times 2 \times 2 \times 2 = 16$

لہٰذا وہ بڑی سے بڑی لمبائی جس میں ان تاروں کو کاٹا جائے، 16 سینٹی میٹر ہے، تاکہ ان تاروں کو برابر لمبائی میں کاٹا جاسکے۔

**مثال 2:** ایک اسکول میں 3 کمپنیوں میں بالترتیب 80، 112 اور 144 اسکاؤٹ ہیں۔
زیادہ سے زیادہ بچوں کی تعداد بتائیں جن میں ان اسکاؤٹ کو برابر برابر تقسیم کیا جاسکے۔

| | |
|---|---|
| 2 | 144 |
| 2 | 72 |
| 2 | 36 |
| 2 | 18 |
| 3 | 9 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 112 |
| 2 | 56 |
| 2 | 28 |
| 2 | 14 |
| 7 | 7 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 80 |
| 2 | 40 |
| 2 | 20 |
| 2 | 10 |
| 5 | 5 |
| | 1 |

$80 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 5$

$112 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 7$

$144 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 3 \times 3$

لہٰذا
عاداعظم مشترک $2 \times 2 \times 2 \times 2 = 16$

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد روزمرہ زندگی کے مسائل مثلاً زمین میں ہل چلانے کے لئے درکار وقت، کاشتکاروں کی پیداوار، طے کردہ فاصلہ، اداکردہ کرایہ اور دوکاندار کی بیچی گئی چیزوں، سے عاداعظم مشترک کا تصور واضح کرے۔

www.perfect24u.com

مثال 3: شیبا کے پاس تین کپڑوں کے ٹکڑے ہیں۔ ان تینوں کی ناپ 12، 24 اور 30 میٹر ہے۔ ان تینوں ٹکڑوں کو برابر حصوں میں کاٹنے کے لئے زیادہ سے زیادہ کتنی ناپ لینی پڑے گی"

زیادہ سے زیادہ ناپ جو ان کو برابر حصوں میں کاٹنے کے لئے عاد اعظم مشترک سے معلوم کریں گے۔

لہٰذا:

| | |
|---|---|
| 2 | 30 |
| 3 | 15 |
| 5 | 5 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 24 |
| 2 | 12 |
| 2 | 6 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 12 |
| 2 | 6 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

$12 = 2 \times 2 \times 3$
$24 = 2 \times 2 \times 2 \times 3$
$30 = 2 \times 3 \times 5$

اس کو ہر ٹکڑے کو 6 میٹر والی ناپ سے کاٹنا پڑے گا۔ عاد اعظم مشترک $= 2 \times 3 = 6$

## مشق 2.6

**.1** حیدر کے پاس 36 ٹافیاں اور 48 جیلی ہیں۔ وہ اپنے ساتھی طالب علموں میں باٹنا چاہتا ہے۔ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد معلوم کریں جس میں کہ حیدر ان چیزوں کو برابر برابر تقسیم کر سکے۔

**.2** کتابوں کی وہ بڑی سے بڑی تعداد بتائیں جس میں 18 سائنس، 24 ریاضی اور 36 انگلش کی کتابوں کو برابر برابر تعداد میں ترتیب دیا جا سکے۔

**.3** دو ربن 44 سینٹی میٹر اور 66 سینٹی میٹر لمبی ہیں۔ وہ بڑی سے بڑی پیمائش بتائیں جس میں کہ ان ربن کو پورا پورا تقسیم کر سکیں۔

**.4** مونا کے پاس دو دستر خوان ہیں جن کی لمبائی بالترتیب 48 سینٹی میٹر اور 90 سینٹی میٹر ہے۔ وہ دونوں ٹکڑوں کو ایک جیسی لمبائی والی پٹیوں میں کاٹنا چاہتی ہے۔ ہر ایک پٹی کی لمبائی معلوم کریں۔

**.5** ایک کلاس ٹیچر کے پاس 32 سرخ، 28 نیلی اور 20 سبز گیندیں ہیں۔ وہ انہیں برابر برابر مقدار میں طالب علموں میں تقسیم کرنا چاہتی ہے۔ گیندوں کی وہ زیادہ سے زیادہ تعداد معلوم کریں جس میں کہ انہیں پورا پورا تقسیم کر سکیں۔

**.6** ذوالفقار کے پاس تین ڈبے ہیں جن میں بالترتیب 144، 176 اور 256 لٹر کوکونٹ آئل ہے۔ وہ بڑے سے بڑا پیمانہ معلوم کریں، کہ جس سے ہر ڈبے کو پورا پورا ناپا جا سکے۔

**.7** علی ہر 15 دن اور اظہر ہر 20 دن کے بعد باغ کی سیر کرنے جاتے ہیں۔ وہ آج باغ میں اکٹھے تھے۔ وہ کتنے دن کے بعد باغ میں دوبارہ ملیں گے؟

www.perfect24u.com

## 2.6 ذواضعاف اقل مشترک

دو یا زیادہ 2 ہندسی اعداد کے عاد معلوم کرنا۔

دو اعداد کے عاد جو کہ مشترک ہوں، مشترک عاد کہلاتے ہیں۔

**مثال 1:** 4 اور 6 سے ابتدا کرتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 4 کے عاد | | 4 , 8 , **12** , 16 , 20 , **24** , 28 , 32 , **36** , ... |
| 6 کے عاد | | 6 , **12** , 18 , **24** , 30 , **36** , 42 , 48 , 54 , ... |

4 اور 6 کے مشترک عاد 12، 24 اور 36 ہیں۔

> کسی بھی دو اعداد کے مشترک عاد کی تعداد کی کوئی حد نہیں ہوتی کیونکہ عاد لا محدود ہوتے ہیں۔

**مثال 2:**

8 اور 12 کے چار پہلے مشترک عاد معلوم کریں۔

8 کے عاد = 8, 16, **24**, 32, 40, **48**, 56, 64, **72**, 80, 88, **96**, ...

12 کے عاد = 12, **24**, 36, **48**, 60, **72**, 84, **96**, 108, ...

پہلے چار مشترک عاد 24، 48، 72 اور 96 ہیں۔

ذواضعاف اقل معلوم کرنا بذریعہ (i) مشترک عاد (ii) مفرد تجزی

مذکورہ طریقوں سے ذواضعاف اقل معلوم کرنے کے لئے اوپر دی گئی مثالوں پر غور کریں۔

مثال 1 میں 4 اور 6 کے مشترک عادوں میں سے 12 سب سے چھوٹا ہے،

لہٰذا 4 اور 6 کا ذواضعاف اقل 12 ہے۔

کیا سب سے بڑا مشترک عاد ہوتا ہے؟؟

اسی طرح مثال 2 میں 8 اور 12 کے مشترک عادوں میں سب سے چھوٹا عدد **24** ہے، لہٰذا 8 اور 12 کا ذواضعاف اقل **24** ہے۔

ذواضعاف اقل معلوم کرنے کا یہ طریقہ مشترک عاد والا طریقہ کہلاتا ہے۔

www.perfect24u.com

دوسرا طریقہ مفرد تجزی کا ہے۔

**مثال 1:**

24، 36 اور 48 کا ذواضعاف اقل مفرد تجزی طریقے سے معلوم کریں۔

| | |
|---|---|
| 2 | 24 |
| 2 | 12 |
| 2 | 6 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 36 |
| 2 | 18 |
| 3 | 9 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

| | |
|---|---|
| 2 | 48 |
| 2 | 24 |
| 2 | 12 |
| 2 | 6 |
| 3 | 3 |
| | 1 |

$24 = 2 \times 2 \times 2 \times 3$

$36 = 2 \times 2 \times 3 \times 3$

$48 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 3$

ذواضعاف اقل سب اعداد سے پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے

ذواضعاف اقل = مشترک اجزائے ضربی × غیر مشترک اجزائے ضربی

$= 2 \times 2 \times 2 \times 3 \times 3 \times 2$

ذواضعاف اقل = 144

**مثال 2:** 12، 18 اور 20 کا ذواضعاف اقل مفرد تجزی کے طریقہ سے معلوم کریں۔




$12 = 2 \times 2 \times 3$

$18 = 2 \times 3 \times 3$

$20 = 2 \times 2 \times 5$

ذواضعاف اقل $= 2 \times 2 \times 2 \times 3 \times 3 \times 3 \times 5 = 1080$

www.perfect24u.com

## مشق 2.7

.1 مشترک عاد کی مدد سے ذیل کا ذواضعاف اقل معلوم کریں۔

(i) 25 اور 15 (ii) 12 اور 14 (iii) 10 اور 20

(iv) 6 اور 9 (v) 7 اور 5

.2 ذیل کا ذواضعاف اقل مفرد تجزی کے تحت معلوم کریں:

(i) 42 اور 18 (ii) 15 اور 36

(iii) 12 اور 45 (iv) 35 اور 15

(v) 20 اور 48 (vi) 27 اور 24

(vii) 45 اور 63 (viii) 30 اور 18

(ix) 24 اور 46 (x) 22 اور48

### ذواضعاف اقل پر مشتمل روزمرہ زندگی کے مسائل حل کرنا

مثال 1: آج فٹ بال اور باسکٹ بال کی دونوں ٹیموں کا میچ تھا۔ فٹ بال ٹیم ہر تیسرے دن کھیلتی ہے، جب کہ باسکٹ ٹیم ہر پانچ دن کے بعد کھیلتی ہے۔ اب دونوں ٹیمیں میچ کب کھیلیں گی؟

حل: 3 اور 5 کی ذواضعاف اقل 15 ہے۔ اس کا مطلب 15 دن کے بعد دونوں ٹیمیں میچ کھیلیں گی۔

مثال 2: ریسٹورینٹ میں ایک مینیجر بنس 8 کے پیکیج میں، برگر 10 کے پیکیج میں اور شامی کباب 26 پیکیج میں خرید کرتا ہے۔ کم سے کم پیکیج کی کیا تعداد ہو جو یہ تینوں اشیاء ایک جتنی لے سکیں؟

حل: 8 اور 10 اور 6 کی ذواضعاف اقل 120 ہے۔ اس لئے اس کو بنس، شامی کباب اور برگر کے لئے کم سے کم 120 پیکیج لینے چاہئیں۔

www.perfect24u.com

مثال 3: 3 گھنٹیاں 7، 10 اور 14 منٹوں کے ترتیبوار وقفے سے بجتی ہیں۔ یہ ایک ہی وقت میں بجنا شروع کرتی ہیں۔ اب یہ معلوم کریں کہ کتنے وقفے کے بعد یہ تینوں ایک ساتھ کب بجیں گی؟

حل:

| | |
|---|---|
| 2 | 7, 10, 14 |
| 5 | 7, 5, 7 |
| 7 | 7, 1, 7 |
| | 1, 1, 1 |

عاداعظم مشترک: = 2x5x7 = 70

لہٰذا تینوں گھنٹیاں 70 منٹ کے بعد بجنا شروع کریں گی۔

## مشق 2.8

1. علی روزانہ 9 روپے بچاتا ہے، جب کہ ماریہ روزانہ 12 روپے بچاتی ہے۔ کم سے کم کتنے پیسے ہوں گے جو دونوں ایک ہی جتنے بچائیں گے؟
2. ایک شاگرد دوسرے شاگرد کو دیکھ کر ہر تین منٹوں کے بعد مسکراتا ہے جب کہ دوسرا شاگرد پہلے شاگرد کو دیکھ کر ہر چھ منٹ کے بعد مسکراتا ہے۔ دونوں شاگرد ایک دوسرے کو دیکھ کر ایک ہی وقت میں کب مسکرائیں گے؟
3. 12 انچ لمبے ڈبوں کے نزدیک 10 انچ لمبے ڈبے رکھے ہیں۔ کم سے کم لمبائی کیا ہو گی کہ دونوں ڈبے ایک ئی اونچائی پر ہوں؟
4. دو بندے مار و تھرن ریس میں ریس شروع ہونے کے 72 منٹ کے بعد پانی کا سپ لیتے ہیں۔ اگر پہلا بندہ ہر 9 منٹ کے بعد پانی کا سپ بھرتا ہے۔ یہ بتائیں کہ دوسرا بندہ کتنے پانی کے سپ بھرے گا؟
5. ایک ریڈیو اسٹیشن پر گانا "ہو جمالو" ہر دوسرے دن چلتا ہے۔ ایک دوسرے اسٹیشن پر یہ ہی گانا ہر تیسرے دن چلتا ہے۔ تیس دن کے بعد یہ ہی گانا دونوں اسٹیشن پر ایک ساتھ کتنی بار چلایا جائے گا؟
6. علی ہر 12 دن کے بعد دوڑتا ہے۔ انیس ہر 8 دن کے بعد دوڑتا ہے اور امین ہر 6 دن کے بعد دوڑتا ہے۔ کم سے کم کتنے دن کے بعد یہ تینوں ایک ساتھ دوڑیں گے؟

www.perfect24u.com

## جائزہ مشق 2

**.1** صحیح جواب کی نشاندہی کریں:

(i) کون سا عدد 2 سے پورا پورا تقسیم ہو سکتا ہے؟

(الف) 567 (ب) 484

(ج) 257 (د) 193

(ii) ذیل میں کون سا عدد 3 سے پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے؟

(الف) 143 (ب) 483

(ج) 367 (د) 941

(iii) ذیل میں کون سا عدد 2 سے اور 10 سے پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے؟

(الف) 4579 (ب) 3921

(ج) 4050 (د) 2108

(iv) 39 اور 52 کا عادِ اعظم کیا ہے؟

(الف) 39 (ب) 26

(ج) 13 (د) 1

(v) ذیل کا ذواضعاف اقل کیا ہے؟

(الف) 528 (ب) 185 (ج) 246 (د) 114

**.2** 69 اور 36 کا عادِ اعظم اور ذواضعاف اقل معلوم کریں۔

**.3** 37 اور 47 کا عادِ اعظم اور ذواضعاف اقل معلوم کریں۔ اپنے جواب کی وضاحت کریں۔

**.4** صبا 45 پیٹیس، 55 سموسے اور 75 جوس تقسیم کرنا چاہتی ہے۔ وہ زیادہ سے زیادہ طالب علموں کی تعداد معلوم کریں جن میں یہ چیزیں پوری پوری تقسیم کی جا سکیں۔

**.5** ردا اپنی سالگرہ کیفے ٹیریا میں منا رہی ہے۔ وہ اپنی دوستوں میں 15 سینڈوچ اور 30 پیزا کے ٹکڑے پورے پورے تقسیم کرنا چاہتی ہے۔ دوستوں کی تعداد بتائیں جن کو تقریب میں بلایا جا سکے۔

www.perfect24u.com

# کسور

## 3.1 کسور

### کسر کی تعریف

کسر ایک مکمل کے برابر تقسیم کیے گئے حصہ کو کہتے ہیں




**مثال** ذیل کی اشکال میں رنگدار اور غیر رنگدار حصوں کو کسر میں ظاہر کیا گیا ہے اور عبارتی طور پر لکھا گیا ہے۔

غیر رنگدار حصہ




www.perfect24u.com

## ایک جیسے اور غیر ہم کسور کی پہچان

ذیل کی اشکال پر غور کریں

غیر رنگدار




رنگدار




آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟

ایک شکل برابر حصوں میں تقسیم کی گئی ہے

ہر کسر کا نسب نما یکساں ہے

یہ باہم ایک جیسی کسور ہیں

ایک مکمل کو ایک جتنے برابر حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے

جن کسور کے نسب نما مختلف ہوں وہ غیر ہم کسور کہلاتی ہیں

مثلاً رنگدار حصے

ایک مکمل کو مختلف برابر حصوں میں بانٹا جاتا ہے




یہ غیر ہم کسور ہیں

**مثال** ایک جیسے اور غیر ہم کسور کو الگ کریں

(i) $\frac{3}{4}$ , $\frac{5}{7}$ (ii) $\frac{1}{5}$ , $\frac{2}{5}$

**حل:**

ایک ہم کسور کا جوڑا $\frac{1}{5}$ , $\frac{2}{5}$

غیر ہم کسور کا جوڑا $\frac{3}{4}$ , $\frac{5}{7}$

www.perfect24u.com

## دو غیر ہم کسور کو مترادف (نسب نما، ایک جیسا نسب نما) بنانے کا موازنہ کرنا

گذشتہ جماعت میں آپ کسور کا موازنہ سیکھ چکے ہیں۔ آیئے اسے دہرائیں۔ رنگدار حصوں کو ظاہر کرنے والی کسور کا موازنہ کریں۔




ہم کسور کے شمار کنندہ کو دیکھیں۔ بڑے شمار کنندہ والی کسر بڑی ہو گی۔

### مثال

$\frac{8}{9} > \frac{5}{9}$ , $\frac{7}{11} > \frac{2}{11}$ , $\frac{1}{16} < \frac{5}{16}$ , $\frac{2}{7} < \frac{5}{7}$

ہم غیر ہم کسور کا بھی موازنہ کر سکتے ہیں۔

**مثال** ہم یہ کیسے معلوم کریں گے کہ $\frac{3}{4}$ سے $\frac{4}{7}$ چھوٹا ہے یا بڑا ہے۔

**حل:**

آیئے ان کسور کو مترادف کسور میں تحویل کریں (نسب نما کو یکساں بنائیں)

4, 7 اور 28 کا ذواضعاف اقل 28 ہے۔


www.perfect24u.com

اب ہم نسب نما کو یکساں بناتے ہیں

$$\frac{3}{4} = \frac{3 \times 7}{4 \times 7} = \frac{21}{28}$$

$$\frac{4}{7} = \frac{4 \times 4}{7 \times 4} = \frac{16}{28}$$

مترادف کسور، نسب نما و شمار کنندہ کو ایک ہی عدد سے ضرب کرنے پر حاصل ہوتے ہیں۔اس عمل سے کسور کی قیمت تبدیل نہیں ہوتی۔

اب یہ ہم کسور ہیں
لہٰذا اب آپ شمار کنندہ کا موازنہ کریں
یہاں

$$\frac{21}{28} > \frac{16}{28}$$

اسے $\frac{3}{4} > \frac{4}{7}$

یاد رکھیں:
- نسب نما کا ذو راضعاف اقل لیں۔
- نسب نما اور شمار کنندہ کو ایک ہی عدد سے ضرب کرکے نسب نما کو ذو راضعاف اقل میں تبدیل کریں۔

## کسور کو نزولی و صعودی ترتیب میں رکھنا

**مثال 1:**

ذیل کی کسور کو نزولی اور صعودی ترتیب میں لکھیں:

$\frac{3}{7}$ اور $\frac{1}{7}$ , $\frac{2}{7}$ , $\frac{6}{7}$

**حل:** $\frac{3}{7}$ , $\frac{1}{7}$ , $\frac{2}{7}$ , $\frac{6}{7}$

یہ ہم کسور ہیں اس لئے ہم ان کے شمار کنندہ کا موازنہ کریں گے۔

نزولی ترتیب

$\frac{6}{7}$ , $\frac{3}{7}$ , $\frac{2}{7}$ , $\frac{1}{7}$

صعودی ترتیب

$\frac{1}{7}$ , $\frac{2}{7}$ , $\frac{3}{7}$ , $\frac{6}{7}$

نزولی ترتیب کے برعکس

www.perfect24u.com

**مثال 2:** $\frac{5}{9}$ اور $\frac{4}{5}$ کا موازنہ کریں

**حل:**

5 اور 9 کا ذواضعاف اقل 45 ہے $\frac{5}{9} = \frac{5 \times 5}{9 \times 5} = \frac{25}{45}$

ہم نے دونوں کسور کا نسب نما 45 بنایا $\frac{4}{5} = \frac{4 \times 9}{5 \times 9} = \frac{36}{45}$

لہٰذا ہم شمار کنندہ 25 اور 45 کا موازنہ کریں گے

کیونکہ $25 < 36$

اس لئے $\frac{5}{9} < \frac{4}{5}$

**مثال 3:** ذیل کی کسور کو نزولی و صعودی ترتیب میں لکھیں۔

$\frac{1}{3}$ اور $\frac{7}{12}$ , $\frac{5}{6}$ , $\frac{2}{9}$

**حل:**

یہ غیر ہم کسور ہیں ہم انہیں مترادف کسور میں تحویل کریں گے

**مرحلہ 1:** نسب نماؤں کا ذواضعفاف اقل معلوم کریں۔

(12,6,9 اور 3 کا ذو اضعاف اقل 36 ہے)

**مرحلہ 2:** نسب نما اور شمار کنندہ دونوں کو ایک ہی عدد سے ضرب کریں تاکہ نسب نما یکساں آئے۔

$$\frac{2 \times 4}{9 \times 4} = \frac{8}{36}, \quad \frac{5 \times 6}{6 \times 6} = \frac{30}{36}, \quad \frac{7 \times 3}{12 \times 3} = \frac{21}{36}, \quad \frac{1 \times 12}{3 \times 12} = \frac{12}{36}$$

یا $\frac{12}{36}$ , $\frac{21}{36}$ , $\frac{30}{36}$ , $\frac{8}{36}$

اب ہم شمار کنندہ دیکھ کر انہیں ترتیب سے رکھ سکتے ہیں

www.perfect24u.com

### نزولی ترتیب

$\frac{30}{36}$ ، $\frac{21}{36}$ ، $\frac{12}{36}$ ، $\frac{8}{36}$

اگر نسب نما یکساں ہوں
تو جس کا شمار کنندہ بڑا ہو وہ کسر بڑی ہو گی

یا $\frac{5}{6}$ ، $\frac{7}{12}$ ، $\frac{1}{3}$ ، $\frac{2}{9}$

### صعودی ترتیب

$\frac{2}{9}$ ، $\frac{1}{3}$ ، $\frac{7}{12}$ ، $\frac{5}{6}$

## کسور کو سادہ ترین صورت میں تحویل کرنا

(نسب نما اندر شمار کنندہ کو ایک ہی عدد سے تقسیم کرنے سے) کسور کو مختصر ترین صورت میں تحویل کر سکتے ہیں

**مثال 1:** $\frac{30}{45}$ کو سادہ صورت میں لائیں

**حل:**

$\frac{30}{45}$ → دونوں عدد 3 سے تقسیم ہو سکتے ہیں

$\frac{30 \div 3}{45 \div 3} = \frac{10}{15}$ → دونوں اب بھی 5 سے تقسیم ہو سکتے ہیں۔

اب چونکہ نسب نما و شمار کنندہ صرف اس سے تقسیم ہو سکتے ہیں

اسی طرح $\frac{10}{15} = \frac{10 \div 5}{15 \div 5} = \frac{2}{3}$ → اب رک جائیں !!!!!

↓

چونکہ 2 اور 3 کسی بھی ایک عدد سے دونوں تقسیم نہیں ہو سکتے

لہٰذا $\frac{2}{3}$ کسر کی سادہ ترین صورت ہے $\frac{\cancel{30}^{10}}{\cancel{45}_{15}} = \frac{\cancel{10}^{2}}{\cancel{15}_{3}} = \frac{2}{3}$

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد شاگردوں کو ذو اضعاف اقل کے ذریعے کسور کی ترتیب صعودی و نزولی سمجھائے۔

www.perfect24u.com

## مشق 3.1

**.1** ذیل کی کسور کے جوڑوں میں سے ہم کسور اور غیر ہم کسور کو الگ کریں۔

(i) $\frac{2}{7}$ اور $\frac{6}{7}$ (ii) $\frac{2}{9}$ اور $\frac{2}{15}$

(iii) $\frac{8}{17}$ اور $\frac{7}{17}$ (iv) $\frac{3}{10}$ اور $\frac{6}{11}$

(v) $\frac{7}{11}$ اور $\frac{7}{10}$ (vi) $\frac{1}{4}$ اور $\frac{3}{4}$

(vii) $\frac{4}{13}$ اور $\frac{13}{15}$ (viii) $\frac{11}{19}$ اور $\frac{16}{19}$

**.2** کسور کو باہم مترادف بنا کر ذیل کی خالی جگہیں "$>$"، "$<$" یا "$=$" کی علامت سے پُر کریں۔

(i) $\frac{3}{8}\ \square\ \frac{3}{8}$ (ii) $\frac{5}{6}\ \square\ \frac{4}{9}$ (iii) $\frac{7}{12}\ \square\ \frac{1}{4}$

(iv) $\frac{2}{7}\ \square\ \frac{13}{14}$ (v) $\frac{6}{15}\ \square\ \frac{3}{10}$ (vi) $\frac{9}{11}\ \square\ \frac{16}{22}$

**.3** ذیل کو کسور کو نزولی اور صعودی ترتیب میں لکھیں۔

(i) $\frac{6}{7}, \frac{9}{7}, \frac{5}{7}$ (ii) $\frac{5}{6}, \frac{2}{3}, \frac{5}{9}$

(iii) $\frac{2}{5}, \frac{1}{3}, \frac{4}{15}$ (iv) $\frac{5}{12}, \frac{4}{8}, \frac{3}{4}, \frac{1}{6}$

(v) $\frac{9}{8}, \frac{7}{2}, \frac{13}{6}, \frac{5}{4}$ (vi) $\frac{5}{12}, \frac{7}{6}, \frac{7}{4}, \frac{5}{2}$

**.4** ذیل کی کسور کو سادہ ترین صورت میں تحریر کریں۔

(i) $\frac{24}{32}$ (ii) $\frac{18}{27}$ (iii) $\frac{30}{50}$ (iv) $\frac{14}{42}$ (v) $\frac{33}{66}$

www.perfect24u.com

## 3.2 کسر کی اقسام

### اکائی، واجب، غیر واجب اور مخلوط کسور کو شناخت کرنا۔



اکائی کسور

شمار کنندہ ہمیشہ "1" ہوتا ہے۔



$\frac{1}{2}$ $\frac{1}{5}$ $\frac{1}{4}$

یہ کسر "1" کے مساوی ہوتے ہیں۔



واجب کسر

شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہوتا ہے۔



$\frac{1}{5}$ $\frac{3}{8}$ $\frac{3}{4}$

یہ کسور "1" سے چھوٹی ہوتی ہے۔



غیر واجب کسر

شمار کنندہ نسب نما سے بڑا یا برابر ہوتا ہے۔



یہ کسور "1" سے بڑے ہیں۔

$\frac{3}{3} + \frac{1}{3} = \frac{4}{3}$ $\frac{4}{4} + \frac{3}{4} = \frac{7}{4}$

www.perfect24u.com

**مخلوط کسر** ← ایک مکمل عدد اور واجب کسر



$1\frac{1}{2}$



$2\frac{3}{4}$

یہ غیر واجب کسر جیسے ہوتے ہیں



$1\frac{1}{3}$

## غیر واجب کو مخلوط کسر اور مخلوط کسر کو غیر واجب کسر میں تحویل کرنا

**مثال 1:** $5\frac{1}{2}$ مخلوط کسر کو غیر واجب کسر میں تبدیل کریں۔

5 مکمل = 10 آدھا

10 آدھا + 1 آدھا = 11 آدھا

$$5\frac{1}{2} = \frac{11}{2}$$

**مثال 2:** $\frac{13}{4}$ غیر واجب کسر کو مخلوط کسر میں تبدیل کریں۔

چار چوتھائی = 1 مکمل

13 چوتھائی = 3 مکمل اور ایک چوتھائی

(13 ÷ 4 = 3 باقی 1)

$$\frac{13}{4} = 3\frac{1}{4}$$

www.perfect24u.com

## مشق 3.2

**.1** ذیل میں سے اکائی، واجب، غیر واجب اور مخلوط کسر کی نشاندہی کریں۔

(i) $\frac{1}{3}$ (ii) $\frac{1}{4}$ (iii) $\frac{19}{4}$ (iv) $\frac{1}{7}$

(v) $\frac{5}{9}$ (vi) $2\frac{1}{8}$ (vii) $\frac{4}{3}$ (viii) 

(ix)  (x) 

**.2** ذیل کی غیر واجب کسور کو مخلوط کسر میں تحویل کریں۔

(i) $\frac{43}{7}$ (ii) $\frac{29}{4}$ (iii) $\frac{74}{9}$ (iv) $\frac{14}{6}$

(v) $\frac{28}{5}$ (vi) $\frac{67}{3}$ (vii) $\frac{85}{11}$ (viii) $\frac{86}{5}$

**.3** ذیل کی مخلوط کسور کو غیر واجب کسور میں ظاہر کریں۔

(i) $4\frac{3}{10}$ (ii) $5\frac{2}{3}$ (iii) $6\frac{1}{2}$ (iv) $3\frac{2}{7}$

(v) $8\frac{1}{4}$ (vi) $1\frac{11}{13}$ (vii) $7\frac{7}{8}$ (viii) $2\frac{6}{7}$

## 3.3 کسور کی جمع و تفریق

گزشتہ جماعت میں آپ کسور کی جمع اور تفریق سیکھ چکے ہیں۔ آیئے اسے دہرائیں۔

**مثال 1:** جمع کریں۔ $\frac{2}{7} + \frac{3}{7}$

**حل:** $\frac{2}{7} + \frac{3}{7} = \frac{5}{7}$

**مثال 2:** حل کریں۔ $\frac{7}{11} - \frac{4}{11}$

**حل:** $\frac{7}{11} - \frac{4}{11} = \frac{3}{11}$

www.perfect24u.com

## سرگرمی حل کریں۔

$\frac{3}{7} + \frac{5}{7} = \square$ $\qquad$ $\frac{4}{5} - \frac{2}{5} = \square$

$\frac{2}{9} + \frac{3}{9} = \square$ $\qquad$ $\frac{9}{15} - \frac{8}{15} = \square$

$\frac{5}{7} + \frac{1}{7} = \square$ $\qquad$ $\frac{7}{15} - \frac{4}{15} = \square$

$\frac{6}{10} + \frac{3}{10} = \square$ $\qquad$ $\frac{7}{12} - \frac{6}{12} = \square$

$\frac{5}{12} + \frac{2}{12} = \square$ $\qquad$ $\frac{8}{14} - \frac{5}{14} = \square$

$\frac{7}{11} + \frac{2}{11} = \square$ $\qquad$ $\frac{13}{17} - \frac{4}{17} = \square$

## کسور کی جمع (جن کے نسب نما مختلف ہوں)

**مثال 1:** جمع کریں: $\frac{2}{3} + \frac{5}{6}$

**حل:** ہم انہیں پہلے ایک جیسی کسور میں ان کا ذواضعاف اقل معلوم کرکے تحویل کریں گے۔

$$\frac{2}{3} = \frac{2 \times 2}{3 \times 2} = \frac{4}{6}$$

مترادف کسور کو استعمال کرتے ہوئے

$$\frac{2}{3} + \frac{5}{6}$$

ذواضعاف اقل 6 ہے

$$= \frac{4}{6} + \frac{5}{6}$$

شمار کنندہ کو جمع کرنے پر

$$= \frac{9}{6} = \frac{3}{2} = 1\frac{1}{2}$$

اپنے جواب کو ہمیشہ مختصر صورت میں لکھیں۔

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد غیر ہم نسب نما والی کسور کی جمع، تفریق کرنے کیلئے ایسی مثالیں دیں جن میں کہ ذواضعاف اقل معلوم کیا جائے۔

www.perfect24u.com

**مثال 2: حل کریں** $1\frac{3}{5} + 2\frac{1}{10}$

**حل:**

$$1\frac{3}{5} + 2\frac{1}{10} = \frac{8}{5} + \frac{21}{10}$$

غیر واجب کسور میں تحویل کرنے پر

$$= \frac{8 \times 2}{5 \times 2} + \frac{21 \times 1}{10 \times 1}$$

انہیں ایک جیسی نسب نما والی کسور بنائیں (ذو اضعاف اقل = 10)

$$= \frac{16}{10} + \frac{21}{10} = \frac{16 + 21}{10}$$

نسب نما کا مجموعہ

$$= \frac{37}{10}$$

$$= 3\frac{7}{10}$$

اپنا جواب ہمیشہ مختصر صورت میں رکھیں

10) 37 ( 3
−30
7

## کسور میں جمع کی خاصیت مبادلہ کی تصدیق (یکساں شمار کنندہ)

جب ہم دو کسور کو جمع کرتے ہیں تو ہم انہیں جس ترتیب میں جمع کریں مجموعہ ہمیشہ یکساں رہے گا۔ ان کو کسور میں جمع کی خاصیت مبادلہ کہتے ہیں۔

**مثال 1:** تصدیق کریں: $\frac{4}{17} + \frac{9}{17} = \frac{9}{17} + \frac{4}{17}$

**حل:**

$$\frac{4}{17} + \frac{9}{17} = \frac{4+9}{17} = \frac{13}{17}$$

$$\frac{9}{17} + \frac{4}{17} = \frac{9+4}{17} = \frac{13}{17}$$

نتیجہ یکساں ہے۔

اس طرح $\frac{4}{17} + \frac{9}{17} = \frac{9}{17} + \frac{4}{17}$

ہم دیکھتے ہیں کہ جمع کرتے وقت کسور کی ترتیب سے ان کے مجموعہ پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔

www.perfect24u.com

## کسور میں جمع کی خاصیت تلازم (ایک جیسے شمار کنندہ)

اس خاصیت کے تحت جب ہم **تین** کسور کی جمع کرتے ہیں تو ان کے جمع کرنے کی ترتیب ان کے مجموعہ پر کوئی اثر نہیں ڈالتی۔

**مثال:** تصدیق کریں: $\frac{2}{9}+\left(\frac{4}{9}+\frac{7}{9}\right) = \left(\frac{2}{9}+\frac{4}{9}\right)+\frac{7}{9}$

تصدیق کرنا

$\left(\frac{2}{9}+\frac{4}{9}\right)+\frac{7}{9}$ ← = → $\frac{2}{9}+\left(\frac{4}{9}+\frac{7}{9}\right)$

$= \frac{6}{9}+\frac{7}{9}$ | $= \frac{2}{9}+\frac{11}{9}$

$= \frac{13}{9}$ ← نتیجہ وہی ہے → $= \frac{13}{9}$

لہٰذا $\frac{2}{9}+\left(\frac{4}{9}+\frac{7}{9}\right) = \left(\frac{2}{9}+\frac{4}{9}\right)+\frac{7}{9}$

## مختلف یا غیر ہم نسب نما والی کسور کی تفریق

ہم جانتے ہیں کہ ایک جیسی نسب نما والی کسور کو تفریق کرتے وقت ہم صرف ان کے شمار کنندہ کو باہم تفریق کرتے ہیں۔ ان کے نسب نما وہی رہتے ہیں۔

**مثال 1:** تفریق کریں۔ $\frac{5}{8} - \frac{1}{2}$

**حل:** $\frac{5}{8} - \frac{1}{2}$

8 اور 2 کے ذو اضعاف اقل معلوم کر کے

| | |
|---|---|
| 2 | 8, 2 |
| 2 | 4, 1 |
| 2 | 2, 1 |
| | 1, 1 |

ذو اضعاف اقل $= 2 \times 2 \times 2 = 8$

$= \frac{5\times1-1\times4}{8}$

$= \frac{5-4}{8}$

$= \frac{1}{8}$

**یا**

$\frac{5}{8} - \frac{1}{2}$

$\frac{1}{2}$ کے مترادف کسور بنا کر

$\frac{1\times4}{2\times4} = \frac{4}{8}$ لہٰذا حاصل ہونگے

$= \frac{5}{8} - \frac{4}{8}$

$= \frac{5-4}{8} = \frac{1}{8}$

www.perfect24u.com

**مثال 2:** $1\frac{1}{6} - 3\frac{3}{4}$ کو سادہ صورت میں تحویل کریں۔

**حل:** $3\frac{3}{4} - 1\frac{1}{6}$

پہلے انہیں غیر واجب کسور میں تحویل کریں اور پھر ان کے نسب نما کا ذواضعاف اقل معلوم کریں۔

$$3\frac{3}{4} - 1\frac{1}{6} = \frac{15}{4} - \frac{7}{6}$$

$$= \frac{15 \times 3 - 7 \times 2}{12}$$

$$= \frac{45 - 14}{12} = \frac{31}{12} = 2\frac{7}{12}$$

## مشق 3.3

**.1** ذیل کی کسور کو جمع کریں۔

(i) $\frac{2}{3} + \frac{11}{9}$ (ii) $\frac{7}{6} + \frac{1}{2}$

(iii) $\frac{8}{10} + \frac{1}{2} + \frac{2}{4}$ (iv) $\frac{3}{4} + \frac{1}{2} + \frac{4}{6}$

(v) $3\frac{1}{2} + 5\frac{1}{3}$ (vi) $5\frac{1}{3} + 2\frac{3}{4}$

(vii) $\frac{2}{3} + 1\frac{1}{5} + \frac{3}{2}$ (viii) $2\frac{1}{7} + \frac{2}{5} + 1\frac{1}{7}$

**.2** ذیل کی کسور کو تفریق کریں۔ اپنا جواب سادہ ترین صورت میں لکھیں۔

(i) $\frac{5}{6} - \frac{1}{2}$ (ii) $\frac{7}{8} - \frac{3}{4}$ (iii) $\frac{4}{5} - \frac{1}{3}$

(iv) $3\frac{3}{10} - 1\frac{1}{4}$ (v) $9\frac{1}{2} - 3\frac{1}{5}$ (vi) $\frac{4}{5} - \frac{1}{10} - \frac{2}{15}$

**.3** جمع کی خاصیت مبادلہ اور تلازم استعمال کر کے خالی جگہیں پُر کریں۔

(i) $\frac{3}{5} + \frac{7}{4} = \cdots\cdots + \frac{3}{5}$ (ii) $\frac{2}{9} + \cdots\cdots = \frac{4}{7} + \cdots\cdots$

(iii) $\frac{1}{3} + \left(\frac{1}{5} + \frac{1}{4}\right) = \left(\frac{1}{3} + \cdots\cdots\right) + \frac{1}{4}$

(iv) $\frac{3}{10} + \left(\cdots\cdots + \frac{4}{5}\right) = \left(\cdots\cdots + \frac{2}{7}\right) + \frac{4}{5}$

www.perfect24u.com

## 3.4 کسور کی ضرب

### کسور کی مکمل عدد سے ضرب کرنا۔

ذیل کی تصویر پر غور کریں۔



ہر تصویر میں سایہ دار حصہ $\frac{1}{8}$ کسر کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ سایہ دار حصے کل ملا کر $\frac{3}{8}$ ہیں۔

یا $\frac{3}{8} = \frac{1}{8} + \frac{1}{8} + \frac{1}{8}$

ہم اسے ایسے بھی لکھ سکتے ہیں۔

$\frac{3}{8} = \frac{1}{8} \times$ ⟵ 3 اور $\frac{3}{1}$ باہم برابر ہیں

**ایک مکمل عدد کو کسر سے ضرب کرتے وقت، اس مکمل عدد سے کسر کے شمار کنندہ کو ضرب کرتے ہیں**

| مثال 1: | مراحل | مثال 2: |
|---|---|---|
| $5 \times \frac{3}{4}$ | | $7 \times \frac{3}{14}$ |
| $= \frac{5 \times 3}{4}$ | ▪ شمار کنندہ کو مکمل عدد سے ضرب کریں۔ | $= \frac{21}{14}$ |
| $= \frac{15}{4}$ | ▪ کسر کو مختصر کریں اگر ممکن ہو۔ | $= \frac{\cancel{21}^{3}}{\cancel{14}_{2}}$ |
| $= 3\frac{3}{4}$ | ▪ مخلوط کسر میں تحویل کریں۔ (اگر غیر واجب ہو) | $= \frac{3}{2}$ |
| | اپنے جواب کو سادہ ترین صورت میں لکھیں۔ | $= 1\frac{1}{2}$ |

www.perfect24u.com

## دو یا دو سے زیادہ کسور کو ضرب کرنا (واجب، غیر واجب اور مخلوط کسور)



یہ شکل $\frac{3}{4}$ کو ظاہر کرتی ہے۔ $\frac{1}{4}$ کا $\frac{3}{4}$ معلوم کرنے کے لئے ہم $\frac{3}{4}$ کو چار برابر حصوں میں تقسیم کریں گے اور ان چار حصوں میں سے ایک حصہ کو رنگین کریں گے۔



سامنے والی شکل $\frac{1}{4}$ کا $\frac{3}{4}$ ظاہر کرتی ہے۔

$\frac{3}{16}$ (دُہرا رنگین حصہ)

یہ $\frac{1}{4}$ کا $\frac{3}{4}$ کی تصویر کی وضاحت ہے۔

ہم $\frac{1}{4}$ کا $\frac{3}{4}$ کو اس طرح بھی لکھ سکتے ہیں۔

$$= \frac{1}{4} \times \frac{3}{4}$$

$$= \frac{1 \times 3}{4 \times 4}$$ → نسب نما و شمار کنندہ دونوں کو ضرب کریں

$$= \frac{3}{16}$$ → حاصل ضرب کو سادہ صورت میں لکھیں۔

**مثال 1:** حل کریں $\frac{1}{2} \times \frac{3}{5} \times \frac{2}{9}$

**حل:**

$$= \frac{2 \times 3 \times 1}{9 \times 5 \times 2}$$ → نسب نما اور شمار کنندہ کے اعداد کو باہم ضرب کرنے پر

$$= \frac{6}{90} \div \frac{3}{3}$$

$$= \frac{6 \div 3}{90 \div 3}$$

$$= \frac{\cancel{2}^{1}}{\cancel{30}_{15}} = \frac{1}{15}$$ اپنے جواب کو سادہ ترین صورت میں لکھیں

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد کو چاہئے کہ وہ کسور کے ضرب کے عمل کو جیومیٹری کی تصاویر کی مدد سے واضح کرے۔

www.perfect24u.com

## مخلوط کسور کی ضرب

مخلوط کسور کو ضرب کرنے کے لئے ایک عمل اور کرنا ہوگا۔

مخلوط کسور کو غیر واجب کسر میں تبدیل کریں۔ باقی مراحل وہی ہوں گے جو دو یا دو سے زیادہ کسور کی ضرب کے ہیں۔

| مثال 1: | مراحل | مثال 2: |
|---|---|---|
| $1\frac{3}{7} \times 3\frac{1}{9}$ | | $4\frac{2}{5} \times 3\frac{7}{11}$ |
| $= \frac{10}{3} \times \frac{28}{9}$ | • مخلوط کسر کو غیر واجب کسور میں تحویل کریں۔ (اگر ممکن ہو) | $= \frac{22}{5} \times \frac{40}{11}$ |
| $= \frac{10 \times 28}{3 \times 9}$ | • نسب نما کو نسب نما سے اور شمار کنندہ کو شمار کنندہ سے ضرب کریں۔ | $= \frac{22 \times 40}{5 \times 11}$ |
| $= \frac{280}{27}$ | | $= \frac{\cancel{880}^{176}}{\cancel{55}_{11}}$ |
| $= 4\frac{4}{9}$ | • حاصل ضرب کو مخلوط کسر میں تحویل کریں (اگر غیر واجب ہوں) | $= \frac{\cancel{176}^{16}}{\cancel{11}_{1}}$ |
| | اپنے جواب کو سادہ ترین صورت میں لکھیں۔ | $= 16$ |

### مشق 3.4

**1.** ذیل کو سادہ صورت میں تحویل کریں۔

(i) $\frac{5}{6}$ of 9 (ii) $\frac{4}{8}$ of 6 (iii) $\frac{3}{14}$ of 45

**2.** ذیل کی کسور کا حاصل ضرب معلوم کریں۔

(i) $\frac{1}{2} \times \frac{4}{10}$ (ii) $\frac{6}{9} \times \frac{8}{6}$ (iii) $\frac{15}{21} \times \frac{6}{9} \times \frac{1}{2}$

(iv) $\frac{12}{24} \times \frac{15}{18}$ (v) $\frac{6}{12} \times \frac{21}{24}$ (vi) $\frac{8}{16} \times \frac{4}{8} \times \frac{3}{2}$

(vii) $4\frac{4}{5} \times 4\frac{3}{3}$ (viii) $8\frac{1}{4} \times 3\frac{2}{6}$ (ix) $8\frac{4}{5} \times 3\frac{6}{8}$

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد خاصیت تلازم کے اصول کو ذہن نشین کرنے کے لئے کسور کی اور مثالیں بھی دے۔

www.perfect24u.com

## 3.5 کسور کو تقسیم کرنا

### کسر کو مکمل عدد سے تقسیم کرنا

کسر کی مکمل عدد سے تقسیم کو سمجھنے کے لئے ذیل کی مثالوں پر غور کریں۔

**مثال 1:** حل کریں۔ $\frac{1}{2} \div 4$

**حل:**

$\frac{1}{2} \div 4$ ایک آدھے حصے کو مزید چار حصوں میں تقسیم کرنا۔ لہٰذا ہر حصہ $\frac{1}{4}$ کا $\frac{1}{2}$ کہلائے گا۔

لہٰذا $\frac{1}{2} \times \frac{1}{4}$ یا $\frac{1}{4} \times \frac{1}{2}$

$= \frac{1}{8}$

4 سے تقسیم کرنا ایسے ہی ہے جیسے کہ $\frac{1}{4}$ سے ضرب کرنا (ضربی معکوس یا معکوس)

کسی بھی سادہ کسر کا معکوس معلوم کرنے کے لئے ہم شمار کنندہ اور نسب نما کو باہم تبدیل کرتے ہیں۔

**مثال 2:** حل کریں۔ $\frac{3}{7} \div 5$

**حل:**

$\frac{3}{7} \div 5 = \frac{3}{7} \div \frac{5}{1}$ (5 اور $\frac{5}{1}$ باہم مساوی ہیں)

$= \frac{3}{7} \times \frac{1}{5}$ →

- تقسیم کو ضرب میں تبدیل کریں۔
- 5 کا ضربی معکوس کریں۔

$= \frac{3 \times 1}{7 \times 5} = \frac{3}{35}$

**ہدایات برائے اساتذہ:** کسور کی مکمل اعداد سے تقسیم کے تصور کو واضح کرنے کے لئے استاد کمرۂ جماعت میں اور مثالیں بھی حل کرائے۔

www.perfect24u.com

## مکمل عدد کو کسر سے ضرب کرنا

**مثال** حل کریں۔ $15 \div \frac{2}{3}$

**حل:**

$$15 \div \frac{2}{3} = 15 \times \frac{3}{2} = \frac{15 \times 3}{2} = \frac{45}{2} = 22\frac{1}{2}$$

ہمیشہ تقسیم کی نشانی کے بعد کے عدد کا معکوس لکھتے ہیں۔

## کسر کو کسر سے تقسیم کرنا (واجب، غیر واجب اور مخلوط کسر)

طریقہ وہی رہے گا۔

**مثال 1:** حل کریں: $\frac{14}{27} \div \frac{7}{9}$

**حل:**

$$\frac{14}{27} \div \frac{7}{9} = \frac{\cancel{27}^{3}}{\cancel{14}_{2}} \times \frac{\cancel{7}^{1}}{\cancel{9}_{1}} = \frac{1 \times 3}{1 \times 2} = \frac{3}{2} = 1\frac{1}{2}$$

**وضاحت**

- '÷' کی علامت کو '×' میں تبدیل کرنا۔
- دوسری کسر کو معکوس میں تحویل کریں
- شمار کنندہ اور نسب نما کے اعداد کی باہم ضرب
- جواب کو مختصر کریں (اگر ممکن ہو)
- اپنے جواب کو سادہ ترین صورت میں لکھیں

**مثال 2:** حل کریں: $1\frac{3}{5} \div 2\frac{2}{7}$

**حل:**

$$2\frac{2}{7} \div 1\frac{3}{5} = \frac{16}{7} \div \frac{8}{5} = \frac{16}{7} \times \frac{8}{5} = \frac{\cancel{16}^{2}}{7} \times \frac{5}{\cancel{8}_{1}} = \frac{10}{7} = 1\frac{3}{7}$$

www.perfect24u.com

## مشق 3.5

حل کریں۔

(i) $\frac{4}{9} \div \frac{16}{9}$ (ii) $\frac{4}{8} \div \frac{2}{12}$ (iii) $\frac{15}{20} \div \frac{3}{12}$

(iv) $\frac{1}{4} \div \frac{7}{16}$ (v) $\frac{9}{10} \div \frac{12}{15}$ (vi) $\frac{9}{30} \div \frac{6}{12}$

(vii) $\frac{12}{21} \div \frac{6}{27}$ (viii) $\frac{5}{25} \div \frac{20}{30}$ (ix) $2\frac{1}{3} \div \frac{2}{5}$

(x) $2\frac{1}{3} \div \frac{2}{4}$ (xi) $2\frac{4}{5} \div \frac{2}{3}$ (xii) $3\frac{6}{83} \div 4\frac{2}{4}$

(xiii) $6 \div \frac{2}{3}$ (xiv) $\frac{2}{3} \div 8$ (xv) $\frac{12}{5} \div 9$

## کسور پر چاروں عوامل پر مشتمل حقیقی زندگی کے مسائل حل کرنا

**مثال 1:** ایک جار میں $\frac{1}{2}$ کلو گرام چینی ہے۔ دوسرے جار میں $\frac{1}{4}$ کلو گرام چینی ہے۔
چینی کی کل مقدار کتنی ہے؟

**حل:** $\frac{1}{2} + \frac{1}{4} = \frac{2+1}{4} = \frac{3}{4}$

چینی کی کل مقدار $\frac{3}{4}$ کلو ہے

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد بچوں کو اس عمل کی مشق کرائیں کہ عبارتی مسئلہ کو ریاضی میں حل کرنے کے لئے کیا کیا عمل کرتے ہیں۔

www.perfect24u.com

**مثال 2:** نسیمہ نے $4\frac{1}{4}$ کلو گرام خشک دودھ خریدا۔ اس میں سے $4\frac{3}{8}$ کلو گرام ایک ماہ میں استعمال کیا۔ باقی کتنا خشک دودھ بچا؟

**حل:** خشک دودھ کی کل مقدار = $4\frac{1}{4}$ کلو

خشک دودھ استعمال ہوا = $1\frac{3}{8}$ کلو

خشک دودھ بچا = $4\frac{1}{4} - 1\frac{3}{8}$

اب $4\frac{1}{4} - 1\frac{3}{8} = \frac{17}{4} - \frac{11}{8}$

$= \frac{34 - 11}{8} = \frac{23}{8} = 2\frac{7}{8}$

لہٰذا خشک دودھ بچا = $2\frac{7}{8}$ کلو گرام

**مثال 3:** رسی کے 5 ٹکڑوں کی کل لمبائی کیا ہو گی جبکہ ایک ٹکڑا $\frac{3}{4}$ میٹر لمبا ہو؟

**حل:** ایک ٹکڑے کی لمبائی = $\frac{3}{4}$ میٹر

5 ٹکڑوں کی لمبائی = $3\frac{3}{4} = \frac{15}{4} = 5 \times \frac{3}{4}$ میٹر

اس لئے 5 ٹکڑوں کی کل لمبائی $3\frac{3}{4}$ میٹر

## مشق 3.6

1. ایک خاندان ایک دن میں $4\frac{1}{4}$ کلو گرام دودھ جبکہ دوسرا خاندان $7\frac{1}{2}$ کلو گرام دودھ استعمال کرتا ہے۔ دونوں خاندانوں نے دن میں کتنا دودھ استعمال کیا؟

2. میری خالہ نے ربن کا $4\frac{1}{6}$ سم لمبا ٹکڑا خریدا۔ انہوں نے دوسرا ٹکڑا $4\frac{2}{5}$ سم لمبا خریدا۔ دوسرا ٹکڑا پہلے سے کتنا زیادہ لمبا ہے؟

3. میری عمر $8\frac{1}{2}$ سال ہے جبکہ میرا بھائی مجھ سے $2\frac{1}{2}$ سال چھوٹا ہے۔ میرے بھائی کی عمر کیا ہے؟

www.perfect24u.com

.4 نازیہ کے پاس $4\frac{4}{5}$ میٹر لمبی ربن ہے۔ اس نے $\frac{1}{2}$ میٹر ربن اپنی بیٹی کے تحفے کو پیک کرنے میں استعمال کی۔ بتائیے اس کے پاس کتنی ربن بچی؟

.5 ایک درخت 18 میٹر لمبا ہے۔ اس میں سے $\frac{2}{3}$ میٹر لمبائی کے کتنے ٹکڑے کاٹے جا سکتے ہیں؟

.6 ایک دوکاندار کے پاس 15 کلو گرام مونگ پھلیاں ہیں۔ وہ ایک تھیلی میں $\frac{2}{5}$ کلو گرام مونگ پھلیاں ڈالتا ہے۔ بتائیے وہ کتنی تھیلیاں استعمال کرے گا؟

## جائزہ مشق 3

.1 ذیل کی کسور کو مخلوط کسر میں تبدیل کرنا۔

(i) $\frac{66}{8}$ (ii) $\frac{17}{3}$ (iii) $\frac{23}{5}$ (iv) $\frac{40}{5}$

.2 ذیل کی مخلوط کسور کو غیر واجب کسور میں تحویل کریں۔

(i) $8\frac{4}{5}$ (ii) $3\frac{5}{8}$ (iii) $7\frac{3}{7}$ (iv) $4\frac{3}{2}$

.3 ذیل کی کسور کو نزولی ترتیب میں لکھیں۔

(i) $\frac{3}{8}, \frac{9}{8}, \frac{5}{8}$ (ii) $\frac{2}{3}, \frac{1}{4}, \frac{5}{6}$

(iii) $\frac{6}{4}, \frac{8}{3}, \frac{7}{6}, \frac{5}{2}$ (iv) $\frac{2}{7}, \frac{5}{11}, \frac{4}{5}, \frac{3}{11}$

.4 ذیل کی کسور کو صعودی ترتیب میں لکھیں۔

(i) $\frac{13}{6}, \frac{11}{6}, \frac{7}{6}$ (ii) $\frac{2}{3}, \frac{3}{5}, \frac{5}{6}$

(iii) $\frac{4}{15}, \frac{3}{10}, \frac{9}{20}, \frac{4}{5}$ (iv) $\frac{4}{3}, \frac{3}{5}, \frac{5}{7}, \frac{1}{3}$

.5 ذیل کی کسور کو سادہ ترین صورت میں تحویل کریں۔

(i) $\frac{30}{42}$ (ii) $\frac{24}{44}$ (iii) $2\frac{4}{8}$ (iv) $3\frac{3}{6}$

www.perfect24u.com

**6.** سادہ صورت میں لائیں۔

(i) $\frac{3}{5} + \frac{2}{4}$ (ii) $\frac{7}{9} + \frac{4}{6} + \frac{2}{3}$

(iii) $\frac{4}{5} + \frac{6}{10} + \frac{1}{2}$ (iv) $\frac{2}{3} + 4\frac{1}{2}$

**7.** سادہ صورت میں تبدیل کریں۔

(i) $\frac{3}{4} - \frac{4}{8}$ (ii) $\frac{11}{5} - \frac{9}{5}$

(iii) $\frac{13}{15} - \frac{5}{10} - \frac{1}{5}$ (iv) $5\frac{2}{3} - 4\frac{2}{4}$

**8.** ذیل کی کسور کو ضرب کریں اور اپنا جواب سادہ ترین صورت میں لکھیں۔

(i) $2\frac{2}{5} \times 2\frac{1}{2}$ (ii) $1\frac{2}{3} \times 2\frac{1}{4}$

(iii) $\frac{28}{35} \times \frac{12}{21}$ (iv) $1\frac{3}{5} \times 1\frac{5}{10}$

**9.** ذیل کی کسور کو تقسیم کریں اور جواب سادہ ترین صورت میں لکھیں۔

(i) $\frac{5}{6} \div 25$ (ii) $\frac{3}{4} \div \frac{5}{8}$

(iii) $5\frac{1}{2} \div 1\frac{1}{4}$ (iv) $7\frac{3}{5} \div 1\frac{7}{12}$

**10.** ناصر اور اس کا دوست ایک دوڑنے والے ٹریک پر دوڑ رہے تھے۔ناصر نے $7\frac{1}{2}$ کلومیٹر فاصلہ طے کیا جبکہ اس کے دوست نے $4\frac{2}{3}$ کلومیٹر فاصلہ طے کیا۔ ناصر نے اپنے دوست سے کتنا زیادہ فاصلہ طے کیا؟

**11.** ایک کمرے میں 32 غبارے ہیں۔ان میں سے $\frac{1}{4}$ سُرخ ہیں۔ بتائیے سُرخ غباروں کی تعداد کتنی ہے؟

**12.** جویریا کی گڑیا کی ڈریس بنانے کے لئے $\frac{3}{4}$ میٹر کپڑا لگتا ہے تو بتائیے $3\frac{3}{4}$ میٹر کپڑے سے کتنی ڈریس بنیں گی؟

**13.** ایک فیکٹری ایک گھنٹہ میں $9\frac{1}{2}$ لیٹر سیب کا جوس بناتی ہے تو بتائیے **14** گھنٹوں میں کتنا جوس بنائے گی؟

www.perfect24u.com

# اعشاریہ اور کسور

## 4.1 اعشاریہ

### اعشاریہ کسر کو اعشاری عدد سے ظاہر کرنا

پچھلے یونٹ میں ہم کسر سادہ کے بارے میں سیکھ چکے ہیں۔

کسور سادہ کو لکھنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے جسے اعشاریہ میں بھی ظاہر کیا جاتا ہے۔ آیئے اعشاریہ کے بارے میں سیکھتے ہیں

**کسر اعشاریہ کی وضاحت** کسر اعشاریہ ایک خاص قسم کی کسر ہے، جس کا شمار کنندہ 10 ہو یا 10 کی قوت نما ہو

اعشاری عدد ایک خاص قسم کی کسر ہے جس کا شمار کنندہ 10 یا 10 کا قوت نما ہوتا ہے۔ یعنی 10، 100، 1000 وغیرہ۔

ذیل کی تصویر کو غور سے دیکھیں۔



یہ ایک مکمل کسر کو 10 برابر حصوں میں تقسیم کی گئی ہے جس میں ایک حصہ رنگیں ہے۔

سادہ کسر میں رنگیں $\frac{1}{10}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے اور اسے ایک دسواں پڑھتے ہیں۔

اعشاریہ میں رنگیں کو 0.1 لکھتے ہیں اور ایک دسواں یا "صفر اعشاریہ ایک" پڑھتے ہیں۔




یہاں نقطہ (.) کو نقطہ اعشاریہ کہتے ہیں۔ یہ مکمل عدد اور کسری حصہ کو الگ کرتا ہے۔

www.perfect24u.com

اسی طرح رنگین حصہ



0.2 یا $\frac{2}{10}$ کو ظاہر کرتا ہے۔

0.7 یا $\frac{7}{10}$ کو ظاہر کرتا ہے۔

(1 مکمل کو ظاہر کرتا ہے) یا 1.0 = $\frac{10}{10}$ کو ظاہر کرتا ہے۔



2.3 یا $2\frac{3}{10}$ کو ظاہر کرتا ہے۔

(2 مکمل اور تین دسویں)

یہ ہم عددی خط پر بھی ظاہر کر سکتے ہیں۔




نقطہ A، $\frac{2}{10}$ یا 0.2 کو ظاہر کرتا ہے ، نقطہ B $\frac{7}{10}$ یا 0.7 کو ظاہر کرتا ہے۔

نقطہ C $\frac{10}{10}$ یا 1.0 کو اور نقطہ D $2\frac{3}{10}$ یا 2.3 کو ظاہر کرتا ہے۔

ذیل میں ہر ایک تصویر 100 برابر حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔ رنگین حصہ کیا ظاہر کرتا ہے؟



تصویر 1 تصویر 2 تصویر 3 تصویر 4

تصویر 1: ایک سواں = $\frac{1}{100}$ = 0.01 اسے "صفر اعشاریہ صفر ایک" پڑھتے ہیں۔

تصویر 2: دو سویں = $\frac{2}{100}$ = 0.02 اسے "صفر اعشاریہ صفر دو" پڑھتے ہیں۔

تصویر 3: چار سویں = $\frac{4}{100}$ = 0.04 اسے "صفر اعشاریہ صفر چار" پڑھتے ہیں۔

تصویر 4: نو سویں = $\frac{9}{100}$ = 0.09 اسے "صفر اعشاریہ صفر نو" پڑھتے ہیں۔

www.perfect24u.com

**مثال 1:** اگر ایک مکمل کو 100 برابر حصوں میں تقسیم کریں اور اس میں سے 31 کو سایہ دار کر دیں۔ اسے اعشاریہ میں لکھیں۔



سادہ کسر میں اسے $\frac{31}{100}$ لکھتے اور "اکتیس سویں" پڑھتے ہیں جبکہ اعشاریہ میں اسے 0.31 لکھتے ہیں

0.31 اور اسے صفر اعشاریہ تین ایک پڑھتے ہیں

یہ نوٹ کریں کہ اگر کسی مکمل عدد/چیز کو 100 برابر حصوں میں تقسیم کیا جائے تو نقطہ اعشاریہ کے بعد دو ہندسے آتے ہیں۔



اسی طرح سامنے دی گئی شکل میں رنگین حصہ 1.42 یا $1\frac{42}{100}$ کو ظاہر کرتا ہے۔

اسے "ایک اعشاریہ چار دو" پڑھتے ہیں۔



**سرگرمی:** ذیل کی اشکال میں رنگین حصوں کو ظاہر کرنے والی عام کسور اور کسر اعشاریہ لکھیں۔



کسر عام = $\frac{4}{10}$

کسر اعشاریہ = 0.4



کسر عام = ______

کسر اعشاریہ = ______



کسر عام = ______

کسر اعشاریہ = ______



کسر عام = ______

کسر اعشاریہ = ______

www.perfect24u.com

## نقطہ اعشاریہ کے بعد ہندسوں کی مقامی قیمت پہچاننا

نقطہ اعشاریہ کے بعد ہندسوں کی تعداد اعشاریہ درجہ کہلاتی ہے۔

ذیل کی مثالوں کو غور سے دیکھیے۔

**مثال 1:** کسر اعشاریہ 3.2 ایک درجی اعشاریہ ہے کیونکہ اس میں نقطہ اعشاریہ کے بعد ایک ہندسہ ہے۔

کسری حصہ کا شمار کنندہ 10 ہے

**مثال 2:** 1.43 دو درجی اعشاریہ ہے کیونکہ اس میں نقطہ اعشاریہ کے بعد دو ہندسے ہیں۔

کسری حصہ کا شمار کنندہ 100 ہے

**مثال 3:** کسر اعشاریہ 0.324 تین درجی اعشاریہ ہے کیونکہ نقطہ اعشاریہ کے بعد تین ہندسے ہیں۔

کسری حصہ کا شمار کنندہ 1000 ہے



**سرگرمی:** ذیل کی جدول میں اعشاری اعداد کے لئے شمار کنندہ اور اعشاریہ کے درجے لکھیں۔

| اعشاری عدد | شمار کنندہ | اعشاریہ کے درجہ |
|---|---|---|
| 0.3 | 10 | ایک |
| 13.5 | | |
| 0.84 | | |
| 732.52 | | |
| 0.324 | | |
| 583.123 | | |

کسی بھی اعشاری عدد میں کسر کا درجہ شمار کنندہ میں صفروں کی تعداد کے برابر ہوتا ہے۔

www.perfect24u.com

## اعشاری اعداد میں ہندسوں کی مقامی قیمت کی شناخت کرنا

اعشاری اعداد میں نقطہ اعشاریہ کے بعد ہر ہندسہ کی مقامی قیمت 10 گنا کم ہوتی جاتی ہے۔

کسر اعشاریہ میں مقامی قیمت سمجھنے کے لئے ذیل کی جدول دیکھیں۔

| کسر | سیکڑا دہائی اکائی | . | دسویں | سویں | ہزارویں |
|---|---|---|---|---|---|
| $\frac{1}{10}$ | 0 | . | 1 | | |
| $\frac{1}{100}$ | 0 | . | 0 | 1 | |
| $\frac{1}{1000}$ | 0 | . | 0 | 0 | 1 |

- نقطہ اعشاریہ کے بعد پہلے ہندسہ کی مقامی قیمت ایک دسویں یا "0.1" ہے اور یہ ایک درجی اعشاریہ ہے۔
- نقطہ اعشاریہ کے بعد دوسرے ہندسہ کی مقامی قیمت ایک سویں یا "0.01" ہے اور یہ دو درجی اعشاریہ ہے۔
- نقطہ اعشاریہ کے بعد تیسرے ہندسہ کی مقامی قیمت ایک ہزارویں یا "0.001" ہے اور یہ تین درجی اعشاریہ ہے۔

**مثال 1:** دائرہ میں لکھے گئے ہندسوں کی مقامی قیمت لکھیں۔

(1) 53.(5)79 — 5 دسویں یا $\frac{5}{10}$ یا 0.5

(2) 1.0(3)2 — 3 دسویں یا $\frac{3}{100}$ یا 0.03

(3) 2.1(1)37 — 1 سویں یا $\frac{1}{100}$ یا 0.01

(4) 123.87(3) — 3 ہزارویں یا $\frac{3}{1000}$ یا 0.003

www.perfect24u.com

**مثال 2:** کسر اعشاریہ 23.416 میں ہر ہندسہ کی مقامی قیمت شناخت کریں۔

پہلے ہندسوں کو مقامی قیمت کے چارٹ میں لکھیں۔

| دہائی | اکائی | . | دسویں | سویں | ہزارویں |
|---|---|---|---|---|---|
| 2 | 3 | . | 4 | 1 | 6 |

2 دہائیاں یا 20

3 اکائیاں یا 3

4 دسویں یا 0.4

1 سویں یا 0.01

6 ہزارویں یا 0.006

2 کی مقامی قیمت = 2 دہائیاں $2 \times 10 = 20$

3 کی مقامی قیمت = 3 اکائی $1 \times 3 = 3$

4 کی مقامی قیمت = 4 دسویں = $\frac{4}{10} = 0.4$

1 کی مقامی قیمت = 1 سویں = $\frac{1}{100} = 0.01$

6 کی مقامی قیمت = 6 ہزارویں = $\frac{6}{1000} = 0.006$

## مشق 4.1

**.1** ذیل کی کسر اعشاریہ کو اشکال سے ظاہر کریں۔

(i) 0.3 (ii) 0.8 (iii) 1.3

(iv) 1.7 (v) 0.34 (vi) 1.5

**.2** ذیل کی کسر اعشاریہ کے درجہ لکھیں۔

(i) 123.1 (ii) 57.322 (iii) 0.87

(iv) 139.45 (v) 59.552 (vi) 735.9

**.3** دائرہ میں لکھے گئے ہندسہ کی مقامی قیمت لکھیں۔

(i) 725.0④ (ii) 135.⑧5 (iii) 5.09②

(iv) ①24.3② (v) ④3.5⑨ (vi) ③4.6⑦

www.perfect24u.com

4. ذیل کے اعشاریہ کے ہر ہندسہ کی قیمت لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) 575.1 | (ii) 0.534 | (iii) 18.97 |
| (iv) 9.02 | (v) 75.84 | (vi) 51.15 |

5. ذیل کی اشکال کو ان کے رنگین حصوں کو ظاہر کرنے والی کسر اعشاریہ سے ملائیں۔







1.4

0.23

0.07

2.1

1.8

2.2

0.9

0.55

1.6

0.7







www.perfect24u.com

## 4.2 کسر سادہ کو اعشاریہ میں تحویل کرنا

### ایک سادہ کسر کو اعشاریہ میں تحویل کرنا

### (i) کسر کا شمار کنندہ 10 ہو یا 10 کی قوت

جب شمار کنندہ 10، 100 یا 100 ہو تو سادہ کسر کو کسر اعشاریہ میں تحویل کرنے کے لئے ذیل کی مثالیں دیکھیں۔

**مثال 1:** $\frac{3}{10}$ کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** 3 دسویں = $\frac{3}{10}$

لہٰذا $\frac{3}{10} = 0.3$

**مثال 2:** $\frac{3}{100}$ کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** یہاں، 3 سویں = $\frac{3}{100}$

لہٰذا $\frac{3}{100} = 0.03$

(کیونکہ اس عدد میں کوئی دسویں نہیں)

لیکن اگر ہم $\frac{13}{100}$ کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں تو وہ 0.13 ہوگا۔

**مثال 3:** $\frac{23}{10}$ کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** یہ ایک غیر واجب کسر ہے اس لئے اسے پہلے مخلوط کسر میں تحویل کرنا آسان ہوگا۔

$$\frac{23}{10} = 2\frac{3}{10}$$

اب $2\frac{3}{10}$ سے مراد 2 مکمل اور 3 دسویں

لہٰذا $\frac{23}{10} = 2.3$

(.3 → اعشاری حصہ؛ 2 → مکمل عدد کا حصہ)

لہٰذا 2.3 میں 2 مکمل عدد ہے اور .3 یا $\frac{3}{10}$ ایک کسر ہے۔

www.perfect24u.com

**مثال 4:** $\frac{32}{1000}$ کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** $\frac{32}{1000}$ = 32 ہزارویں

لہٰذا 0.032 = $\frac{32}{1000}$

## (II) کسر سادہ کو کسر اعشاریہ میں تحویل کرنا جبکہ شمار کنندہ 10، 100 یا 1000 نہ ہو۔

**مثال 1:** $\frac{1}{2}$ کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** اس کسر میں شمار کنندہ 10 نہیں یا 10 کی قوت نما نہیں ہے۔ اس کو 10 یا 10 کی قوت نما میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

اب $\frac{5}{5} \times \frac{1}{2} = \frac{1}{2}$

▪ (شمار کنندہ کو 10 یا 10 کی قوت نما بنانے پر)

(مترادف کسور ہیں) $\frac{1}{2} =$ اور $= \frac{5}{10}$

0.5 = 5 دسویں

اسے مراد $\frac{1}{2} = 0.5$

**مثال 2:** $\frac{13}{4}$ کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** [مخلوط کسر] $\frac{13}{4} = 3\frac{1}{4}$

[3 مکمل میں ایک چوتھائی] $= 3 + \frac{1}{4}$

▪ $\frac{1}{4}$ کو شمار کنندہ کی 100 کے مترادف بنانے پر $= 3 + \frac{1}{4} \times \frac{25}{25}$

$= 3 + \frac{25}{100}$

▪ 3 مکمل اور 25 سویں $= 3 + \frac{25}{100}$

$= 3.25$

www.perfect24u.com

**مثال 3:** $\frac{11}{25}$ کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** ▪ شمار کنندہ کو 10 کا جزو ضربی بنانے پر

$$\frac{11}{25} = \frac{11}{25} \times \frac{4}{4}$$

$$= \frac{44}{100} = 0.44$$

## کسر اعشاریہ کو سادہ کسور میں تحویل کرنا (تین درجی کسر اعشاریہ تک)

ہمیں کسر اعشاریہ کے درجہ صحیح پہچاننے ہوں گے۔

ذیل کی مثالوں پر غور کریں۔

**مثال 1:** 0.4 کو کسر میں تحویل کریں۔

**حل:** 0.4 = 4 دسویں

$$= \frac{4}{10} = \frac{\cancel{4}^{\,2}}{\cancel{10}_{\,5}}$$

$$= \frac{2}{5}$$

- (.) کو 1 سے تبدیل کریں اور ہر ہندسہ کے بدلے 0 لکھیں۔
- پہلے نقطہ اعشاریہ دسویں پر ہے لہٰذا شمار کنندہ 10 ہوگا۔

**مثال 2:** 0.32 کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** 0.32 = 32 سویں

$$0.32 = \frac{32}{100}$$

▪ شمار کنندہ کو 100 سے ضرب کرنے پر

$$0.32 = \frac{\cancel{32}^{\,16}}{\cancel{100}_{\,50}}$$

▪ شمار کنندہ 100 ہے تو کسر اعشاریہ دو درجہ کی ہے

$$0.32 = \frac{\cancel{16}^{\,8}}{\cancel{50}_{\,25}}$$

▪ سادہ صورت میں لانے کے لئے 4 سے تقسیم کرنے پر

$$0.32 = \frac{8}{25}$$

www.perfect24u.com

**مثال 3:** 1.24 کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** 1.24= 1 مکمل اور 24 سویں

$$= 1\frac{24}{100}$$

$$1.24 = 1\frac{\cancel{24}^{6}}{\cancel{100}_{25}} = 1\frac{6}{25}$$

▪ 4 سے تقسیم کرنے پر

**مثال 4:** 0.135 کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

**حل:** 135 ہزارویں= 0.135

$$0.135 = \frac{135}{1000}$$

$$0.135 = \frac{\cancel{135}^{27}}{\cancel{1000}_{200}} = \frac{27}{200}$$

▪ 5 سے ضرب کرنے پر

## مشق 4.2

**.1** ذیل کسور کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

(i) $\frac{1}{100}$ (ii) $\frac{5}{10}$ (iii) $\frac{23}{100}$ (iv) $\frac{431}{1000}$

(v) $\frac{231}{100}$ (vi) $\frac{17}{10}$ (vii) $\frac{29}{1000}$ (viii) $\frac{572}{100}$

**.2** ذیل کی کسور کو کسر اعشاریہ میں تحویل کریں۔

(i) $\frac{7}{25}$ (ii) $\frac{42}{4}$ (iii) $\frac{9}{2}$ (iv) $\frac{3}{4}$

(v) $\frac{13}{50}$ (vi) $\frac{3}{8}$ (vii) $\frac{19}{25}$ (viii) $\frac{30}{50}$

**.3** ذیل کی کسور کو کسر سادہ میں تحویل کریں اور اپنا جواب سادہ ترین صورت میں لکھیں۔

(i) 0.3 (ii) 1.35 (iii) 12.37 (iv) 0.432

(v) 25.5 (vi) 2.32 (vii) 0.45 (viii) 135.2

www.perfect24u.com

## 4.3 کسرِ اعشاریہ پر بنیادی عوامل

### کسرِ اعشاریہ کی جمع و تفریق (تین درجی کسرِ اعشاریہ تک)

کسرِ اعشاریہ کی جمع کے لئے ذیل کی تصویروں پر غور کریں۔

**مثال 1:**



3 دسویں = 0.3     5 دسویں = 0.5     8 دسویں = 0.8

ہم اس عمل کو ایسے بھی لکھ سکتے ہیں:

$$\begin{array}{r} 0.3 \\ +\,0.5 \\ \hline 0.8 \end{array}$$

- پہلے اعداد کو نقطہ اعشاریہ کے تحت ایک دوسرے کے نیچے لکھیں۔
- کم قیمت والے ہندسہ سے جمع کا عمل شروع کریں۔
- جمع کا عمل اس طرح کریں جیسے اعداد کو جمع کرتے ہیں۔
- نقطہ اعشاریہ کو اپنی جگہ برقرار رکھیں۔

**مثال 2:** تفریق کریں۔



0.6 – 0.2 = 0.4

6 دسواں – 2 دسواں = 4 دسواں

$$\begin{array}{r} 0.6 \\ -\,0.2 \\ \hline 0.4 \end{array}$$

**مثال 3:** ذیل کو تفریق کریں۔

(i) 3.57 - 2.34

$$\begin{array}{r} 3.57 \\ -\,2.34 \\ \hline 1.23 \end{array}$$

(ii) 7.84 - 1.75

$$\begin{array}{r} {\scriptstyle 7\;14} \\ 7.84 \\ -\,1.75 \\ \hline 6.09 \end{array}$$

www.perfect24u.com

## مشق 4.3

**1.** ذیل کی اعشاری کسور کو جمع کریں۔

(i) 0.35 + 0.42
(ii) 0.21 + 0.35 + 0.11
(iii) 1.27 + 3.49
(iv) 13.5 + 14.2 + 7.9
(v) 1.34 + 0.43
(vi) 25.32 + 15.75
(vii) 0.3 + 0.9 + 0.4
(viii) 1.5 + 3.9 + 17.2
(ix) 68.378 + 12.633
(x) 42.243 + 81.483

**2.** ذیل کی اعشاری کسور کو تفریق کریں۔

(i) 0.9 – 0.3
(ii) 0.84 – 0.61
(iii) 10.59 – 3.27
(iv) 13.54 – 12.87
(v) 15.39 – 12.41
(vi) 87.34 – 85.56
(vii) 19.31 – 10.32
(viii) 54.79 – 39.84
(ix) 49.243 – 17.157
(x) 76.919 – 64.883

### کسر اعشاریہ کو 10، 100 اور 1000 سے ضرب کرنا۔

کسر اعشاریہ کو 10، 100 یا 1000 سے ضرب کرنے پر نقطہ اعشاریہ کو 10 کی قوت کے تحت دائیں جانب بڑھانا ہوتا ہے۔

**مثال 1:** ضرب کریں: 3.24x10

حل: 3.24 x 10

(یہاں نقطہ اعشاریہ دائیں جانب ایک مقام آگے چلا جاتا ہے۔ دراصل اس عدد کی قیمت دس گنا بڑھ جاتی ہے)

```
   3.24
  x  10
  -----
   0000
  324x
  -----
  32.40
```

جواب میں دائیں جانب سے بائیں جانب دو ہندسے گن کر نقطہ اعشاریہ لگائیں

www.perfect24u.com

**مثال 2:** 0.325 کو 100 سے ضرب کریں۔

**حل:** 0.325 x 100

= 32.5

یہ عدد بڑھ گیا ہے کیونکہ ہندسوں کی مقامی قیمت بڑھ گئی ہے

نقطہ اعشاریہ دو مقام دائیں جانب آگے چلا جاتا ہے

**مثال 3:** 1.834 سے 1000 ضرب کریں۔

**حل:** 1.834 x 1000

= 1834.0

= 1834 یا

اعشاریہ میں نقطہ اعشاریہ کے بعد ہندسوں کے آگے صفر کی کوئی قیمت نہیں

نقطہ اعشاریہ تین درجہ دائیں جانب آگے چلا جاتا ہے

## کسر اعشاریہ کو 2 - ہندسی عدد سے ضرب کرنا

ذیل کے مثالوں پر غور کریں۔

**مثال 1:** 13.5 کو 15 سے ضرب کریں۔

**حل:** 13.5 x 15

- اعشاریہ کے نشان کو تھوڑی دیر کے لئے نہ مانیں۔
- اکائیوں کی ضرب
- دہائیوں کی ضرب
- ضرب کیے جانے والے اعداد میں نقطہ اعشاریہ کے بعد کل درجہ ایک ہیں اس لئے حاصل ضرب کا درجہ بھی ایک ہوگا۔ حاصل ضرب میں دائیں جانب سے ایک ہندسہ کے بعد نقطہ اعشاریہ لگائیں۔
- حاصل ضرب میں کسر اعشاریہ ایک درجہ ہوگا

```
  ¹1 3.5
   x 1 5
  -------
   6 7 5  →
 1 3 5 0  →
  -------
 2 0 2.5  →
```

لہٰذا

13.5 x 15 = 202.5

www.perfect24u.com

## مشق 4.4

**.1** ذیل میں ضرب کا عمل کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) 6.3 x 3 | (ii) 0.25 x 10 | (iii) 1.732 x 100 |
| (iv) 0.327 x 100 | (v) 22.3542 x 100 | (vi) 1.265 x 1000 |
| (vii) 1.872 x 1000 | (viii) 0.8546 x 1000 | (ix) 0.85 x 11 |
| (x) 7.9 x 13 | (xi) 7.21 x 33 | (xii) 1.834 x 11 |
| (xiii) 5.42 x 24 | (xiv) 0.49 x 71 | (xv) 3.52 x 45 |

## کسر اعشاریہ کی ایک ہندسی عدد سے تقسیم (دو درجی کسر اعشاریہ تک)

کسی کسر اعشاریہ کو ایک ہندسی عدد سے تقسیم کرنے کے لئے مکمل اعداد کی طرح تقسیم کا عمل کریں۔
جب مقصوم علیہ میں اعشاری حصہ آئے تو خارج قسمت میں بھی اعشاریہ لگائیں۔

ذیل کی مثال پر غور کریں۔

**مثال:** 27.5 کو 5 سے تقسیم کریں۔

**حل:** مراحل

- مکمل اعداد سے تقسیم کا عمل شروع کریں۔ ہمیں 27 کو 5 سے تقسیم کرنا ہے۔
- چونکہ 25 = 5 × 5 ہے
- اب چونکہ 2 تقسیم کنندہ (مقسوم علیہ) 5 سے چھوٹا ہے اس لئے اگلے ہندسہ کو اس کے ساتھ اتار لیتے ہیں۔ لیکن اس سے پہلے نقطہ اعشاریہ ہے اس لئے ہم نقطہ اعشاریہ کو خارج قسمت میں اتار لیتے ہیں۔

```
         5.5
      ________
   5 ) 2 7.5
[5 x 5 = 25]       - 2 5
      ------
         2 5
[5 x 5 = 25 پھر سے]   - 2 5
      ------
         0 0
```

لہٰذا $27.5 \div 5 = 5.5$

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد بچوں میں ایک ہندسی عدد سے کسر اعشاریہ کو ضرب کرنے کے لئے اور مثالیں بھی دے تاکہ بچے اس عمل کے استعمال پر عبور حاصل کر سکیں۔

www.perfect24u.com

## مشق 4.5

ذیل کو تقسیم کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) 17.1 ÷ 6 | (ii) 9.36 ÷ 4 | (iii) 1.8 ÷ 5 |
| (iv) 9.66 ÷ 3 | (v) 4.68 ÷ 9 | (vi) 17.85 ÷ 7 |
| (vii) 6.28 ÷ 4 | (viii) 0.72 ÷ 2 | (ix) 5.62 ÷ 2 |
| (x) 34.23 ÷ 3 | (xi) 67.25 ÷ 5 | (xii) 32.34 ÷ 6 |
| (xiii) 96.20 ÷ 2 | (xiv) 10.11 ÷ 3 | (xv) 40.05 ÷ 5 |

### دودرجی کسر اعشاریہ پر مشتمل روزمرّہ زندگی کے مسائل حل کرنا

**مثال 1:** ثنا نے 0.25 کلو گرام چاکلیٹ، **10.50** کلو گرام آٹا اور **2.50** کلو گرام چینی خریدی۔ کل کتنے وزن کی چیزیں خریدی گئیں؟

**حل:**

| | | |
|---|---|---|
| چاکلیٹ | $^{1}$0.25 | کلو گرام |
| آٹا | 10.50 | کلو گرام |
| چینی | + 2.50 | کلو گرام |
| | 13.25 | کلو گرام |

کل وزن **13.25** کلو گرام خریدا

**مثال 2:**

رضا کا قد 1.75 میٹر لمبا ہے جبکہ اظہر کی لمبائی 1.27 میٹر ہے۔ بتایئے رضا، اظہر سے کتنا لمبا ہے؟

**حل:** ہمیں ان کی لمبائی کا فرق معلوم کرنے کے لئے تفریق کا عمل کرنا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| رضا کی لمبائی | 1 . $\not{7}^{6}$ $^{1}$5 |
| اظہر کی لمبائی | − 1 . 2 7 |
| | 0 . 4 8 |

لہٰذا رضا کا قد 0.48 میٹر زیادہ ہے۔

www.perfect24u.com

**مثال 3:1** کلو گرام آٹے کی قیمت **32.50** روپے ہے۔ بتائیے 15 کلو گرام آٹے کی قیمت کتنی ہو گا؟

**حل:** ایک کلو آٹے کی قیمت = Rs 32.50 روپے

15 کلو آٹے کی قیمت = 32.50 x 15. روپے

لہٰذا

```
   32.50
x    15
--------
   16250
+3250x
--------
  487.50
--------
```

15 کلو آٹے کی قیمت Rs 487.50 روپے ہے۔

**مثال 4:**

مسز اسلم 3.38 کلو گرام مٹھائی کو 4 رشتہ داروں میں برابر تقسیم کرنا چاہتی ہیں۔ ہر ایک کو کتنی مٹھائی ملے گی؟

**حل:**

```
     0.84
   ------
4 ) 3.36
  - 32
   ----
     16
   - 16
   ----
     00
```

(3 کو تقسیم کرنے سے قبل نقطہ اعشاریہ کو خارج قسمت پر لگائیں)

$3.36 \div 4 = 0.84$

لہٰذا ہر رشتہ دار کو 0.84 کلو گرام مٹھائی ملے گی۔

www.perfect24u.com

## مشق 4.6

1. احمد نے ایک شرٹ 325.80 روپے اور جینز کی پینٹ 525.25 روپے کی خریدی۔ کل کتنی رقم خرچ کی؟

2. جویریہ کا وزن 10.24 کلو گرام ہے اور اس کی بہن کا وزن 11.28 کلو گرام ہے۔ ان دونوں بہنوں کا کل وزن کتنا ہو؟

3. اُنسا نے ایک پینسل کوَر اور کلر بکس کے لئے دوکاندار کو 97.5 روپے دیے۔ اگر پینسل کی قیمت 30.25 روپے ہو تو کلر بکس کی قیمت کیا ہو گی؟

4. ہارون اور شفیق نے 95.823 روپے خرچ کیے۔ ہارون نے 89.75 روپے خرچ کیے تو شفیق کی خرچ کردہ رقم کیا ہو گی؟

5. احمد کو 50.29 جیب خرچ ملا۔ اس نے 15.45 روپے اپنی بہن ندا کو دیے اور 13.84 روپے کی کافی خریدی۔ بتایئے اس کے پاس کتنی رقم بچی؟

6. اسلم نے اپنے فارم کے لئے 65 مرغیاں خریدیں۔ ہر مرغی کا وزن 2.72 کلو گرام ہے۔ سب کا کل وزن کتنا ہوا؟

7. کتابوں کے ایک سیٹ کا وزن 3.75 کلو گرام ہے۔ ایسے 32 سیٹوں کا وزن کتنا ہو گا؟

8. یسرہ نے 13.75 میٹر لمبی ربن کو 5 برابر حصوں میں تقسیم کیا۔ ہر ٹکڑے کی لمبائی معلوم کریں۔

9. آٹے کے 5 تھیلوں کا وزن 58.75 کلو گرام ہے۔ ایک تھیلے کا وزن معلوم کریں۔

www.perfect24u.com

## جائزہ مشق 4

.1 دائرہ میں دیے گئے ہندسوں کی مقامی قیمت لکھیں۔

(i) 2.32(5) (ii) (1)7.(9)53 (iii) 37.8(7)

.2 ذیل کی کسور کو کسر اعشاریہ میں تبدیل کریں۔

(i) $\frac{321}{100}$ (ii) $\frac{175}{1000}$ (iii) $\frac{19}{4}$ (iv) $\frac{27}{8}$

.3 کسر اعشاریہ کو کسر سادہ تحویل کریں۔

(i) 1.54 (ii) 0.35 (iii) 13.7 (iv) 0.345

.4 ذیل کو حل کریں۔

(i) $1.57 + 3.42$ (ii) $0.37 - 0.18$

(iii) $17.55 + 23.42$ (iv) $1.94 - 0.89$

.5 ذیل کو ضرب کریں۔

(i) $0.325 \times 100$ (ii) $17.55 \times 10$

(iii) $3.5252 \times 1000$ (iv) $2.57 \times 32$

.6 ذیل کو تقسیم کریں۔

(i) $9.42 \div 6$ (ii) $2.52 \div 7$ (iii) $8.61 \div 3$

.7 انس نے 110.25 میٹر اور آیان نے 97.75 میٹر فاصلہ طے کیا۔ دونوں نے کل کتنا فاصلہ طے کیا اور انس نے آیان سے کتنا فاصلہ زیادہ طے کیا؟

.8 عبداللہ روزانہ 0.45 لٹر جوس پیتا ہے۔ وہ 30 دن میں کتنا جوس پیئے گا؟

www.perfect24u.com

# پیمائش

یونٹ 5

## 5.1 لمبائی

ہم سیکھ چکے ہیں کہ چھوٹی لمبائیاں میٹر اور سینٹی میٹروں میں ناپی جاتی ہیں اور لمبے فاصلے کلو میٹر میں ناپے جاتے ہیں۔

### 1. لمبائی کے پیمانوں کی تحویل

کلو میٹر کو میٹر، میٹروں کو سینٹی میٹر اور سینٹی میٹر کو ملی میٹروں میں تحویل کرنا۔

(I) کلو میٹر کو میٹروں میں تحویل کرنا۔

ایک کلو میٹر میں 1000 میٹر ہوتے ہیں۔

| 1 کلو میٹر = 1000 میٹر |
|---|

اس لئے ہم کلو میٹروں کو میٹروں میں تحویل کرنے کے لئے انہیں 1000 سے ضرب کرتے ہیں۔

مثال 1: 2 کلو میٹر کو میٹروں میں تحویل کریں۔

حل: 2 کلو میٹر = 2 × 1000 = 2000 میٹر

مثال 2: 8 کلو میٹر کو میٹروں میں تحویل کریں۔

حل: 8 کلو میٹر = 8 × 1000 = 8000 میٹر



سرگرمی 1 میٹروں میں تحویل کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 6 کلو میٹر = | 6 x 1000 | = | 6000 | میٹر |
| 2 | 9 کلو میٹر = | ________________ | = | _____ | میٹر |
| 3 | 12 کلو میٹر = | ________________ | = | _____ | میٹر |
| 4 | 25 کلو میٹر = | ________________ | = | _____ | میٹر |
| 5 | 50 کلو میٹر = | ________________ | = | _____ | میٹر |
| 6 | 75 کلو میٹر = | ________________ | = | _____ | میٹر |

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد شاگردوں کو 10، 100 اور 1000 سے ضرب دے کر لمبائی کی مختلف اکائیوں میں تحویل کرنا سکھائے۔

www.perfect24u.com

## (II) میٹروں کو سینٹی میٹروں میں تحویل کرنا

ایک میٹر میں 100 سینٹی میٹر ہوتے ہیں

**1 میٹر = 100 سینٹی میٹر**

لہٰذا میٹروں کو سینٹی میٹر میں تحویل کرنے کے لئے ہم انہیں 100 سے ضرب کرتے ہیں۔

مثال 1: 6 میٹروں کو سینٹی میٹر میں تحویل کریں۔

حل: 6 میٹر = 6 × 100 = 600 سینٹی میٹر

مثال 2: 20 میٹروں کو سینٹی میٹر میں تحویل کریں۔

حل: 20 میٹر = 20 × 100 = 2000 سینٹی میٹر



### سرگرمی 2 میٹروں کو سینٹی میٹروں میں تحویل کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 5 میٹر = | 5 x 100 | = | 500 سینٹی میٹر |
| 2 | 9 میٹر = | ______ | = | ______ سینٹی میٹر |
| 3 | 18 میٹر = | ______ | = | ______ سینٹی میٹر |
| 4 | 45 میٹر = | ______ | = | ______ سینٹی میٹر |
| 5 | 60 میٹر = | ______ | = | ______ سینٹی میٹر |
| 6 | 87 میٹر = | ______ | = | ______ سینٹی میٹر |

## (III) سینٹی میٹروں کو ملی میٹر میں تحویل کرنا۔




ہر سینٹی میٹر 10 چھوٹے یونٹ میں تقسیم کیا گیا ہے۔ وہ ہر چھوٹا حصہ ملی میٹر کہلاتا ہے۔ ایک سینٹی میٹر میں 10 ملی میٹر ہوتے ہیں۔

**1 سینٹی میٹر = 10 ملی میٹر**

www.perfect24u.com

**مثال 1:** اس پینسل کی لمبائی سینٹی میٹروں میں معلوم کریں اور اسے ملی میٹروں میں تحویل کریں۔




**حل:** پینسل کی لمبائی 12 سینٹی میٹر ہے۔

ہم ملی میٹروں میں لمبائی معلوم کرنے کے لئے سینٹی میٹروں کو 10 سے ضرب کرتے ہیں۔

لہٰذا

12 سینٹی میٹر $= 12 \times 10 = 120$ ملی میٹر

پینسل کی لمبائی 120 ملی میٹر ہے۔

**مثال 2:** 85 سینٹی میٹر کو ملی میٹروں میں تحویل کریں۔

**حل:** 85 سینٹی میٹر $= 85 \times 10 =$ 850 ملی میٹر

**سرگرمی 3** ذیل کو ملی میٹروں میں تحویل کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | 7 سینٹی میٹر = | 7 x 10 = | 70 ملی میٹر |
| 2 | 10 سینٹی میٹر = | ________ = | ____ ملی میٹر |
| 3 | 11 سینٹی میٹر = | ________ = | ____ ملی میٹر |
| 4 | 31 سینٹی میٹر = | ________ = | ____ ملی میٹر |
| 5 | 49 سینٹی میٹر = | ________ = | ____ ملی میٹر |

لمبائی کی اکائیوں کے درمیان تعلق ذیل میں دیا گیا ہے۔

10 ملی میٹر = 1 سینٹی میٹر

100 سینٹی میٹر = 1 میٹر

1000 میٹر = 1 کلومیٹر

1 میٹر = 1000 ملی میٹر

www.perfect24u.com

مثال 3: ایک بچے نے 2 میٹر لمبی ایک رسی خریدی۔ اسے سینٹی میٹر اور ملی میٹروں میں تحویل کریں۔

2 میٹر



حل: 200 سینٹی میٹر = 2 × 100 سینٹی میٹر = 2 میٹر

پھر سے: 2000 ملی میٹر = 2 × 1000 ملی میٹر = 2 میٹر

## مشق 5.1

1 میٹروں میں تحویل کریں۔

(iii) 20 کلومیٹر (ii) 14 کلومیٹر (i) 5 کلومیٹر

2 سینٹی میٹروں میں تحویل کریں۔

(iii) 54 میٹر (ii) 32 میٹر (i) 17 میٹر

3 ملی میٹروں میں تحویل کریں۔

(iii) 30 سینٹی میٹر (ii) 19 سینٹی میٹر (i) 15 سینٹی میٹر

4 سینٹی میٹر اور ملی میٹروں میں تحویل کریں۔

(iii) 35 میٹر (ii) 10 میٹر (i) 4 میٹر

(vi) 98 میٹر (v) 83 میٹر (iv) 64 میٹر

www.perfect24u.com

## 2. لمبائی کی اکائیوں میں جمع و تفریق

### لمبائی کی یکساں اکائیوں کے فقروں کی جمع و تفریق

ایک جیسی اکائیاں آپس میں جمع اور تفریق کی جاتی ہیں جیسے میٹروں کو میٹروں میں اور کلو میٹر کو کلو میٹر میں۔

**مثال 1:** 24 کلو میٹر، 233 میٹر اور 20 کلو میٹر، 446 میٹر کو جمع کریں۔

**حل:**

| کلو میٹر | میٹر |
|---|---|
| 24 | 233 |
| + 20 | 446 |
| 44 | 679 |

لہٰذا جواب 44 کلو میٹر 679 میٹر ہے۔

**مثال 2:** 42 میٹر، 75 سینٹی میٹر اور 28 میٹر 90 سینٹی میٹر کو جمع کریں۔

**حل:**

| میٹر | سینٹی میٹر |
|---|---|
| (1)(1) | |
| 42 | 75 |
| + 28 | 90 |
| 71 | 65 |

لہٰذا جواب 71 میٹر 65 سینٹی میٹر ہے۔

**مثال 3:** 34 کلو میٹر 23 میٹر کو 78 کلو میٹر 86 میٹر میں سے تفریق کریں۔

**حل:**

| کلو میٹر | میٹر |
|---|---|
| 78 | 86 |
| - 34 | 23 |
| 44 | 63 |

لہٰذا جواب 44 کلو میٹر 63 میٹر ہے۔

**مثال 4:** 25 میٹر 56 سینٹی میٹر کو 47 میٹر 23 سینٹی میٹر میں سے تفریق کریں۔

**حل:**

| میٹر | سینٹی میٹر |
|---|---|
| 6 | 1 |
| 4~~7~~ | ~~2~~3 |
| - 25 | 56 |
| 21 | 67 |

لہٰذا جواب 21 میٹر 67 سینٹی میٹر ہے۔

www.perfect24u.com

## مشق 5.2

**(1)** جمع کریں۔

(i) 4200 میٹر اور 9600 میٹر

(ii) 25 کلومیٹر 520 میٹر اور 12 کلومیٹر 840 میٹر

(iii) 49 کلومیٹر 719 میٹر اور 32 کلومیٹر 103 میٹر

(iv) 30 کلومیٹر 60 میٹر اور 29 کلومیٹر 29 میٹر

(v) 69 میٹر 17 سینٹی میٹر اور 99 میٹر 32 سینٹی میٹر

(vi) 42 سینٹی میٹر 3 ملی میٹر اور 68 سینٹی میٹر 5 ملی میٹر

(vii) 13 میٹر 25 سینٹی میٹر، 40 میٹر اور 65 میٹر 5 سینٹی میٹر

(viii) 90 کلومیٹر 820 میٹر، 75 کلومیٹر 500 میٹر اور 110 کلومیٹر 175 میٹر

(ix) 45 کلومیٹر 340 میٹر، 82 کلومیٹر 399 میٹر اور 230 کلومیٹر 180 میٹر

**(2)** تفریق کریں۔

(i) 5050 میٹر کو 700 میٹر سے

(ii) 2 میٹر 76 سینٹی میٹر کو 6 میٹر 35 سینٹی میٹر سے

(iii) 34 میٹر 20 سینٹی میٹر کو 36 میٹر 80 سینٹی میٹر سے

(iv) 305 میٹر 20 سینٹی میٹر کو 862 میٹر 60 سینٹی میٹر سے

(v) 36 کلومیٹر 500 میٹر کو 87 کلومیٹر 250 میٹر سے

(vi) 18 کلومیٹر 352 میٹر کو 70 کلومیٹر 100 میٹر سے

(vii) 106 میٹر 18 سینٹی میٹر کو 300 میٹر 29 سینٹی میٹر سے

(viii) 27 سینٹی میٹر 8 ملی میٹر کو 74 سینٹی میٹر 7 ملی میٹر سے

(ix) 37 سینٹی میٹر 5 ملی میٹر کو 64 سینٹی میٹر 3 ملی میٹر سے

### مختلف اشیاء کی لمبائی ناپنے کے لئے مناسب اکائی استعمال کرنا۔

ہم پینسل کی لمبائی سینٹی میٹروں میں ناپتے ہیں۔




**مثلاً:** پینسل کی لمبائی 14 سینٹی میٹر ہے۔ ہم کتاب کی لمبائی سینٹی میٹروں میں ناپتے ہیں۔

میز، کمرہ اور کھیل کے میدان کی لمبائی میٹروں میں ناپتے ہیں۔

دو شہروں کے درمیان فاصلہ کلومیٹروں میں ناپتے ہیں۔

www.perfect24u.com

## سرگرمی 3

سینٹی میٹر، میٹر اور کلومیٹر میں سے صحیح اکائی استعمال کر کے خالی خانے پُر کریں۔

### ہم پیمائش کرتے ہیں

| | |
|---|---|
| 1 قلم کی لمبائی کو | سینٹی میٹر |
| 2 پلنگ کی لمبائی کو | |
| 3 ہاکی کے میدان کی لمبائی کو | |
| 4 آپ کے جیومیٹری بکس کی چوڑائی کو | |
| 5 کراچی اور لاڑکانہ کے درمیان فاصلے کو | |

**مثال** میز کی لمبائی کی پیمائش ظاہر کرنے کے لئے سب سے موزوں اکائی پر (✓) کا نشان لگائیں۔

میز کی لمبائی ہے

(الف) 45 ملی میٹر　(ب ✓) 45 سینٹی میٹر

(ج) 45 میٹر　(د) 45 کلومیٹر



### لمبائی کی اکائیوں کی تحویل جمع اور تفریق پر مشتمل روزمرّہ زندگی کے مسائل کو حل کرنا

**مثال 1:** فرحان کا قد 1 میٹر 30 سینٹی میٹر ہے۔ وہ ایک 70 سینٹی میٹر اسٹول پر کھڑا ہے۔ بتائیں کہ وہ زمین سے کتنا اونچا ہے؟

**حل:**

فرحان کا قد　1 میٹر 30 سینٹی میٹر

اسٹول کی لمبائی　+ 70 سینٹی میٹر

2 میٹر 00 سینٹی میٹر

(30 + 70) = 100

1 میٹر = 100 سینٹی میٹر

(لہٰذا 1 میٹر کو میٹروں میں جمع کریں گے)

فرحان زمین سے 2 میٹر اونچا کھڑا ہے۔

**مثال 2:** لکڑی کے دو ٹکڑوں کی پیمائش بالترتیب 5 میٹر 28 سینٹی میٹر اور 3 میٹر 55 سینٹی میٹر ہے۔ ان کی لمبائی کے درمیان فرق بتائیں۔

**حل:**

لکڑی کے ایک ٹکڑے کی لمبائی　5 میٹر 28 سینٹی میٹر

لکڑی کے دوسرے ٹکڑے کی لمبائی　- 3 میٹر 55 سینٹی میٹر

1 میٹر 73 سینٹی میٹر

ان دونوں کی لمبائیوں کے درمیان 1 میٹر 75 سینٹی میٹر فرق ہے۔

www.perfect24u.com

## مشق 5.3

1. ذیل کی اشیاء کے لئے لمبائی کی موزوں اکائی پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) ربڑ کی موٹائی

(الف) 2 ملی میٹر　(ب) 2 سینٹی میٹر

(ج) 2 میٹر　(د) 2 کلو میٹر




(ii) فٹ بال گراؤنڈ کی لمبائی



(الف) 30 ملی میٹر　(ب) 30 سینٹی میٹر

(ج) 30 میٹر　(د) 30 کلو میٹر

(iii) کراچی اور حیدر آباد کے درمیان فاصلہ براستہ سڑک

(الف) 165 ملی میٹر

(ب) 165 سینٹی میٹر

(ج) 165 میٹر

(د) 165 کلو میٹر




2. ایک لوہے کی سلاخ کی لمبائی 2 میٹر 86 سینٹی میٹر ہے۔ اگر اس میں سے 1 میٹر 38 سینٹی میٹر سلاخ کاٹی گئی تو باقی سلاخ کی لمبائی بتائیں۔

3. علی نے اپنے گھر سے جامع مسجد تک 789 میٹر فاصلہ طے کیا اور پھر جامعہ مسجد سے اسکول تک 368 میٹر فاصلہ طے کیا۔ بتایئے اس نے کل کتنا فاصلہ طے کیا؟

4. ایک کار 1 میٹر 62 سینٹی میٹر لمبی ہے جو کہ 2 میٹر 41 سینٹی میٹر لمبے گیراج میں کھڑی کی گئی ہے۔ بتائیں گیراج میں کتنی جگہ بچی ہے؟

5. ایک پینسل کا سرخ حصہ 65 ملی میٹر اور نیلا حصہ 52 ملی میٹر کا ہے۔ پوری پینسل کی کل لمبائی ملی میٹر اور سینٹی میٹروں میں بتائیں۔

www.perfect24u.com

6. ایک دوڑنے والے ٹریک پر مقرر کردہ وقت میں طارق 9 کلومیٹر 200 میٹر اور سجاد 8 کلومیٹر 850 میٹر دوڑا۔ طارق، سجاد سے کتنا آگے رہا؟

7. ایک 10 کلومیٹر دوڑ میں ایک گھوڑا جیتنے کے مقام سے 245 میٹر پہلے گر پڑا۔ اس کے گرنے سے پہلے کاطے کردہ فاصلہ معلوم کریں۔

8. ناصر کا قد 142 سینٹی میٹر ہے۔ اس کا ایک دوست اس سے 8 سینٹی میٹر لمبا ہے۔ اس کے دوست کی لمبائی کتنی ہے؟



9. صبا کا گھر اسکول سے 375 میٹر کے فاصلہ پر جبکہ ریلوے اسٹیشن سے 505 میٹر کے فاصلہ پر ہے۔ صبا کے گھر سے اسکول اور ریلوے اسٹیشن کے درمیان فاصلوں کا فرق معلوم کریں۔

## 5.2 وزن / کمیت

کمیت کی اکائی گرام ہے۔ کلو گرام بھاری چیزوں کی کمیت کا وزن معلوم کرنے کے لئے اور گرام ہلکی چیزوں کا وزن کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔



5 گرام | 10 گرام | 250 گرام | 100 گرام | 200 گرام | 500 گرام

### کلو گرام کو گرام میں تحویل کرنا

ایک کلو گرام میں 1000 گرام ہوتے ہیں۔

1 کلو گرام (Kg) = 1000 گرام (g)

لہٰذا ہم کلو گرام کو گرام میں تحویل کرنے کے لئے 1000 سے ضرب کرتے ہیں۔

**مثال 1:** 15 کلو گرام کو گرام میں تحویل کریں۔

**حل:** 15 کلو گرام = 15 × 1000 گرام = 15000 گرام

www.perfect24u.com

مثال 2: 2 کلو گرام 250 گرام کو گرام میں تبدیل کریں۔

حل: 250 گرام + 1000 گرام × 2 = 250 گرام، 2 کلو گرام

250 گرام + 2000 گرام = 2250 گرام =

سرگرمی ذیل کو گرام میں تحویل کریں۔

(1) 18 کلو گرام = 18 x 1000 = 18000 گرام

(2) 25 کلو گرام = ______ = ______ گرام

(3) 4 کلو گرام 80 گرام = ______ = ______ گرام

(4) 5 کلو گرام 125 گرام = ______ = ______ گرام

## 2. کمیت / وزن کی اکائی کی جمع و تفریق

### وزن/کمیت کی یکساں اکائیوں پر مشتمل عبارتوں کی جمع و تفریق

مثال 1: 3 کلو گرام 65 گرام اور 3 کلو گرام 30 گرام کو جمع کریں۔

حل:

| کلو گرام | گرام |
|---|---|
| 3 | 65 |
| + 5 | 30 |
| 8 | 95 |

کل وزن = 8 کلو گرام 95 گرام

مثال 2: 9 کلو گرام 500 گرام میں سے 7 کلو گرام 650 گرام تفریق کریں۔

حل:

| کلو گرام | گرام |
|---|---|
| (8) ~~9~~ | (14)(10) ~~5~~00 |
| - 7 | 650 |
| 1 | 850 |

کل وزن = 1 کلو گرام 850 گرام

## مشق 5.4

1 جمع کریں۔

(i) 3705 گرام، 8536 گرام اور 4000 گرام

(ii) 4 کلو گرام 485 گرام، 2 کلو گرام 390 گرام اور 4 کلو گرام 425 گرام

(iii) 8 کلو گرام 75 گرام اور 9 کلو گرام 46 گرام

(iv) 4 کلو گرام 32 گرام اور 3 کلو گرام 85 گرام

(iv) 16 کلو گرام 860 گرام، 23 کلو گرام 545 گرام اور 49 کلو گرام 360 گرام

www.perfect24u.com

## 2 تفریق کریں۔

(I) 5 کلو گرام میں سے 1 کلو گرام 250 گرام (ii) 6 کلو گرام 86 گرام میں سے 3 کلو گرام 33 گرام

(iii) 9007 گرام میں سے 4505 گرام (iv) 59 کلو گرام 260 گرام میں سے 36 کلو گرام 74 گرام

(v) 20 کلو گرام 72 گرام میں سے 14 کلو گرام 40 گرام

## مختلف اشیاء کی کمیت / وزن کی پیمائش کے لئے موزوں اکائی کا استعمال

- بھاری چیزوں کا وزن معلوم کرنے کے لئے ہم کلو گرام استعمال کرتے ہیں۔
- ہلکی چیزوں کا وزن معلوم کرنے کے لئے ہم گرام استعمال کرتے ہیں۔

مثلاً:
- شہد اور مٹھائیاں گرام اور کلو گرام میں تولی جاتی ہیں۔
- چینی، گندم، چاول اور آٹے کے تھیلے کلو گرام میں تولے جاتے ہیں۔
- چائے کی پتی کا ڈبہ گرام میں تولتے ہیں۔
- سونا اور چاندی کو گرام میں تولتے ہیں۔



سرگرمی

## کلو گرام یا گرام استعمال کریں

1. ٹوتھ پیسٹ کا وزن تولنے کے لئے گرام
2. آٹے کی تھیلیاں تولنے کے لئے ____________
3. چینی کی تھیلی کا وزن تولنے کے لئے ____________
4. ایک کاغذ کا وزن تولنے کے لئے ____________
5. ایک صابن کا وزن تولنے کے لئے ____________
6. آلو اور پیاز کا وزن کرنے کے لئے ____________
7. نمک کے تھیلے کا وزن تولنے کے لئے ____________
8. بناسپتی گھی کا وزن تولنے کے لئے ____________

www.perfect24u.com

## وزن / کمیت کی اکائی کی جمع و تفریق پر مشتمل روزمرّہ زندگی کے مسائل کو حل کرنا

**مثال 1:** ایک چاول کے بیوپاری نے 168 کلو گرام 750 گرام چاول بیچا۔اس کے پاس 57 کلو گرام 650 گرام چاول بچا۔اس کے پاس شروع میں کل کتنا چاول تھا؟

**حل:**

| | کلو گرام | گرام |
|---|---|---|
| چاول کا وزن جو بیچا گیا | 168 | 750 |
| چاول کا وزن جو بچا | + 57 | 650 |
| | **226** | **400** |

اس کے پاس شروع میں 226 کلو گرام 400 گرام چاول تھا۔

**مثال 2:** ایک مرغی کا وزن 2 کلو گرام 720 گرام ہے اور بطخ کا وزن 4 کلو 240 گرام ہے۔بطخ، مرغی سے کتنی وزنی ہے؟

**حل:**

| | کلو گرام | گرام |
|---|---|---|
| بطخ کا وزن | 4 | 240 |
| مرغی کا وزن | - 2 | 720 |
| | **1** | **520** |

بطخ، مرغی سے 1 کلو گرام 520 گرام وزنی ہے۔

## مشق 5.5

**1** ذیل میں وزن / کمیت کی پیمائش کے لئے موزوں اکائی کی نشاندہی کریں۔

(i) پیپر کلپ کا وزن

(الف) 1 گرام (ب) 1 کلو گرام (ج) 100 گرام (د) 100 کلو گرام

(ii) ایک 13 سالہ لڑکے کا وزن

(الف) 4 گرام (ب) 4 کلو گرام (ج) 40 کلو گرام (د) 400 گرام

(iii) ایک چائے کے ڈبے کا وزن

(الف) 40 گرام (ب) 400 گرام (ج) 4 گرام (د) 4 کلو گرام

(iv) ایک تربوزہ کا وزن

(الف) 5 کلو گرام (ب) 50 گرام (ج) 50 کلو گرام (د) 500 گرا م

**2** ربڑ کی ایک بیل کا وزن 75 کلو گرام اور 700 گرام ہے۔دوسری کا 63 کلو گرام 86 گرام ہے۔ان کا کل وزن کتنا ہو گا؟

www.perfect24u.com

3. حسین کا وزن 28 کلو گرام 750 گرام ہے اور اس کے والد کا وزن 63 کلو گرام 500 گرام ہے۔ حسین اپنے والد سے کتنا ہلکا ہے؟

4. فوزیہ نے ایک دوکان سے 21 کلو گرام 350 گرام اور دوسری دوکان سے 1 کلو گرام 200 گرام مٹھائی خرید کی۔ خرید کی گئی مٹھائی کا کل وزن معلوم کریں۔

5. ایک اناج کے بیوپاری کے پاس 3000 کلو گرام مٹر ہے۔ اس نے اس میں سے 1856 کلو گرام 750 گرام فروخت کر دیا۔ باقی بچنے والے مٹروں کا وزن معلوم کریں۔

## 5.3 حجم/گنجائش

### (1) گنجائش کی اکائی کی تحویل

گنجائش کی بنیادی اکائی لٹر ہے۔ گنجائش ناپنے کی چھوٹی اکائی ملی لٹر ہے۔

**لٹر کو ملی لٹر میں تحویل کرنا**

1 لٹر میں 1000 ملی لٹر ہوتے ہیں۔ | 1 لٹر = 1000 ملی لٹر |

لٹر کو ملی لٹر میں تحویل کرنے کے لئے ہم لٹروں کو 1000 سے ضرب کرتے ہیں۔

**مثال 1:** 8 لٹر کو ملی لٹر میں تحویل کریں۔

**حل:** 8 لٹر = 8 × 1000 = 8000 ملی لٹر

**سرگرمی** ذیل کو ملی لٹر میں تحویل کریں۔

(1) 15 لٹر = 15 × 1000 = 15000 ملی لٹر

(2) 40 لٹر = ______ = ______ ملی لٹر

(3) 75 لٹر = ______ = ______ ملی لٹر

### (2) گنجائش کی پیمانوں کی جمع و تفریق

**گنجائش / حجم کی اکائیوں کی جمع و تفریق پر مشتمل فقروں کو حل کرنا۔**

**مثال 1:** 9 لٹر اور 800 ملی لٹر اور 2 لٹر 300 ملی لٹر کو جمع کریں۔

**حل:**

| لٹر | ملی لٹر |
|---|---|
| ¹9 | 800 |
| + 2 | 300 |
| 12 | 100 |

کل گنجائش 12 لٹر 100 ملی لٹر

www.perfect24u.com

## مشق 5.6

**(1) جمع کریں:**

(i) 7 لٹر 420 ملی لٹر اور 10 لٹر 500 ملی لٹر

(ii) 2100 ملی لٹر، 4960 ملی مٹر اور 3755 ملی لٹر

(iii) 7 لٹر 25 ملی لٹر، 16 لٹر، 400 لٹر اور 31 لٹر 251 ملی لٹر

(iv) 705 ملی لٹر، 820 ملی لٹر اور 695 ملی لٹر

(v) 14 لٹر 782 ملی لٹر، 17 لٹر 300 ملی لٹر اور 26 لٹر 450 ملی لٹر

**(2) تفریق کریں:**

(i) 825 لٹر سے 719 لٹر

(ii) 60 لٹر 600 ملی لٹر سے 16 لٹر 415 ملی لٹر

(iii) 905 ملی لٹر سے 460 ملی لٹر

(iv) 11 لٹر 150 ملی لٹر سے 8 لٹر 205 ملی لٹر

(v) 97 لٹر 660 ملی لٹر سے 76 لٹر 223 ملی لٹر

## مختلف اشیاء / برتنوں کی گنجائش / حجم ناپنے کے لئے موزوں اکائی کا استعمال




- بیکر کی گنجائش $\frac{1}{2}$ لٹر یا 500 ملی لٹر ہے۔
- دوسرے بیکر کی گنجائش 1 لٹر یا 1000 ملی لٹر ہے۔
- خالص پانی کی بوتل کی گنجائش 1 لٹر ہے۔
- بالٹی کی گنجائش 5 لٹر یا 5000 ملی لٹر ہے۔
- پیالوں کی گنجائش 250 ملی لٹر، 500 ملی لٹر اور 750 ملی لٹر ہے۔










www.perfect24u.com

**سرگرمی** دی گئی اشیاء کے لئے موزوں اکائی منتخب کریں۔

1


25 ملی لٹر
25✓ ملی لٹر
2500 ملی لٹر

2


36 ملی لٹر
360 ملی لٹر
3600 ملی لٹر

3



1 لٹر
10 لٹر
100 لٹر

## گنجائش/حجم کی اکائی کی تحویل جمع اور تفریق پر مشتمل روزمرہ زندگی کے مسائل کا حل کرنا

**مثال 1:** ایک پلاسٹک کے ٹینک میں 18 لٹر پانی آتا ہے۔ عبدالصمد نے اس میں 16 لٹر پانی اور شامل کر دیا۔ بتایئے کل کتنا پانی ہو گیا؟

**حل:**

| | | |
|---|---|---|
| ٹینک میں موجود پانی | (1) 18 | لٹر |
| پانی جو شامل ہوا | 16 | لٹر + |
| کل | **34** | لٹر |

ٹینک میں اب 34 لٹر پانی ہو گیا۔

**مثال 2:** دو بوتلوں میں 200 لٹر جوس ہے۔ اگر ایک میں 98 لٹر جوس ہو تو دوسری بوتل میں کتنا جوس ہو گا؟

**حل:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| دونوں بوتلوں کے جوس کی مقدار | = | (1 9 10) 200 | لٹر |
| ایک بوتل کے جوس کی مقدار | = | 98 | لٹر + |
| دوسرے بوتل میں 102 لٹر جوس ہے۔ | | **102** | لٹر |

www.perfect24u.com

## مشق 5.7

(1) ذیل کے اشیاء کی گنجائش ظاہر کرنے کے لئے موزوں اکائی منتخب کریں۔

i


4 لٹر یا 40 لٹر یا 400 لٹر

ii


1 لٹر یا 1 ملی لٹر یا 2 ملی لٹر

iii

500 لٹر یا 500 ملی لٹر یا 800 ملی لٹر

iv

4 لٹر یا 4 ملی لٹر

v

140 لٹر یا 140 ملی لٹر

vi

5 لٹر یا 5 ملی لٹر

2. ایک کپ میں سے 14 ملی لٹر پانی نکالا گیا اگر اس میں 28 ملی لٹر پانی تھا تو بتایئے اس میں کتنا پانی بچا؟

3. سارہ کے گھر میں نہانے کے ٹب کو بھرنے کے لئے 850 لٹر پانی درکار ہوتا ہے۔ اس میں اس وقت 552 لٹر پانی ہے تو اسے بھرنے کے لئے کتنے لٹر پانی درکار ہوگا؟

4. ایک ٹینک میں 98 لٹر 300 ملی لٹر تیل ہے۔ اس میں 51 لٹر 700 ملی لٹر اور تیل ملایا گیا تو ٹینک میں کل ملا کر کتنا تیل ہوگا؟

5. ایک دودھ والی وین میں 272 لٹر دودھ ہے۔ اس میں سے 35 لٹر 875 ملی لٹر دودھ ایک حادثہ میں ضائع ہوگیا۔ باقی کتنا دودھ بچا؟

6. ایک پانی کے ڈرم میں 500 لٹر پانی ہے۔ پھولوں کو پانی دینے کے بعد 260 ملی لٹر پانی بچا۔ بتایئے پھولوں کے لئے کتنا پانی استعمال ہوا؟

7. ایک بوتل میں 1 لٹر 10 ملی لٹر شربت ہے جبکہ دوسری بوتل میں 2 لٹر 75 ملی لٹر شربت ہے۔ دونوں بوتلوں میں کل کتنا شربت ہے؟

8. ایک کھانا پکانے کے مقابلہ میں امین نے مختلف کھانے پکانے کے لئے 752 ملی لٹر اور سعد نے ایک ہفتے میں 448 ملی لٹر کھانا پکانے کا تیل استعمال کیا۔ دونوں نے کتنا تیل استعمال کیا؟

www.perfect24u.com




## 5.4 وقت

ایک گھڑی کی تین سوئیاں ہوتی ہیں۔

سب سے چھوٹی سوئی گھنٹے والی سوئی کہلاتی ہے۔

لمبی سوئی منٹ والی سوئی کہلاتی ہے۔

باریک سوئی سیکنڈ والی سوئی کہلاتی ہے۔

گھنٹے والی سوئی دن بھر میں گھڑی کے دو چکر مکمل کرتی ہے۔

منٹ والی سوئی دن بھر میں گھڑی کے 24 چکر لگاتی ہے۔ سیکنڈوں والی سوئی ایک منٹ کے وقفے میں 60 ہلکے جھٹکے لگا کر گھڑی کے گرد ایک چکر لگاتی ہے۔ ہم ذیل کی معلومات جانتے ہیں:




MAY 2014

| پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| * | * | * | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | * |

### وقت کی پیمائش

| | | |
|---|---|---|
| 1 گھنٹہ | = | 60 منٹ |
| 1 دن | = | 24 گھنٹے |
| 1 ہفتہ | = | 7 دن |
| 52 ہفتے | = | 1 سال |
| 1 سال | = | 12 مہینے |

## وقت کی اکائیوں کی تحویل

### گھنٹوں، منٹ اور سیکنڈ میں وقت پڑھنا

ہم پڑھ چکے ہیں کہ ایک دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں۔ ایک دن کا اختتام رات کے 12 بجے ہوتا ہے اور 12 بجے رات کے بعد نیا دن شروع ہو جاتا ہے۔

- رات کے 12 بجے سے 12 بجے دن تک کے وقت کو a.m کہتے ہیں اس سے مراد رات کا پچھلا پہر اور صبح ہوتا ہے۔
- دن میں دوپہر کے 12 بجے سے رات کے 12 بجے تک درمیان کے وقفہ کو p.m کہتے ہیں۔ اس سے مراد دوپہر کے بعد شام اور رات ہوتا ہے۔

www.perfect24u.com

اس گھڑی کو دیکھیں، اس کی تین سوئیاں ہیں۔




تیسری سوئی لمبی اور باریک ہے۔ یہ دوسری دونوں سوئیوں سے تیز چلتی ہے۔ یہ ہلکے جھٹکوں سے چلتی ہے۔ ہر جھٹکا ایک سیکنڈ کا پورا ہونا بتاتا ہے۔

سیکنڈ وقت کی سب سے چھوٹی اکائی ہے۔

ایک منٹ میں 60 سیکنڈ ہوتے ہیں۔

| |
|---|
| ایک منٹ = 60 سیکنڈ |

تیسری سوئی 60 ہلکے جھٹکے لگا کر گھڑی کا ایک چکر پورا کرتی ہے۔ جب 60 سیکنڈ پورے ہوتے ہیں تو ایک منٹ گزر جاتا ہے۔

**سیکنڈ والی سوئی ایک گھنٹہ میں کتنے ہلکے جھٹکے لے گی؟**

| | | |
|---|---|---|
| 3600 سیکنڈ | = | 60×60 |
| | یا | |
| 1 گھنٹہ | = | 3600 سیکنڈ |

## سرگرمی 1 am اور pm کا استعمال۔

1. 8 بجے صبح ______ 8 a.m
2. 5 بجے شام ______
3. 1 بجے صبح ______
4. 9 بجے رات ______
5. آدھی رات سے دو گھنٹے قبل ______

am سے مراد رات کا پچھلا پہر اور صبح ہے۔ pm سے مراد دوپہر کے بعد شام اور آدھی رات ہے۔

www.perfect24u.com

ذیل کی گھڑی کے ڈائل کو دیکھیں۔ ہم اسے دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔






پونے بارہ

11:45



سوا بارہ

12:15



4 بجنے میں 5 منٹ

3:55



6 بج کر 10 منٹ

6:10

## سرگرمی 2

ہندسوں اور عبارت میں وقت لکھیں۔

(i)



3 بجنے میں 5 منٹ

02:55

(ii)



(iii)



(iv)



(v)



(vi)



www.perfect24u.com

## گھنٹوں کو منٹوں میں اور منٹوں کو سیکنڈوں میں تحویل کرنا

### (الف) گھنٹوں کو منٹوں میں تحویل کرنا۔

ہم گھنٹوں کو منٹوں میں تحویل کرنے کے لئے 60 سے ضرب کرتے ہیں۔

**مثال 1:** 3 گھنٹے 15 منٹ کو منٹوں میں تحویل کریں۔

**حل:** 3 گھنٹے 15 منٹ = 3×60+15

195 منٹ = 180+15

**سرگرمی 1** ذیل کو منٹوں میں تحویل کریں۔

(1) 2 گھنٹے 10 منٹ = 2×60+10 = 130 منٹ

(2) 3 گھنٹے 32 منٹ = ________ = ________ منٹ

(3) 1 گھنٹہ 45 منٹ = ________ = ________ منٹ

(4) 5 گھنٹے = ________ = ________ منٹ

### (ب) منٹوں کو سیکنڈوں میں تحویل کرنا۔

ہم منٹوں کو سیکنڈوں میں تحویل کرنے کے لئے 60 سے ضرب کرتے ہیں۔

**مثال 1:** 4 منٹ کو سیکنڈوں میں تحویل کریں۔

**حل:** 4 منٹ = 4 × 60

= 240 سیکنڈ

**مثال 2:** 3 منٹ 20 سیکنڈ کو سیکنڈوں میں تحویل کرنا۔

**حل:** 3 منٹ 20 سیکنڈ = 3 × 60 + 20

= 180 + 20 = 200 سیکنڈ

**سرگرمی 2** ذیل کو سیکنڈوں میں تحویل کریں۔

(1) 47 منٹ = 47×60 = 2820 سیکنڈ

(2) 1 منٹ 5 سیکنڈ = ________ = ________ سیکنڈ

(3) 12 منٹ 15 سیکنڈ = ________ = ________ سیکنڈ

(4) 45 منٹ 10 سیکنڈ = ________ = ________ سیکنڈ

(5) 59 منٹ = ________ = ________ سیکنڈ

www.perfect24u.com

## سالوں کو مہینوں، مہینوں کو دنوں اور ہفتوں میں تحویل کرنا۔

### (الف) سالوں کو مہینوں میں تحویل کرنا۔

ہم سالوں کو مہینوں میں تحویل کرنے کے لئے سال کو 12 سے ضرب کرتے ہیں۔

**مثال 1:** 3 سالوں کو مہینوں میں تحویل کریں۔

**حل:** ایک سال میں 12 ماہ ہوتے ہیں۔اس لئے:

3 سال = 3 × 12 مہینے = 36 مہینے

**مثال 2:** 4 سال 8 مہینے کو مہینوں میں تحویل کریں۔

**حل:** 4 سال 8 ماہ = 4 × 12 + 8 مہینے

= 48 + 8 مہینے = 56 مہینے

**سرگرمی** ذیل کو مہینوں میں تحویل کریں۔

(1) 2 سال = 2×12 = 24 مہینے

(2) 5 سال 2 مہینے = ________ = ________ مہینے

(3) 10 سال 8 مہینے = ________ = ________ مہینے

(4) 7 سال 6 مہینے = ________ = ________ مہینے

### (ب) مہینوں کو دنوں میں تحویل کرنا۔

ہم مہینوں کو دنوں میں تحویل کرنے کے لئے 30 سے ضرب کرتے ہیں۔

**مثال 1:** 5 مہینوں کو دنوں میں تقسیم کریں۔

**حل:** 5 مہینے = 5×30 دن = 150 دن

**مثال 2:** 2 مہینے 20 دن کو دنوں میں تحویل کریں۔

**حل:** 2 مہینے 20 دن = 2×30 دن + 20

= 60 + 20 = 80 دن

**سرگرمی** ذیل کو دنوں میں تحویل کریں۔

(1) 4 مہینے 10 دن = 4×30+10 = 130 دن

(2) 6 مہینے 4 دن = ________ = ________ دن

(3) 9 مہینے 20 دن = ________ = ________ دن

(4) 18 مہینے 15 دن = ________ = ________ دن

www.perfect24u.com

**(ج) ہفتوں کو دنوں میں تحویل کرنا۔**

ہم ہفتوں کو دنوں میں تحویل کرنے کے لئے 7 سے ضرب کرتے ہیں۔

**مثال 1:** 5 ہفتوں کو دنوں میں تحویل کریں۔

**حل:** 5 ہفتے = 5 × 7 = 35 دن

**مثال 2:** 2 ہفتے 4 دن کو دنوں میں تحویل کریں۔

**حل:** 2 ہفتے 4 دن = 2 × 7 دن + 4 دن = 14 + 4 = 18 دن

## مشق 5.8

**(1) ذیل کو مہینوں میں تحویل کریں:**

(i) 5 سال (ii) 8 سال 6 مہینے (iii) 4 سال 9 مہینے

(iv) 10 سال 2 مہینے (v) 15 سال 8 مہینے (vi) 20 سال 10 مہینے

**(2) ذیل کو دنوں میں تحویل کریں:**

(i) 3 مہینے (ii) 3 مہینے 12 دن (iii) 8 مہینے 20 دن

(iv) 4 مہینے 25 دن (v) 10 مہینے 28 دن (vi) 2 مہینے 15 دن

**(3) ذیل کو دنوں میں تحویل کریں:**

(i) 8 ہفتے (ii) 25 ہفتے 3 دن (iii) 17 ہفتے 6 دن

(iv) 30 ہفتے (v) 35 ہفتے 5 دن (vi) 41 ہفتے 2 دن

## وقت کی اکائیوں کی جمع و تفریق

### وقت کی اکائیوں کی جمع و تفریق (بلا حاصل) بغیر ادھار لیے

**مثال 1:** 15 منٹ 35 سیکنڈ اور 30 منٹ 20 سیکنڈ کو جمع کریں۔

**حل:**

| سیکنڈ | منٹ |
|---|---|
| 35 | 15 |
| 20 | + 30 |
| 55 | 45 |

جواب: 45 منٹ 55 سیکنڈ

www.perfect24u.com

**مثال 2:** 46 منٹ 48 سیکنڈ میں سے 25 منٹ 32 سیکنڈ تفریق کریں۔

**حل:**

| | منٹ | سیکنڈ |
|---|---|---|
| | 46 | 48 |
| − | 25 | 32 |
| | 21 | 16 |

جواب: 21 منٹ 16 سیکنڈ

## مشق 5.9

**(الف) جمع کریں:**

1. 45 منٹ 38 سیکنڈ اور 30 منٹ 40 سیکنڈ
2. 48 منٹ 39 سیکنڈ اور 37 منٹ 20 سیکنڈ
3. 28 گھنٹے 10 منٹ اور 31 گھنٹے 20 منٹ
4. 25 گھنٹے 20 منٹ اور 34 گھنٹے 16 منٹ

**(ب) تفریق کریں:**

1. 59 منٹ 49 سیکنڈ میں سے 48 منٹ 39 سیکنڈ
2. 55 منٹ 35 سیکنڈ میں سے 35 منٹ 25 سیکنڈ
3. 45 گھنٹے 46 منٹ میں سے 32 گھنٹے 12 منٹ
4. 54 گھنٹے 30 منٹ میں سے 23 گھنٹے 10 منٹ

## وقت کی اکائیوں کی تحویل جمع و تفریق پر مشتمل حقیقی زندگی کے مسائل حل کرنا

**مثال 1:** نازیہ نے ریاضی کا گھر کا کام کرنے میں 1 گھنٹہ 15 منٹ جبکہ انگلش کا گھر کا کام کرنے میں 1 گھنٹے کا وقت لیا۔ بتایئے کہ اس کے دونوں گھر کا کام مکمل کرنے میں کتنا وقت لگا؟

**حل:**

| | منٹ | گھنٹے | |
|---|---|---|---|
| ریاضی کا کام کرنے کا وقت | 15 | 1 | |
| انگلش کا کام کرنے کا وقت | 00 | 1 | + |
| کل وقت | 15 | 2 | |

کل وقت 2 گھنٹے 15 منٹ ہوا۔

www.perfect24u.com

**مثال 2:** ہمدان نے کرکٹ کھیلنے میں ایک گھنٹہ 30 منٹ صرف کیے، جبکہ اس کے بھائی حماد نے 1 گھنٹہ 15 منٹ لگائے۔ ہمدان نے کتنا زیادہ وقت لگایا؟

**حل:**

| | منٹ | گھنٹے | |
|---|---|---|---|
| | 30 (2 10) | 1 | ہمدان کا صرف کیا ہوا وقت |
| – | 15 | 1 | حماد کا صرف کیا ہوا وقت |
| | 15 | 0 | فرق |

ہمدان نے کرکٹ کھیلنے میں 15 منٹ زیادہ وقت صرف کیا

## مشق 5.10

1. رفیق نے اسکول جانے میں 25 منٹ 30 سیکنڈ جبکہ واپس آنے میں 23 منٹ 25 سیکنڈ لگائے۔ اسکول جانے اور آنے میں اس نے کل کتنا وقت لیا؟

2. پاکستانی ٹیم نے اپنی اننگ مکمل کرنے میں 4 گھنٹے اور 25 منٹ جبکہ انڈیا کی ٹیم نے 3 گھنٹے 20 منٹ لگائے دونوں ٹیموں نے اپنی اننگز کھیلنے میں کل کتنا وقت لیا؟

3. احسن ایک کام کو مکمل کرنے میں 42 منٹ 54 سیکنڈ لگائے جبکہ اس کا دوست وہی کام 32 منٹ 12 سیکنڈ میں مکمل کرتا ہے۔ احسن نے اپنے دوست سے کتنا زیادہ وقت لیا؟

4. ایک ریل گاڑی لاہور سے کراچی 19 گھنٹے 48 منٹ میں پہنچتی ہے، جبکہ دوسری ریل گاڑی 17 گھنٹے 23 منٹ لیتی ہے۔ دونوں گاڑیوں کے وقت میں فرق معلوم کریں۔

5. مومل نے ٹیلیویژن دیکھنے میں 53 منٹ 47 سیکنڈ جبکہ زاہد نے 39 منٹ 23 سیکنڈ لگائے۔ دونوں کے وقت کے درمیان فرق معلوم کریں۔

www.perfect24u.com

## جائزہ مشق 5

**1** صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) ایک سینٹی میٹر ________ کے برابر ہے۔

(الف) 100 ملی میٹر (ب) 10 ملی میٹر (ج) 1000 ملی میٹر

(ii) ایک کلو میٹر ________ کے برابر ہے۔

(الف) 1000 میٹر (ب) 100 میٹر (ج) 10 میٹر

(iii) ایک لٹر ________ کے برابر ہے۔

(الف) 100 ملی لٹر (ب) 10 ملی لٹر (ج) 1000 ملی لٹر

(iv) ایک دن میں گھنٹوں کی تعداد ________ ہے۔

(الف) 12 (ب) 24 (ج) 30

**2** کلو میٹر میں پیمائش ہونے والی چار اشیاء کے نام لکھیں۔

(i) دو میناروں کا فاصلہ (ii) ________

(iii) ________ (iv) ________

**3** ذیل کے فاصلوں کو کلو میٹر میں تحویل کریں۔

(i) 6000 میٹر = ________ (ii) 3500 میٹر = ________

**4** ذیل کے فاصلوں کو میٹر میں تحویل کریں۔

(i) 15 کلو میٹر = ________ (ii) 3 کلو میٹر = ________

**5** جمع کریں۔

(i) 30 کلو میٹر 43 میٹر اور 18 کلو میٹر 84 میٹر

(ii) 48 میٹر 65 سینٹی میٹر اور 38 میٹر 76 سینٹی میٹر

(iii) 13 لٹر 800 ملی لٹر اور 12 لٹر 700 ملی لٹر

(iv) 44 کلو گرام 380 گرام اور 38 کلو گرام 960 گرام

**6** تفریق کریں۔

(i) 76 کلو میٹر 72 میٹر میں سے 40 کلو میٹر 65 میٹر

(ii) 72 میٹر 34 سینٹی میٹر میں سے 43 میٹر 81 سینٹی میٹر

(iii) 12 لٹر 250 ملی لٹر میں سے 4 لٹر

(iv) 86 کلو گرام 638 گرام میں سے 45 کلو گرام 325 گرام

www.perfect24u.com

# جیومیٹری

## 6.1 جیومیٹری بکس



جیومیٹری بکس میں مختلف اقسام کے آلات ہوتے ہیں جو کہ ناپنے اور جیومیٹریکل اشکال بنانے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

جیومیٹری بکس کے آلات کو جاننا جیسے پینسل، پیمانہ، پرکار، سیٹ اسکوائرز، پروٹریکٹر

ایک جیومیٹری بکس میں مندرجہ ذیل آلات ہوتے ہیں:

### (1) پینسل اور ربڑ




پینسل کو اشکال، خط، قوس اور زاویے وغیرہ بنانے کے لئے استعمال کرتے ہیں جبکہ ربڑ کا استعمال اشکال کو مٹانے اور درست کرنے کے لئے کرتے ہیں۔

### (2) پیمانہ (اسکیل)

اس کا استعمال دیے گئے قطعہ خط کی لمبائی ناپنے کے لئے کرتے ہیں اور اس کا استعمال دی گئی پیمائش کے مطابق قطعہ خط کو بنانے کے لئے بھی کرتے ہیں۔




### (3) پرکار



پرکار کو قوس، دائرہ اور فاصلوں کے نشانات لگانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

### (4) ڈیوائڈر




ڈیوائڈر کو قطعہ خط کی لمبائی کی پیمائش اور کھوکھلے نما بیلن کے قطر ناپنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد کو چاہیے کہ کمرۂ جماعت میں جیومیٹری بکس اور اس کے آلات طلبہ کو دکھائے۔

www.perfect24u.com

## (5) سیٹ اسکوائرز




سیٹ اسکوائرز کو متوازی اور عمودی خطوط بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور اسے $60^\circ$, $45^\circ$, $30^\circ$ اور $90^\circ$ کے زاویے بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

## (6) پروٹریکٹر




پروٹریکٹر کو $0^\circ$ سے $180^\circ$ کے درمیان زاویوں کو ناپنے اور بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

## H اور HB درجہ پینسلوں کے استعمال کی شناخت

دو درجوں کی پینسلیں استعمال کی جاتی ہیں۔

(i) درجہ H پینسل کا مطلب ہے اس کی سختی

(ii) درجہ HB پینسل کا مطلب ہے اس کا کالا پن




درجہ H پینسل




درجہ HB پینسل

درجہ H کی پینسل بہت باریک لائن کھینچتی ہے اور اس کا نقش ہلکا کالا ہوتا ہے۔

درجہ HB کی پینسل موٹی لائن کھینچتی ہے اور اس کا نقش گہرا کالا ہوتا ہے۔

## H اور HB پینسلوں سے مختلف لائن کھینچ کر دکھانا

ان پینسلوں کو غور سے دیکھیں۔







H پینسل سے کھینچی گئی لائن بہت باریک ہے۔

HB پینسل سے کھینچی گئی لائن بہت موٹی ہے۔

www.perfect24u.com

**سرگرمی 1** H اور HB درجہ پینسلوں کی مدد سے مندرجہ ذیل اشکال بنائیں:

(i) قطعۂ خط (ii) مربع (iii) دائرہ

**سرگرمی 2** نقطہ A لیں۔ نقطہ A کو پیمانے کی مدد سے $\overline{AB}$ کھینچیں۔ A سے ایک $\overline{AC}$ کھینچیں۔ بتائیں اس نقطے سے کتنے خطوط کھینچے جا سکتے ہیں؟

**سرگرمی 3** ڈیوائڈر کا ایک جوڑا لیں۔ ان کی نوکوں کو کاغذ پر رکھ کر دبائیں۔ ان نشانات کو A اور B کا نام دیں۔ اب پیمانے کی مدد سے نقاط A اور B کے اوپر سے گذر سکنے والے خطوط کھینچیں۔

## 6.2 خط

پچھلی جماعت میں ہم سیکھ چکے ہیں کہ ایک خط لاتعداد نقاط کا مجموعہ ہوتا ہے اور خط کا کوئی سرا نہیں ہوتا۔




یہ ایک خط ہے جو لاتعداد نقاط کو ظاہر کرتا ہے۔

### خط کی پیمانے اور ڈیوائڈر کی مدد سے سینٹی میٹر اور ملی میٹر میں پیمائش کرنا۔

**سرگرمی 1** قطعۂ خط کو پیمانے کی مدد سے کھینچنا۔




**مرحلہ 1:** دو نقاط لیں (A اور B)۔

**مرحلہ 2:** A اور B کو اپنے پیمانے / اسکیل اور پینسل کی مدد سے ملائیں۔




**مرحلہ 3:** لہٰذا اس سے ہمیں خط کا ایک حصہ حاصل ہوا جس کے دو سرے ہیں۔ یہ قطعۂ خط کہلاتا ہے۔

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد طلبہ کو اپنی نوٹ بک میں قطعۂ خط بنانے اور پیمائش کرنے کی سرگرمیاں کرائے۔

www.perfect24u.com

## سرگرمی 2 پیمانے / اسکیل کی مدد سے قطعہ خط کی پیمائش کریں۔




**مرحلہ 1:** $\overline{AB}$ کے ساتھ پیمانہ اس طرح رکھیں کہ پیمانہ پر صفر (0) کا نشان نقطہ A پر ہو۔

**مرحلہ 2:** نقطہ B پیمانے کو جہاں چھو رہا ہے، اُس نشان کو پڑھیں۔

**مرحلہ 3:** یہ ہمیں $\overline{AB}$ کی پیمائش بتاتی ہے۔ لہٰذا $\overline{AB}$ کی لمبائی 5 سینٹی میٹر 2 ملی میٹر ہے۔

5.2 سینٹی میٹر علامتی طور پر ہم اس طرح لکھتے ہیں: $m\,\overline{AB} = 5.2\text{ cm}$

## سرگرمی 3 ڈیوائڈر کی مدد سے قطعہ خط کی پیمائش کرنا۔




**مرحلہ 1:** ڈیوائڈر کو اس طرح کھولیں کہ اس کا ایک سرا A پر اور دوسرا سرا B پر ہو۔

**مرحلہ 2:** ڈیوائڈر کو اس طرح اٹھائیں کہ اس کے بازو کے درمیان فاصلہ کم یا زیادہ نہ ہو۔ پھر اس کو پیمانے پر اس طرح رکھیں کہ اُس کا ایک سرا پیمانے پر صفر (0) پر آئے۔

**مرحلہ 3:** پیمانے پر اس نشان کو پڑھیں جس پر ڈیوائڈر کا دوسرا بازو چھو رہا ہو۔

**مرحلہ 4:** پس ہمیں $\overline{AB}$ کی لمبائی 4.9 سینٹی میٹر ملی یا ہم اسے $m\,\overline{AB} = 4.9\text{ cm}$ لکھتے

www.perfect24u.com

## مشق 6.1

**.1** ذیل میں دی گئی اشکال کے اضلاع کی لمبائیوں کی پیمائش پیمانے کی مدد سے کریں اور ان لمبائیوں کو لکھیں۔

(i)




m $\overline{AC}$ = ________cm
m $\overline{AB}$ = ________cm
m $\overline{CB}$ = ________cm
m $\overline{BC}$ = ________cm

(ii)




m $\overline{PQ}$ = ________cm
m $\overline{QR}$ = ________cm
m $\overline{RS}$ = ________cm
m $\overline{SP}$ = ________cm

(iii)




m $\overline{WX}$ = ____ = m $\overline{YZ}$ = ____
m $\overline{XY}$ = ____ = m $\overline{ZW}$ = ____

**.2** نیچے دیے گئے نقاط کو ملا کر قطعہ خط بنائیں اور پھر انہیں پیمانے کی مدد سے ناپیں اور لمبائیاں لکھیں۔ ڈیوائڈر کی مدد سے لمبائیوں کی تصدیق بھی کریں۔

(i) P . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . Q

$\overline{PQ}$ کی لمبائی 8.5 سینٹی میٹر ہے۔

(ii) S •      • T

$\overline{ST}$ کی لمبائی ________ سینٹی میٹر ہے۔

(iii) F •      • G

$\overline{FG}$ کی لمبائی ________ سینٹی میٹر ہے۔

(iv) Y •      • Z

$\overline{YZ}$ کی لمبائی ________ سینٹی میٹر ہے۔

(v) M •      • N

$\overline{MN}$ کی لمبائی ________ سینٹی میٹر ہے۔

www.perfect24u.com

## خط کو دی گئی لمبائی کے مطابق پیمانے اور ڈیوائڈر کی مدد سے کھینچنا

### سرگرمی 1 آئیں 6.5 سینٹی میٹر لمبا قطعہ خط پیمانے کی مدد سے کھینچیں۔

**مرحلہ 1:**

(i) نقطہ A لیں۔

(ii) پیمانے کے صفر (0) کو نقطہ A پر رکھیں۔

(iii) پینسل سے پیمانے کے 6.5 سینٹی میٹر سامنے نشان B لگائیں۔




**مرحلہ 2:**

(i) A اور B کو پیمانے کی مدد سے ملائیں۔




لہٰذا خط AB جس کی لمبائی 6.5 سینٹی میٹر ہے، بن گیا۔

### سرگرمی 2 ڈیوائڈر کی مدد سے 8.5 سینٹی میٹر کا خط کھینچیں۔

**مرحلہ 1:** کاغذ پر نقطہ A لیں۔

**مرحلہ 2:** ڈیوائڈر کا ایک سرا پیمانے کے نشان صفر (0) پر رکھیں۔

**مرحلہ 3:** ڈیوائڈر کو اتنا کھولیں کہ اُس کا دوسرا سرا پیمانے پر 8.5 سینٹی میٹر تک آئے۔

**مرحلہ 4:** ڈیوائڈر کے بازو کے فاصلے کو تبدیل کئے بغیر اس کے ایک سرے کو A سرے پر رکھیں اور دوسرے سرے کے نقطے کو B کا نام دیں۔

**مرحلہ 5:** A اور B کو ملائیں۔

**مرحلہ 6:** پس ہمیں مطلوبہ پیمائش 8.5 سینٹی میٹر کی $\overline{AB}$ حاصل ہو گئی۔




**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد مختلف پیمائشوں کے خطوط کاپیوں پر کھینچنے میں طلبہ کی مدد کریں۔

www.perfect24u.com

## مخنی خط کھینچنا اور دھاگے / ڈیوائڈر یا پیمانے کی مدد سے اُس کی لمبائی کی پیمائش کرنا




یہ مخنی خطوط ہیں۔ ان کو پینسل سے مختلف سمت میں حرکت دے کر بنایا جا سکتا ہے۔ ہم ان کی پیمائش دھاگے / ڈیوائڈر کی مدد سے کر سکتے ہیں۔

### سرگرمی 1

شکل (i) میں دی گئی مخنی خط کی دھاگے اور پیمانے سے پیمائش کریں۔

مرحلہ 1: دھاگے کا ایک ٹکڑا لیں۔

مرحلہ 2: دھاگے کے ایک سرے کو نقطہ A پر رکھیں۔

مرحلہ 3: دھاگے کو A سے B تک پھیلائیں اور پھر B سے C تک۔

مرحلہ 4: دھاگے پر نشان لگائیں یا اُسے قینچی سے کاٹیں۔




مرحلہ 5: دھاگے کی پیمائش پیمانے کی مدد سے کریں جو 9 سینٹی میٹر اور 6 ملی میٹر یا 9.6 سینٹی میٹر کا ہے۔

مرحلہ 6: اس طرح دی گئی مخنی خط ABC کی لمبائی 9.6 سینٹی میٹر ہے۔

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد طلبہ کی ان کی اپنی نوٹ بک میں کچھ مخنی خطوط بنانے اور دھاگے یا پیمانے کی مدد سے پیمائش کرنے میں ان کی مدد کرے۔

www.perfect24u.com

**سرگرمی 2** منحنی خط PQRS شکل (الف) کی پیمائش ڈیوائڈر اور پیمانے کی مدد سے کریں۔




**مرحلہ 1:** ڈیوائڈر کے بازو کو 1 سینٹی میٹر تک کھولیں۔

**مرحلہ 2:** ایک بازو کو P پر رکھیں اور دوسرے بازو کو نمبر 1 تک لے جائیں۔ (شکل (ب) دیکھیں)

**مرحلہ 3:** بازو کو نمبر 1 پر مضبوطی سے رکھیں، بازو کو گھمائیں اور نمبر 2 تک لے آئیں۔ (شکل (ج) دیکھیں)

**مرحلہ 4:** اس عمل کو بار بار دہرائیں یہاں تک کہ نمبر 10 تک پہنچ جائیں۔

**مرحلہ 5:** منحنی خط کا بقیہ حصہ مکمل یونٹ نہیں ہے۔ ڈیوائڈر کو کھولیں یہاں تک کہ وہ نقطہ S کو چھوئے اور نمبر 10 کو بھی۔ اس کو پیمانے پر رکھیں، یوں ایک بازو 0 (صفر) پر ہے۔ دوسرے نقطہ کو پڑھیں۔ فرض کریں کہ دوسرا بازو 5 ملی میٹر پر آتا ہے۔ لہٰذا منحنی خط **PQRS** کی مطلوبہ لمبائی **10.5** سینٹی میٹر ہے۔

## مشق 6.2

1. مندرجہ ذیل لمبائیوں کے قطعہ خط کھینچیں (الف) پیمانے (ب) پیمانے اور ڈیوائڈر کی مدد سے۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) $m\overline{AB} = 7.4$ cm | (ii) $m\overline{BC} = 6.6$ cm | (iii) $m\overline{CD} = 5.7$ cm |
| (iv) $m\overline{DE} = 3.8$ cm | (v) $m\overline{EF} = 4.9$ cm | (vi) $m\overline{PQ} = 6.0$ cm |

www.perfect24u.com

2. ان مخنی خطوط کی دھاگے اور پیمانے کی مدد سے پیمائش کریں اور ان کی لمبائیاں لکھیں۔




لمبائی ______ سینٹی میٹر لمبائی ______ سینٹی میٹر لمبائی ______ سینٹی میٹر

## افقی اور عمودی خطوط کی پہچان کرنا



جسم کے کھولے ہوئے بازؤں کو غور سے دیکھیں۔
بازو زمین کے لحاظ سے افقی خط کو ظاہر کر رہے ہیں۔
جسم زمین اور بازو کے لحاظ سے عمودی ہے۔
اس طرح سے ہمیں ⟷ افقی خط اور ↕ عمودی خط ملتے ہیں
جو ایک دوسرے کو ایک نقطہ پر قطعہ کرتے ہیں۔




نوٹ: افقی اور عمودی خطوط پر تیر کے نشانات ہوتے ہیں جو سمت کو ظاہر کرتے ہیں۔

## مشق 6.3




افقی اور عمودی خطوط پر مشرق، مغرب، شمال اور جنوب کی سمتوں کو غور سے دیکھیں اور خالی جگہیں پُر کریں۔

(1) افقی خط ____________ سمت کو ظاہر کرتی ہے۔
(2) عمودی خط ____________ سمت کو ظاہر کرتی ہے۔
(3) سمت شمال سے جنوب ____________ خط کو ظاہر کرتی ہے۔
(4) سمت مغرب سے مشرق ____________ خط کو ظاہر کرتی ہے۔

ہدایات برائے اساتذہ: استاد طلبہ کو کرسی کے پچھلے حصہ، کھڑکی کے چوکھٹ، میز کے کناروں اور کالے بورڈ کے کناروں اور گھڑی میں 6 بجے اور 9 بج کر 15 منٹ دکھا کر عمودی اور افقی خطوط سمجھانے کی مشق کرائے۔

www.perfect24u.com

## دیے گئے افقی خط پر عمودی خط بذریعہ سیٹ اسکوائر کھینچنا

**سرگرمی** دیے گئے افقی خط $\overleftrightarrow{BC}$ پر عمودی خط $\overleftrightarrow{DE}$ کھینچیں۔




**مرحلہ 1:** افقی خط $\overleftrightarrow{BC}$ کھینچیں۔

**مرحلہ 2:** $\overleftrightarrow{BC}$ پر پیمانہ رکھیں۔

**مرحلہ 3:** سیٹ اسکوائر کو پیمانے کے کنارے کے ساتھ رکھیں۔ اب اس کو کھسکائیں یہاں تک کہ اس کا کونہ نقطہ O سے مل جائے۔ یہاں پر عمودی خط کھینچا جائے گا۔

**مرحلہ 4:** $\overleftrightarrow{DO}$ کھینچیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ پھر $\overleftrightarrow{DO}$ کو E تک بڑھائیں۔ اس طرح ہمیں افقی خط $\overleftrightarrow{BC}$ پر عمودی خط $\overleftrightarrow{DE}$ حاصل ہو گا۔

## متوازی اور غیر متوازی خطوط کو پہچاننا

ان تصاویر کو غور سے دیکھیں۔






تختۂ سیاہ کے مخالف کنارے ہیں




اور




متوازی خطوط ہیں۔

**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد طلبہ کو بذریعہ سیٹ اسکوائر عمودی خط پر افقی خط کھینچنے کو کہے۔

www.perfect24u.com

$\overleftrightarrow{AD}$ متوازی ہے $\overleftrightarrow{BC}$ کے اور $\overleftrightarrow{AB}$ متوازی ہے $\overleftrightarrow{DC}$ کے۔ اسی طرح ریل کی پٹڑیاں متوازی خطوط ہوتے ہیں۔

اس کے برخلاف مندرجہ ذیل خطوط غیر متوازی خطوط ہیں کیونکہ اگر ان کو بڑھایا جائے تو یہ آپس میں مل جائیں گے یا قطعہ کریں گے۔




اور




غیر متوازی خطوط ہیں۔

پس متوازی خطوط وہ خطوط ہوتے ہیں، جو ایک دوسرے کو قطعہ نہیں ہوتے، چاہے ان کو جتنا بھی بڑھایا جائے۔

## دیے گئے خطوط کے مجموعہ میں سے متوازی اور غیر متوازی خطوط کو شناخت کرنا

**مثال:** متوازی اور غیر متوازی خطوط کو شناخت کریں۔




یہاں i، iii اور v متوازی خطوط کے جوڑے ہیں۔

لیکن ii اور iv غیر متوازی خطوط کے جوڑے ہیں۔

**سرگرمی 1**

جو اشکال متوازی خطوط کو ظاہر کرتی ہیں ان پر (✗) کا نشان اور جو اشکال غیر متوازی خطوط کو ظاہر کرتی ہیں ان پر (✓) کا نشان لگائیں۔



**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد کو چاہیے کہ وہ متوازی اور غیر متوازی خطوط کی شناخت کے لئے روزمرہ زندگی سے مثالیں دے۔

www.perfect24u.com

## سرگرمی 2 نیچے خانوں میں ایسے جوڑے لکھیں جو:

| غیر متوازی خطوط | متوازی خطوط |
|---|---|
| 1. مثلث کی اطراف | 1. تختہ سیاہ کے کنارے |
| .2 | .2 |
| .3 | .3 |
| .4 | .4 |
| .5 | .5 |

**مشاہدات:**

(1) متوازی خطوط کے جوڑے کبھی نہیں ملتے، چاہے ان کو کتنا ہی بڑھایا جائے۔

(2) غیر متوازی خطوط کے جوڑے آپس میں مل جاتے ہیں اور ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔

## مشق 6.4

**1. ذیل میں دیے گئے خطوط کے جوڑوں میں سے متوازی اور غیر متوازی خطوط کی شناخت کریں۔**

(i)



(ii)



(iii)



(iv)



(v)



(vi)



(vii)



(viii)



**ہدایات برائے اساتذہ:** استاد طلبہ سے سوال کر کے اوپر دیئے گئے مشاہدات کی تصدیق ان کے نوٹ بک میں کرائے۔

www.perfect24u.com

2. ان خطوط پر (✓) کا نشان لگائیں جو $\overleftrightarrow{XY}$ کے متوازی ہیں




3. ان خطوط پر (✗) کا نشان لگائیں جو $\overleftrightarrow{LM}$ کے غیر متوازی ہیں




## سیٹ اسکوائر کی مدد سے دی گئی خط مستقیم کے متوازی خط کھینچنا

**سرگرمی** $\overleftrightarrow{AB}$ کے متوازی خط (یا خطوط) کھینچیں۔




**مرحلہ 1:** دیا گیا $\overleftrightarrow{AB}$ کھینچیں۔

**مرحلہ 2:** سیٹ اسکوائر ($SQ_1$) کا ایک کنارہ $\overleftrightarrow{AB}$ کے ساتھ رکھیں جیسا کہ شکل نمبر (i) میں دکھایا گیا ہے۔



شکل نمبر (i)

**مرحلہ 3:** دوسرا سیٹ اسکوائر ($SQ_2$) پہلے والے کے ساتھ ملا کر رکھیں جیسا کہ شکل نمبر (ii) میں دکھایا گیا ہے۔ اب $SQ_1$، $SQ_2$ کے ساتھ اوپر نیچے کھسکانے کے لئے تیار ہے۔



شکل نمبر (ii)

**مرحلہ 4:** $SQ_2$ کو مضبوطی سے پکڑیں، $SQ_1$ کو اوپر کی طرف کھسکائیں اور $\overleftrightarrow{CD}$ کھینچیں جیسا کہ شکل نمبر (iii) میں دکھایا گیا ہے۔ اس طرح $\overleftrightarrow{AB}$ متوازی ہے $\overleftrightarrow{CD}$ کے۔



شکل نمبر (iii)

www.perfect24u.com



شکل نمبر (iv)

**مرحلہ 5:** $SQ_2$ کو مضبوطی سے پکڑیں، $SQ_1$ کو نیچے کی طرف کھسکائیں اور $\overleftrightarrow{EF}$ کھینچیں جیسا کہ شکل نمبر (iv) میں دکھایا گیا ہے۔اس طرح $\overleftrightarrow{AB}$ متوازی ہے $\overleftrightarrow{EF}$ کے۔

## سیٹ اسکوائر کی مدد سے ایک خط کھینچنا جو ایک دیے گئے نقطہ سے گزرتا ہو اور ایک دیے ہوئے خط کے متوازی ہو

**سرگرمی** دی گئی $\overleftrightarrow{CD}$ کے متوازی ایک خط $\overleftrightarrow{RS}$ نقطہ P سے گزارتے ہوئے کھینچیں۔



شکل نمبر (i)

**مرحلہ 1:** ایک خط $\overleftrightarrow{CD}$ کھینچیں اور خط کے باہر ایک نقطہ P لیں۔

**مرحلہ 2:** سیٹ اسکوائر کو اُس پر رکھیں جیسا کہ پہلے واضح کیا جا چکا ہے اور شکل نمبر (i) میں دکھایا گیا ہے۔

**مرحلہ 3:** $SQ_2$ کو مضبوطی سے پکڑیں، $SQ_1$ کو اوپر کی طرف نقطہ P تک کھسکائیں۔



شکل نمبر (ii)

**مرحلہ 4:** P سے گزارتے ہوئے خط $\overleftrightarrow{RS}$ کھینچیں جیسا کہ شکل نمبر (ii) میں دکھایا گیا ہے۔

اس طرح $\overleftrightarrow{CD}$ متوازی ہے $\overleftrightarrow{RS}$ کے جو کہ نقطہ P سے گزر رہی ہے۔

## مشق 6.5

1. سیٹ اسکوائر کی مدد سے عمودی خط $\overleftrightarrow{PQ}$ افقی خط $\overleftrightarrow{XY}$ پر کھینچیں۔
2. سیٹ اسکوائر کی مدد سے ایک خط $\overleftrightarrow{YZ}$، خط $\overleftrightarrow{PQ}$ کے متوازی کھینچیں۔
3. سیٹ اسکوائر کی مدد سے نقطہ E سے گزرتا ہوا خط $\overleftrightarrow{AB}$ دیے ہوئے $\overleftrightarrow{CD}$ کے متوازی کھینچیں۔

www.perfect24u.com

## 6.3 زاویہ

### غیر متوازی خطوط کے ذریعے زاویہ کی شناخت کرنا

دی گئی شکل (i) میں دو غیر متوازی خطوط $\overleftrightarrow{AE}$ اور $\overleftrightarrow{CD}$ کو غور سے دیکھیں۔




جب خطوط کو بڑھائیں تو وہ نقطہ B پر ملتی ہیں اور ان کے ملنے سے زاویہ ABC بنتا ہے۔ پس دو غیر متوازی خطوط کا ایک مشترکہ نقطہ ہوتا ہے۔ یہاں مشترکہ نقطہ B ہے۔

پھر شکل نمبر (ii) دو غیر متوازی $\overleftrightarrow{PE}$ اور $\overleftrightarrow{RD}$ کو غور سے دیکھیں۔ خطوط کو نقطہ Q تک بڑھائیں تو زاویہ PQR ملے گا۔ یہاں نقطہ Q خطوط $\overleftrightarrow{RQ}$ اور $\overleftrightarrow{PQ}$ کا مشترکہ نقطہ ہے۔

### زاویہ AOB، راس O اور بازو $\overrightarrow{OA}$ اور $\overrightarrow{OB}$ کے ساتھ بنانا۔ علامت AOB∠ کی شناخت بطور زاویہ AOB کرنا۔



**سرگرمی** زاویہ بنائیں۔




**مرحلہ 1:** $\overrightarrow{OB}$ کھینچیں۔

**مرحلہ 2:** نقطہ O سے ایک اور $\overrightarrow{OA}$ کھینچیں (جو $\overrightarrow{OB}$ پر نہ ہو)۔

یہ زاویہ AOB یا زاویہ BOA ہے۔

مشترکہ نقطہ O زاویہ AOB کا راس ہے۔ $\overrightarrow{OA}$ اور $\overrightarrow{OB}$ زاویہ AOB کے بازو ہیں۔

زاویہ کی علامت ∠ ہے۔ لٰہذا زاویہ AOB کو اس طرح لکھا جا سکتا ہے:

∠BOA یا ∠AOB

www.perfect24u.com

## مشق 6.6

.1 ذیل میں دیے گئے زاویوں کے راس اور بازوؤں کے نام لکھیں۔




.2 ذیل میں دیے گئے زاویوں کو علامات میں لکھیں۔




### عمودی اور افقی خطوط کے ذریعے قائمہ زاویہ کی شناخت کرنا

ذیل میں دیے گئے عمودی اور افقی خطوط کے جوڑوں کو غور سے دیکھیں۔

جب عمودی اور افقی خطوط ایک نقطے پر ملتے ہیں تو قائمہ زاویہ بناتا ہے۔ شکل نمبر (i) میں ABC قائمہ زاویہ ہے۔




شکل (i)




شکل (ii)

شکل نمبر (ii) میں عمودی اور افقی خطوط کے جوڑے ایک دوسرے کو نقطہ O پر قطعہ کرتے ہیں اور چار قائمہ زاویے بناتے ہیں۔ لہٰذا:

(i) ∠WOY قائمہ زاویہ ہے۔ (ii) ∠XOY قائمہ زاویہ ہے۔

(iii) ∠XOY قائمہ زاویہ ہے۔ (iv) ∠ZOW قائمہ زاویہ ہے۔

www.perfect24u.com

سرگرمی 1 کاغذ کی شیٹ کو موڑ کر چار قائمہ زاویے بنائیں۔




مرحلہ 1: کاغذ کا ایک ٹکڑا لیں۔ پہلے اُسے دو حصوں میں اور پھر چار حصوں میں موڑیں۔

مرحلہ 2: کاغذ کی ان تہوں پر خط لگائیں۔

مرحلہ 3: افقی خط کو $\overleftrightarrow{CD}$ اور عمودی خط کو $\overleftrightarrow{AB}$ کا نام دیں۔ یہ دونوں ایک دوسرے کو نقطہ O پر قطعہ کرتے ہیں۔

مرحلہ 4: یہ چار قائمہ زاویے بناتے ہیں۔

مرحلہ 5: ہم ان کے نام علامتی طور پر یوں لکھ سکتے ہیں:

$\angle AOC$، $\angle COB$، $\angle BOD$ اور $\angle DOA$



نوٹ: ہم ہر قائمہ زاویہ کے راس پر مربع بنا سکتے ہیں۔

## مشق 6.7

1. ذیل میں دیے گئے زاویوں کو غور سے دیکھیں اور جو قائمہ زاویہ ہیں ان تمام پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i)



(ii)



(iii)



(iv)



(v)



(vi)


www.perfect24u.com

**.2** ذیل میں کون سی اشکال قائمہ زاویے کو ظاہر کرتی ہیں؟

(i)



(ii)



(iii)



(iv)



(v)



(vi)



## حادہ زاویہ اور منفرجہ زاویہ کا بذریعہ قائمہ زاویہ مشاہدہ کرنا

### سرگرمی 1

قائمہ زاویہ بنائیں۔



شکل نمبر (i)

مرحلہ 1: افقی خط $\overrightarrow{AB}$ بنائیں۔

مرحلہ 2: نقطہ A سے نقاط والی عمودی خط $\overrightarrow{AC}$ بنائیں۔

مرحلہ 3: ∠BAC ایک قائمہ زاویہ ہے دیکھیں شکل نمبر (i) میں۔

### سرگرمی 2

حادہ زاویہ بنائیں۔



شکل نمبر (ii)

پچھلی سرگرمی کے مطابق زاویہ قائمہ ∠BAC بنائیں۔

مرحلہ 1: $\overrightarrow{AC}$ اور $\overrightarrow{AB}$ کے درمیان تیسرا خط $\overrightarrow{AD}$ بنائیں۔
جیسا کہ شکل نمبر (ii) میں دکھایا گیا ہے۔

مرحلہ 2: اس سے ہمیں ایک اور زاویہ BAD∠ (یا DAB∠) ملا۔

مرحلہ 3: ∠BAD چھوٹا ہے ∠BAC سے کیونکہ قوس (↶)
بازو $\overrightarrow{AC}$ سے پہلے ہی بازو $\overrightarrow{AD}$ پر رک گئی ہے۔

مرحلہ 4: پس ∠BAD چھوٹا ہے قائمہ زاویہ ∠BAC سے۔

مرحلہ 5: لٰہذا ∠BAD مطلوبہ حادہ زاویہ ہے۔

> وہ زاویہ جو قائمہ زاویہ سے کم ہو، وہ حادہ زاویہ کہلاتا ہے۔

www.perfect24u.com

## سرگرمی 3 زاویہ قائمہ کی مدد سے منفرجہ زاویہ بنائیں۔

**مرحلہ 1:** سرگرمی (i) کے مطابق زاویہ قائمہ ∠BAC بنائیں۔ دو سرا زاویہ BAF حاصل کرنے کے لئے زاویہ ABC کے باہر ایک خط AF اس طرح بنائیں کہ ایک اور زاویہ ∠BAC بنے جیسا کہ شکل (iii) میں دکھایا گیا ہے۔

**مرحلہ 2:** زاویہ ∠BAF، m∠BAC سے بڑا ہے کیونکہ قوس بازو $\overrightarrow{AC}$ سے باہر ہے اور بازو $\overrightarrow{AF}$ تک پہنچ رہی ہے۔

**مرحلہ 3:** زاویہ ∠BAF زاویہ قائمہ سے بڑا ہے۔

**مرحلہ 4:** لہٰذا ∠BAF ایک منفرجہ زاویہ ہے۔



شکل (iii)

